بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز بدھ 27 اکتوبر 2021ء 20 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ 109 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

کسی سفارتخانے کو بند کرنے یا سفارتی عملے کو نکالنے کی پوزیشن میں نہیں، شیخ رشید

ہم بین الاقوامی دباؤ میں آجائیں گے، معاملہ پارلیمنٹ میں لے کر جائیں گے تو اپوزیشن اس کو سپورٹ نہیں کرے گی اور پھر یہ معاملہ اٹھ جائے گا، مسئلہ کو مستقل طور پر حل کرنا چاہیے، پریس کانفرنس سے خطاب

فرانسیسی سفارتکار کی ملک سے بے دخلی کے معاملے میں حکومت اور 22 کروڑ کی مجبوریاں ہیں، پاک فوج اور وزیراعظم ایک پیج پر ہیں، عمران خان کی پوری کوشش ہے مہنگائی کو قابو کرے، پوری دنیا مہنگائی کی زد میں ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان کی جانب فرانسیسی سفارتکار کی ملک سے بے دخلی کے معاملے میں حکومت اور 22 کروڑ کی مجبوریاں ہیں، ہم بین الاقوامی دباؤ میں آجائیں گے، ٹی ایل پی کے ساتھ فورتھ شیڈول سمیت دیگر مسائل پر بات کر چکے ہیں

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈی جی آئی ایس آئی کی تعیناتی سے قبل وزیراعظم نے تمام افسران کے انٹرویوز کیے، ترجمان

ملاقات آئی ایس آئی کمان کی تبدیلی کے وقت سے متعلق جاری مشاورتی عمل کا حصہ تھی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان وزیراعظم آفس نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان نے تمام نامزد افسران کے انٹرویوز کرنے کے بعد لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق وزیراعظم عمران خان سے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اصل غصہ نیوزی لینڈ پر تھا، بھارت ویسے ہی راستے میں آگیا، فواد چوہدری

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے ورلڈکپ جیتنے کی پیشگوئی کردی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم کو اصل غصہ تو نیوزی لینڈ پر تھا، بھارت تو ویسے ہی راستے میں آگیا۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے قومی ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ٹیم کو اصل

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شارجہ، پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں نیوزی لینڈ سے میچ جیتنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم ڈی جی آئی ایس آئی تعینات، نوٹیفکیشن جاری

نوٹیفکیشن کا اطلاق 20 نومبر 2021 سے ہوگا، موجودہ ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید 19 نومبر تک اپنے فرائض انجام دیں گے

وزیراعظم سے آرمی چیف کی ملاقات آئی ایس آئی کمان کی تبدیلی کے وقت سے متعلق جاری مشاورتی عمل کا حصہ تھی، ترجمان وزیراعظم آفس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ڈائریکٹر جنرل آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کی تقرری کی منظوری دیدی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ منگل کو وزیراعظم ہاؤس نے لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کی ڈی جی آئی ایس آئی کی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں



گورنر بلوچستان ظہور آغا یونیورسٹی آف بلوچستان کے سترھویں اٹھارویں کانووکیشن کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سردار یار محمد رند سے جام کمال خان سمیت دیگر کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند سے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سمیت دیگر کی ملاقات،

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جام کمال کا استعفیٰ، پی ڈی ایم نئے وزیراعلیٰ کو ووٹ دے گی یا نہیں

جے یو آئی، بی این پی اور پختون خوا میپ کا مشاورت کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) جام کمال کے استعفے کے بعد بلوچستان میں نئی حکومت کے قیام کے معاملے پر نئے وزیراعلیٰ کو ووٹ دینے یا نہ دینے کیلئے جے یو آئی ف، بی این پی مینگل اور پختونخواہ میپ نے مشاورت کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ جاری بیان کے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئی شرعی وراثتی جائیداد کی تقسیم کے قانون کو تبدیل نہیں کرسکتا، سپریم کورٹ

جرگے کا فیصلہ دین الٰہی سے بڑا نہیں ہوسکتا اور اس کے ذریعے دین الٰہی کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

عدالت نے سوات کے حبیب اللہ مرحوم کی جائیداد کو تمام قانونی ورثاء کے مابین شرعی اصول کے تحت تقسیم کرنے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے اہم فیصلہ سنایا ہے کہ کوئی عدالت یا جرگہ شرعی وراثتی جائیداد کی تقسیم کے قانون کو تبدیل نہیں کرسکتا۔ سپریم کورٹ میں سوات میں جائیداد کی تقسیم سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ، جسٹس یحییٰ آفریدی پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیے کہ جرگے کا فیصلہ دین الٰہی سے بڑا نہیں ہوسکتا، اور اس کے ذریعے دین الٰہی کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا، جائیداد کی تقسیم سے متعلق دستاویزات پر سات سالہ بچے کا انگوٹھے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

زینب کے ریپ اور قتل کا جرم ثابت ہونے پر 2 مجرموں کو سزائے موت سنادی گئی

راولپنڈی (این این آئی) عدالت نے راولپنڈی کے علاقے جھنڈ چیچی میں 9 سالہ بچی زینب کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نئے قائد ایوان زلزلہ متاثرین کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کرینگے، نور محمد دمڑ

ضلع ہرنائی ہمارا حلقہ انتخاب کا حصہ ہے ضلع ہرنائی کے زلزلہ متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گے، رکن بلوچستان اسمبلی

زلزلہ متاثرین کی بحالی کیلئے تمام تر اقدامات کرونگا متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھونگا، پیکج کی منظوری کیلئے بھرپور کوشش کرونگا

ہرنائی (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنماء رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ نئے قائد ایوان اور صوبائی حکومت کی تشکیل کے بعد ضلع ہرنائی کے زلزلہ متاثرین کی بحالی، شہداء اور زخمیوں کیلئے خصوصی پیکج کی منظوری کیلئے بھرپور کوشش کرونگا زلزلہ متاثرین کی بحالی کیلئے تمام تر اقدامات کرونگا متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھونگا بلوچستان عوامی پارٹی اور اتحادی جماعتوں کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے لئے میر قدوس بزنجو کے نام پر اتفاق کا خیر مقدم کرتے ہیں میر قدوس بزنجو سنیئر

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شاہینوں کی شاندار فتح، نیوزی لینڈ کے تمام اسکور کی ٹی خدشات دور

کپتان بابراعظم کا ٹاس جیت کر بولنگ کا فیصلہ، نیوزی لینڈ نے پاکستان کیخلاف مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 134 رنز بنائے

پاکستان نے آخری اوورز میں شعیب ملک اور محمد آصف کی ذمہ درانہ بیٹنگ کی بدولت 135 رنز کا ہدف 19 ویں اوورز میں مکمل کرلیا، حارس رؤف مین آف دی میچ قرار

شارجہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹی 20 ورلڈ کپ کے دوران پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان ہونیوالے میچ میں پاکستان نے نیوزی لینڈ کو 5 وکٹوں سے شکست دیدی، تفصیلات کے مطابق شاہینوں کی نیوزی لینڈ کیخلاف شاندار فتح آئی سی سی T-20 ورلڈ کپ میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاکستان نے کیویز کو دبوچ ہی لیا۔ شارجہ میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان کے کپتان بابراعظم نے نیوزی لینڈ کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا جبکہ قومی ٹیم میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ نیوزی لینڈ نے پاکستان کیخلاف مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آئندہ برس ورلڈ یوتھ ڈے کی میزبانی پاکستان کو ملنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) آئندہ برس ورلڈ یوتھ ڈے کی میزبانی پاکستان کو ملنے کا امکان ہے، ورلڈ بینک اور یورپی یونین کے بعد کامن ویلتھ بھی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے 5 نومبر کو ملک بھر میں ہڑتال کی کال دیدی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی سرکار نے تین سالوں میں ڈیلرز کمیشن کیوں نہیں بڑھایا؟، پیٹرولیم

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

خورشید شاہ کی نوڈیرو ہاؤس میں بلاول بھٹو زرداری سے کی ملاقات

بلاول بھٹو زرداری نے خورشید شاہ کو ضمانت کے بعد جیل سے رہائی پر مبارک باد دی

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر سید خورشید شاہ نے منگل کو نوڈیرو ہاؤس میں پاکستان کے چیئرمین

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی کی تصدیق وفاقی ادارہ شماریات بھی کر رہا ہے، حافظ حمد اللہ

ملکی تاریخ کی بدترین بے لگام مہنگائی کی سونامی نے عوام کو نچوڑ کر رکھ دیا ہے، ترجمان پی ڈی ایم

مہنگائی میں دن بدن اضافہ کے باعث غریب اور پسماندہ عوام کیلئے اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنا مشکل ہوچکا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم کے ترجمان حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ ملکی تاریخ کی بدترین بے لگام مہنگائی کی سونامی نے عوام کو نچوڑ کر رکھ دیا ہے، مہنگائی کی تصدیق وفاقی ادارہ شماریات بھی کر رہا ہے، مہنگائی میں دن بدن اضافہ کے باعث غریب اور پسماندہ عوام کیلئے اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنا مشکل ہوچکا ہے۔ ملک میں بدترین مہنگائی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ نے کہا کہ مہنگائی کی سونامی نے عوام کو نچوڑ کر رکھ دیا ہے اس لئے عوام، تنگ آمد بجنگ آمد، کے مصداق بن کر احتجاجی مظاہروں کے ذریعے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

این اے 133 کا ضمنی انتخاب ای وی ایم سے کرایا جائے، شبلی فراز

پائلٹ پراجیکٹ کا مقصد یہی ہے جو مشکلات آئیں وہ حل کروائی جائیں، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شبلی فراز نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن این اے 133 کا ضمنی انتخاب الیکٹرانک ووٹنگ مشین

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس

کالعدم تنظیم کے احتجاج اور تاجروں کی جانب سے اعلان کردہ دھرنے کے خلاف حکمت عملی پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت بنی گالا میں اجلاس ہوا ہے جس میں کالعدم تنظیم کے احتجاج اور تاجروں کی جانب سے اعلان کردہ دھرنے کے خلاف حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری (آج) یوم سیاہ منائیں گے

پاکستان کی جیت پر جشن منانے پر بھارت 80 لاکھ کشمیریوں کے خلاف مقدمہ چلائے

سرینگر (این این آئی) کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری (آج) 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منائیں گے تاکہ دنیا کو یہ پیغام

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہم مذاکرات کیلئے تیار ہے، کیا بھارت بھی تیار ہے، اسد عمر کا سوال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، یورپین یونین کے تعلقات دیرپا، انتہائی دوستانہ رہے ہیں، اندرولا کامینارا

بیوٹمز انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اور دیگر جدید علوم کی فراہمی کو بہترین انداز میں ممکن بنا رہا ہے، سفیر یورپین یونین

یورپین یونین پاکستان میں ترقیاتی منصوبہ جات کی صورت سیاسی، سٹرٹیجک اور معیشت کی بحال سمیت دیگر شعبہ جات میں اپنا حصہ ڈال رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان اور یورپین یونین کے تعلقات دیرپا اور انتہائی دوستانہ رہے ہیں جو وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں یورپین یونین پاکستان میں ترقیاتی منصوبہ جات کی صورت سیاسی، اسٹریٹیجک اور معیشت کی بحالی سمیت دیگر شعبہ جات میں اپنا حصہ ڈال رہا ہے 2001 سے لیکر اب تک یوپین یونین 1.9 بلین یورو پاکستان ترقیاتی تعاون کی مد میں فراہم کر چکا ہے جس دیہاتی ترقی سمیت تعلیم اور دیگر شعبہ جات شامل ہیں یورپین یونین پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کی بہتری اور فراہمی پر خصوصی توجہ مختص کیے ہوئے ہے اس امر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت میں تعصب کو ہوا دی جارہی ہے جس کے سنگین نتائج برآمد ہونگے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ بھارت میں تعصب کو ہوا دی جارہی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جو مسودہ حکومت نے عوام کو لا وارث چھوڑ دیا ہے، بلاول بھٹو زرداری

جمعہ کو مہنگائی کے خلاف احتجاج کرکے ہم پوری دنیا کو پیغام دیں گے کہ عوام نے اس سلیکٹڈ حکومت کو مسترد کردیا ہے

پیپلزپارٹی کے کارکن عوام میں میرے سفیر ہیں، عوام میں آپ کی حیثیت میرے نمائندے کی ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹوزرداری نے کہا ہے کہ جمعہ 29 اکتوبر کو مہنگائی کے خلاف احتجاج کرکے ہم پوری دنیا کو پیغام دیں گے کہ عوام نے اس سلیکٹڈ حکومت کو مسترد کردیا ہے۔ پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے منگل کو یوسی 5 رحمت پور میں واقع درگاہ پیر مٹھا سائیں میں پیر عبدالغفار مٹھا سائیں کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے کارکنان وعہدیداران کے اجلاس کی صدارت کی، اس موقع پر یوسی صدر رفیق کرمانی، جنرل سیکرٹری ضمیر حسین سموں بھی موجود

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

زرداری نے درخواستِ بریت مسترد کرنے کا فیصلہ چیلنج کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین، سابق صدر آصف علی زرداری نے اپنے خلاف 8 ارب سے زائد کی مشکوک ٹرانزیکشن

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، پاک افغان سرحد کی بندش کے خلاف بند درہ کوژک دوسرے روز سہ پہر کے وقت آل پارٹیز کی جانب سے مذاکرات کے بعد کھولا جارہا ہے

کوئٹہ وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق بازئی یورپین یونین کی سفیر کو بیوٹمز میں جاری بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کی شرائط کے باعث ملکی حالات سازگار نہیں، گیلانی

عوام کے حقوق کے لئے ہماری پارٹی احتجاج کی کال دے چکی ہے، سابق وزیراعظم

اس سلسلہ میں ہمیں نہ تو پہلے اعتماد میں لیا گیا اور نہ ہی اب اس بارے میں اعتماد میں لیا گیا ہے

خانیوال (این این آئی) آئی ایم ایف کی شرائط کے باعث ملکی حالات سازگار نہیں، عوام کے حقوق کے لئے ہماری پارٹی احتجاج کی کال دے چکی ہے۔ ان

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام کو اپنے جمہوری و معاشی حقوق چھین کر لینا ہوں گے، بلاول بھٹو زرداری

29 اکتوبر کو پی پی پی کے تحت ہونے والا مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ تاریخی حیثیت کا حامل ہوگا

لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عوام کو اپنے جمہوری و معاشی حقوق چھین کر لینا ہوں گے۔ 29 اکتوبر کو پی پی پی کے تحت ہونے والا مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ تاریخی حیثیت کا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیپرا نے کراچی کے بجلی صارفین کیلئے ٹیرف میں اضافہ کردیا

جولائی کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 69 پیسے فی یونٹ مہنگی

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے کراچی کے بجلی صارفین کیلئے ٹیرف میں اضافہ کردیا، جولائی کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 69 پیسے فی یونٹ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نور مقدم قتل کیس میں سی سی ٹی وی فوٹیج فراہم کرنے کی ملزمان کی درخواست مسترد

اسلام آباد (این این آئی) نور مقدم قتل کیس میں سی سی ٹی وی فوٹیج فراہم کرنے کی ملزمان کی درخواست

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

میرے خیال میں اس طرح کی بات چیت کرنا ہمارے لیے اچھا ہوگا، امریکی سینٹر

جو بائیڈن پاکستان امریکہ تعلقات دوبارہ استوار کرنے کیلئے وزیراعظم عمران خان سے بات کریں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹر باب مینینڈیز

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دنیا میں کہا جارہا ہے ملکی معاملات تعویذ اور جنات کے ذریعہ چلایا جارہا ہے، زاہد خان

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نکاح نامے میں بھی ختم نبوت کا کالم شامل کرنا بہت ضروری ہے، پرویز الٰہی

قرآن ایکٹ، ختم نبوت کے حوالے سے متعلق قانون متفقہ طور پر پاس کیا، سپیکر

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی کی زیر صدارت پنجاب اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا۔ سپیکر چودھری پرویز الٰہی نے آغاز میں

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لوگوں کو گھروں سے باہر جانے کی اجازت نہیں، مشعال ملک

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج نے گزشتہ دو ہفتوں میں تیس سے زائد کشمیریوں کو شہید کیا

اسلام آباد (این این آئی) کشمیری رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج نے گزشتہ دو ہفتوں میں تیس سے زائد

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد سے کالعدم ٹی ٹی پی کے 2 دہشت گرد گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اسلام آباد کے ایس ایس پی جمیل ملک

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات

دو طرفہ تعاون کے فروغ سمیت اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال

تہران (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان کو انسانی بحران سے بچانے کیلئے مدد کرنی ہوگی، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت نے 3 ماہ میں مزید 3 ارب 10 کروڑ ڈالر قرض لے لیا

حکومت کو مختلف ممالک اور ملٹی لیٹرل اداروں سے 10 کروڑ ڈالر کی گرانٹس ملیں

حکومت نے کمرشل بینکوں سے 45 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل کیا ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کے مالی ضروریات پوری کرنے کے لئے رواں مالی سال 2022-21 کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران مجموعی طور پر 3 ارب 10 کروڑ ڈالر کا قرض لیا ہے۔ اقتصادی امور ڈویژن نے قرضوں سے متعلق تفصیلات جاری کردی ہیں جن میں بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال کے پہلے 3 ماہ (یکم جولائی سے 30 ستمبر) تک پاکستان کو

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند میر سلیم کان کھوسہ کی بھابھی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

حکومت کے پاس نااہلی کے سوا کچھ نہیں، اسفندیار ولی

حکومت نے تین سال میں عوام کو عذاب، مہنگائی اور ٹیکسز کے سوا کچھ نہیں دیا، مرکزی صدر

کشکول توڑنے والوں نے رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں تین ارب 10 کروڑ ڈالر کا قرضہ لیا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اسفندیار ولی خان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے تین سال میں عوام کو عذاب، مہنگائی اور ٹیکسز کے سوا کچھ نہیں دیا، تین سال میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں 133 فیصد بڑھ چکی ہیں، حکومت کے پاس نااہلی کے سوا کچھ نہیں۔ باچا خان مرکز پشاور سے جاری بیان میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اسفندیار ولی خان نے کہا کہ گھی، چینی، آٹا، دالیں، پیاز، چاول، ٹماٹر غرض کوئی ایسی چیز نہیں جو سستی ہوئی ہو۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 47.8 فیصد تک اضافہ کیا گیا لیکن آج بھی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

گیا مضمون میں صرف تین چار اشیاء کے مہنگے ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے، اعداد و شمار سے ہٹ کر غلط ہیڈ لائن لگا کر سنسنی پھیلانے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کا درست موازنہ سی پی آئی سے ہی کیا جاسکتا ہے جو کہ 365 آئٹمز اربن میں 244 آئٹمز رورل میں لے کر مرتب کی جاتی ہے، اس وقت صورتحال یہ ہے کہ دنیا مہنگائی کی لپیٹ میں ہے، چین سے جرمنی تک کئی دہائیوں کے مہنگائی کے ریکارڈ ٹوٹ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں موجودہ مہنگائی نو فیصد کے حساب سے ہے جو کم و بیش اس سال کے ٹارگٹ کے قریب اور گزشتہ سال سے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مہنگائی کے باوجود حکومت اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لا رہی ہے تا کہ مہنگائی کے اثرات عوام تک کم سے کم پہنچیں۔ حکومت کی مسلسل کوششوں کی وجہ سے آٹا، چینی اور سبزیوں کی قیمتوں میں کمی آنا شروع ہوگئی ہے، آئندہ آنے والے دنوں میں کھانے کا گھی اور تیل کے ٹیکسز کی شرح کو کم کرنے کے لئے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں، حکومت عوام کو ٹارگٹڈ سبسڈی کے ذریعے ریلیف دینے کی پالیسی پر عملدرآمد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی فی کس آمدنی میں اضافہ مہنگائی کی شرح سے نسبتاً زیادہ ہوا ہے، اگر ماضی پر نگاہ ڈالی جائے تو مختلف ادوار میں مہنگائی کی شرح آج سے کئی زیادہ رہی ہے۔

بقیہ 2

ٹی آئی انتخابی اصلاحات کے معاملے پر دیگر سیاسی جماعتوں سے مشاورت کی قائل نہیں۔ موجودہ حکومت کے دور میں پارلیمنٹ کو نظرانداز میں کیا گیا۔ ایوان صدر آرڈیننس فیکٹری میں تبدیل ہو چکا ہے۔ تمام قانون سازی پارلیمنٹ کی بجائے صدارتی آرڈیننسز سے ہو رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے اسلام آباد میں چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ قبل ازیں نائب امیر جماعت اسلامی نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے ملاقات کی اور انھیں جماعت اسلامی کی طرف سے تیار کی گئی الیکشن اصلاحات کا ڈرافٹ پیش کیا۔ نائب امرا جماعت اسلامی میاں محمد اسلم اور ڈاکٹر فرید پراچہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی شفاف انتخابات چاہتی ہے۔ ہم نے الیکشن میں اصلاحات کے لیے ایک جامع پیکیج تیار کیا ہے جو چیف الیکشن کمشنر کو پیش کر دیا۔ اس سے قبل انتخابی اصلاحات کا ڈرافٹ تمام سیاسی جماعتوں سے بھی شیئر کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی سب سے اہم ضرورت شفاف انتخابات کا انعقاد ہے۔ الیکشن میں دھونس، دھاندلی، زور اور زر کو ختم کیے بغیر ملک آگے نہیں جاسکتا۔ ملک میں ہر الیکشن میں دھاندلی ہوتی ہے۔ دولت کی ریل پیل کے بغیر کوئی امیدوار الیکشن میں حصہ نہیں لے سکتا۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت کو اسلامی اصولوں کے تابع کیے بغیر ترقی کی منزل حاصل نہیں کی جا سکتی۔ موجودہ حکومت ماضی کی حکومتوں کا تسلسل ہے۔ حکومت ہر میدان میں ناکام ہو چکی ہے۔ اس حکومت نے کشمیر کا سودا کیا۔ پاکستان کی کمزور معیشت کو تباہی کے دھانے پر پہنچایا۔ پی ٹی آئی کی حکومت نے بیڈ گورننس کی تاریخ رقم کی۔ وزیر اعظم تمام تر دعوؤں کے باوجود کرپشن کا خاتمہ نہیں کر سکے۔ انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کر رہی ہے۔ ہم عوام کا مقدمہ ہر فورم پر لڑے گی۔

بقیہ 3

متعلق اجارہ داری کے خاتمے پر بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کو ایوی ایشن پالیسی اور عملدرآمد سے متعلق بریفنگ دی جائے گی، کابینہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے بورڈ آف ایڈمنسٹریٹر کی تشکیل نو کی منظوری دے گی، کابینہ ریڈیو اور پی ٹی وی کی زمین پر ہاؤسنگ سکیم کے اجرا کی منظوری دے گی، کابینہ انٹرسٹیٹ گیس سسٹم کے ایم ڈی کی تقرری کی منظوری دے گی، سینڈک میٹل لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں ایک ڈائریکٹر کی تقرری کی منظوری دے گی، کابینہ پی پی آئی بی اور نیکا کی چیئرمین شپ سے وزیر توانائی کے استعفیٰ کی منظوری دے گی، کابینہ کو وزارتوں اور ڈویژنز میں سی ای اوز یا ایم ڈیز کی خالی ویکنسیوں کے بارے بریفنگ دی جائے گی، پینل سرچارج کے خاتمے سے متعلق ریونیو ڈویژن کی سمری بھی ایجنڈے میں شامل ہے، نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تقرری اور کابینہ کمیٹی برائے توانائی کے فیصلوں کی توثیق بھی ایجنڈے میں شامل ہوگی۔

بقیہ 4

مارکیٹوں وغیرہ میں ویکسین لگانے کا عمل جاری رکھا۔ اسکولوں میں پندرہ سال کی عمر اوران سے زائد کے بچوں کو ویکسین لگائی گئی جن میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کیچی بیگ شامل تھے۔ صوبائی انتظامیہ کے مطابق جن افراد نے ویکسین نہیں لگائی ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس کے علاوہ ان کا داخلہ پبلک پارکس، مارکیٹوں، بس اڈوں وغیرہ میں ممنوع ہوگا۔ صوبائی انتظامیہ کی جانب سے اس ویکسین کی مہم کو کامیاب بنانے کے لئے حتی الامکان کوششیں کی جاری ہیں اور کورونا کے ضابطہ اخلاق ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ صوبائی انتظامیہ کے جاری کردہ احکامات کے پیش نظر 30 اکتوبر تک ویکسی نیشن لگوانے کے عمل کو مکمل کرلیا جائے گا تاکہ اس مہلک مرض کے مزید پھیلاؤ کو روکا جاسکے۔

بقیہ 5

مصطفیٰ؟ کانفرنس کے مہمان خاص جماعت اسلامی بلوچستان کیصوبائی جنرل سیکریٹری مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجی؟ ر عبدالمجید بادینی تھے کانفرنس میں سکول کے بچوں نے سیرت النبی؟ کے ذات مبارکہ پہ روشنی ڈالی اور بارگاہ رسالت میں نعت خوانوں نے گہائے عقیدت پیش کیاس موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ انجین؟ رعبدالمجید بادینی محمد ایوب منصور علامہ مقصود احمد ڈوکی میر مٹھا خان بادینی ودیگر نے آقا دو جہاں حضرت محمد؟ کی حیات طیبہ سیرت النبی؟ کی شان بیان فرماتے ہوئے شرکاء کو کہنا تھا کہ آپ؟ کی آمد دنیا کے لئے باعث رحمت ہے رحمت العالمین بن کر آئے آقا کی آمد سے دنیا میں جہالت کی خاتمے اور دین اسلام کی سر بلندی کیلئے اللہ کا پورا دین ہم سب کو پہنچایا ہمیں آنحضور؟ کی بتائے ہوئے راستوں پر زندگی گزارنا ہوگا نبی کریم؟ کی سیرت اور پیغام پر غور و فکر کرنے کے بعد اس بات کو سمجھنا کچھ مشکل نہیں رہتا کہ آپ؟ نے دنیا والوں کو جو کچھ دیا وہ ہر اعتبار سے انمول بیش بہا اور لائق تحسین ہے سیرت کانفرنس کے اختتام پر مقررین نے ملک وقوم کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی اور غربا مساکین میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا

بقیہ 6

کمشنر سنی جلیل احمد، میجر رسالدار بھی حفیظ اللہ عباسی، صدر پریس کلب ڈھاڈر بولان محمد عارف بنگلزئی، اپیکا کے نمائندہ عبدالحئی گولہ اور دیگر موجود تھے اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر نے کہا کہ لیویز بھی نے پہلے بھی قیام امن کیلئے گرانقدر خدمات انجام دیں اور بہت سے قربانیاں دے کر بھی ڈھاڈر میں امن بحال کیا ہے اسی طرح محدود وسائل میں رہتے ہوئے ڈھاڈر کے عوام کو امن کا تحفہ دیا انہوں نے کہا ہے کہ میرا مشن ہی ڈھاڈر میں امن کی بحالی ہے اس کے علاوہ دیگر عوامی جائز مسائل کو حل کرنے اور سائلین کیلئے میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں جب بھی کسی کو میری ضرورت پڑے میں ہمہ وقت اس کی خدمت کیلئے حاضر ہوں قیام امن میں انتظامیہ کی طرح میڈیا کا بھی بڑا رول ہے صحافی معاشرے کی آنکھ کان اور ناک ہوتے ہیں میڈیا کے ذریعے جرائم کی نشاندہی کر کے ہم اپنا مشن پورا کریں گے اور میڈیا کی تعاون ہی سے تمام برائیوں کا خاتمہ ضروری ہے جس کیلئے صحافی برادری کے کردار سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 7

رہا۔ ملزمان کی عدم پیشی پر احتساب عدالت نے ریفرنس کی مزید سماعت 25 نومبر تک ملتوی کردی اور آئندہ سماعت پر ملزمان کو پیش ہونے کا حکم دیا۔ واضح رہے کہ ریفرنس میں آغا سراج درانی سمیت 11 ملزمان مفرور ہیں، جبکہ سندھ ہائیکورٹ نے ملزمان کی درخواست ضمانت مسترد کر دی تھی۔

بقیہ 8

دوران چڑیا گھر میں مزید تفریحی سہولتیں بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی جانب سے کے ایم سی کے متعلقہ تمام ڈائریکٹرز کو بھی طلب کیا گیا تھا، اجلاس میں کے ایم سی کے میٹروپولیٹن کمشنر بھی موجود تھے۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ چڑیا گھر میں دستیاب سہولتوں کو مزید بہتر کیا جائے، شہریوں کو اچھی تفریح مہیا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چڑیا گھر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید بہتر کیا جائے، کسی بھی وقت چڑیا گھر کا سرپرائز وزٹ کروں گا۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ صفائی ستھرائی، جانوروں کے چارے اور انتظامات سے متعلق کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔

بقیہ 9

پنجاب کے 20 محکمے اور صنعتی سیکٹر دوبئی ایکسپو میں دستاویزی فلموں کے ذریعے صوبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع اجاگر کریں گے۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت میاں اسلم اقبال نے پنجاب حکومت کی دوبئی ایکسپو میں شرکت کے حوالے سے تیاریوں کے حوالے سے جاری بیان میں کہا کہ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ نے سرمایہ کار دوست ماحول اور کاروبار میں آسانی کے لئے خصوصی پورٹل پنجاب ایز تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سردار عثمان بزدار دوبئی ایکسپو کے دوران پنجاب ایز کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ خصوصی پورٹل پنجاب ایز کے ذریعے عالمی سرمایہ کاروں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کے مختلف مواقع کے بارے میں راہنمائی فراہم کی گی۔ دوبئی ایکسپو میں پنجاب حکومت درجنوں سیمینارز، مذاکراتی نشستوں اور کاروباری فورم کا اہتمام بھی کرے گی۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام انٹرنیشنل بزنس کانفرنس میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے سرمایہ کار شرکت کریں گے۔ ان سرمایہ کاروں کو پنجاب میں سیاحت کے مواقعوں، قدیم ثقافتوں کے نشانات، شجر کاری مہم، شمسی توانائی اور ماحولیاتی تحفظ کے منصوبوں سے آگاہی دی جائے گی۔

بقیہ 10

وسیم احسن چیمہ نے بتایا کہ ٹیموں نے ضلع بھر میں انسپکشن کے دوران ماحول کو آلودہ کرنے اور سموگ کا موجب بننے پر بائی پاس جھنگ روڈ پر الفرید سائزنگ یونٹ کو سیل کرادیا جبکہ مختلف علاقوں میں تین بھٹے زگ زیگ ٹیکنالوجی کے بغیر چلتے پائے گئے جن کے مالکان کے خلاف مقدمات درج، چک 7 ج۔ب میں جناح برکس کو 50 ہزار روپے جرمانہ کرنے کے علاوہ شاہرات پر وہیکلز کی چیکنگ کرتے ہوئے 20 کے چالان اور 11 ہزار روپے کے جرمانے کئے۔

بقیہ 11

جیکسن تھانے میں تعینات پولیس کانسٹیبل 23 سالہ سہیل خان ولد ندیم کو قتل جبکہ سٹی کورٹ تھانے میں تعینات پولیس اہلکار شہباز کو زخمی کردیا تھا۔ سہیل کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مواچھ گوٹھ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ بوٹ بیسن پولیس نے ایک پولیس اہلکار کو قتل اور دوسرے کو زخمی کرنے کے واقعہ کا مقدمہ الزام نمبر 21/842 بجرم دفعہ 302 کے تحت برقعہ پوش نامعلوم ملزم کے خلاف درج کر کے تفتیش شروع کردی۔ پولیس کے مطابق پیر کی شام ساڑھے سات بجے کے قریب مقتول اہلکار کو کسی نے فون کر کے کیماڑی سکندر آباد بلایا تھا۔ مقتول اہلکار اپنے دوست شہباز کے ساتھ وہاں پہنچا تھا۔ اچانک برقعہ پہنے شخص نے پولیس اہلکاروں پر تیز دھار آلہ کے وار سے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار سہیل خان جاں بحق اور اہلکار شہباز زخمی ہوگیا جبکہ حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ ابتدائی طور پر پولیس نے ذاتی دشمنی کا شاخسانہ قرار دیا تھا۔ پولیس نے مقتول پولیس اہلکار کا موبائل کال ڈیٹا حاصل کرنے کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کرلیا ہے، کال ریکارڈ ڈیٹا حاصل ہونے کے بعد تفتیش میں پیش رفت کا امکان ہے۔

بقیہ 12

عدالت سے ضمانت کی خبر ملتے ہی پاسبان ورکرز کی بڑی تعداد سانگھڑ جیل پہنچ گئی۔ جہاں انہوں نے اپنے ہر دلعزیز رہنماؤں کا شاندار استقبال کیا۔ اس موقع پر شہریوں کی بھی بڑی تعداد استقبال کے لئے موجود تھی۔ بعد ازاں پاسبان رہنماؤں کے اپنے علاقہ پہنچنے پر بھی ان کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ عوام نے پاسبان رہنماؤں کو پھولوں سے لاد دیا۔ پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور بھی پہنچ گئے اور رہنماؤں کو آزادی کی مبارکباد دی۔ اپنے قائد کو اپنے درمیان پا کر ورکرز کا جوش و خروش قابل دید تھا۔ اس موقع پر پاسبان کے وائس چیئرمین رفیق خاصخیلی، حیدر آباد کے صدر ارشد آرائیں، رہنما نوید احمد آرائیں، رفیق احمد، ظفر احمد، جاوید ملک، و دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ رفیق خاصخیلی نے کہا کہ سندھ کے عوام جب تک اپنے بچوں کو علم کے زیور سے آراستہ نہیں کریں گے تب تک وہ نسل در نسل غلامی کی چکی میں پستی رہیں گے۔ عوام کے ٹیکسوں پر پلنے والے، سرکاری اسکولوں کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھ کر ان پر قبضہ جمائے بیٹھے ہیں۔ وہ اسکولوں کو اپنی اوطاق اور باڑے بنانے پر تلے ہوئے ہیں۔ عوام کو اپنے بچوں کو علم کی روشنی سے منور کرنے کے لئے آواز بلند کرنی ہی ہوگی۔ کرپٹ سیاسی وڈیرہ شاہی اور سیاسی دباؤ کا شکار پولیس کے مظالم سے چھٹکارے کا واحد حل تعلیم یافتہ باشعور لیڈرشپ ہی کرسکتی ہے۔ سندھ پولیس کی کارکردگی، سیاسی دباؤ سے آزادی اور شفاف انتخابات کیلئے اے ڈی خواجہ کو IG سندھ تعینات کیا جائے۔

بقیہ 13

خلاف کارروائی کروں یا کام کروں؟ انہوں نے کہا کہ عدالت نے دوسرے اداروں کی عمارتوں سے متعلق بھی فیصلہ دیا تھا، اس فیصلے پر عملدرآمد کیوں نہیں ہوتا عدالت سے پوچھیں، میں کام کرنے کو ترجیح دوں گا، میں کام کرنا چاہتا ہوں، کام کر کے اس ادارے کو اپنے پاؤں پر کھڑا کروں گا۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی نے کہا کہ کارروائی کرنے کی کوشش کی تو لوگ عدالت سے حکم امتناع حاصل کرلیتے ہیں،

جب مافیاز کے خلاف کارروائیاں کی جاتی ہیں تو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے، مجھے بھی دھمکیاں دی گئیں۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ کے ایم سی کے وسائل بڑھائے جائیں، ہم ٹیکس جمع کرنے جاتے ہیں تو اسد عمر، عمران اسماعیل بیچ میں آجاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کل مجھے چیف جسٹس نے سپریم کورٹ بلایا تھا، مجھ سے سوالات پوچھے گئے کہ کراچی میں کیا ہورہا ہے، کوشش کی کہ سپریم کورٹ کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دے سکوں مگر مجھے عدالت میں بولنے نہیں دیا گیا، اگر بولنے دیا جاتا تو بتاتا کہ کے ایم سی نے کیا کیا۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ لیاری ایکسپریس وے کے ایم سی اور کراچی پولیس کے کنٹرول میں نہیں آتا، یہ ایکسپریس وے این ایچ اے کے کنٹرول میں آتا ہے، میں نے این ایچ اے سے کہا کہ لیاری ایکسپریس وے پر ہیوی ٹریفک کی اجازت کیوں نہیں، گورنر صاحب نے بھی لیاری ایکسپریس وے کو ہیوی ٹریفک کیلئے استعمال کرانے کی کوشش کی مگر گورنر صاحب کی این ایچ اے نے بات نہیں سنی۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی نے بتایا کہ سندھ حکومت مختلف پروجیکٹس پر کام کررہی ہے۔

بقیہ 14

گریڈ 14 فائر الارم پینل اٹینڈنٹ کو گریڈ 10 سے گریڈ 14 ہیڈ فائرمین کو گریڈ 7 سے گریڈ 11 اور فائر مین کو گریڈ 5 سے گریڈ 9 میں ترقی دی جائے گی جس کے تحت مذکورہ ملازمین کی سنیارٹی لسٹیں تیار کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے فٹنس سرٹیفکیٹس بھی حاصل کئے جائیں گے۔

بقیہ 15

ڈی ٹائپ کالونی کی تزائین و آرائش کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر مرکزی رہنما پی ٹی آئی میاں نبیل ارشد، صدر پارک صوفی محمد انور، میاں جاوید سمیت دیگر معززین علاقہ بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں زیادہ سے زیادہ پودے لگانے، پارکوں کی تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش وزیر اعظم عمران خان کا وژن ہے۔ حلقہ کے لوگوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے ساتھ ساتھ پارکوں کی دیکھ بھال میں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مہنگائی عالمی مسئلہ ہے جس کے باعث پاکستان بھی متاثر ہورہا ہے، مہنگائی کنٹرول کرنے کے لئے وزیر اعظم عمران خان اوران کی ٹیم ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کررہی ہے۔ پی ڈی ایم کے مردہ گھوڑے کو مہنگائی کی آڑ میں کھڑا کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن مہنگائی کا ڈھول پیٹ کر عوام کو بے وقوف نہیں بنا سکتی۔ پی ڈی ایم معصوم بن کر مہنگائی کا واویلا مچا کر سیاسی عزائم پورے کرنا چاہتی ہے مگر وہ یاد رکھے کہ عوام اب باشعور ہو چکے ہیں وہ مزید ان کے جھانسے میں نہیں آئیں گے۔ صدر پارک صوفی محمد انور اور میاں جاوید سمیت دیگر معززین نے وزیر مملکت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مزید عوامی خدمت کے منصوبوں کو جلد مکمل کرائیں گے۔

بقیہ 16

عزیز (ڈائریکٹر کیو اے سی)، رجسٹرار محمد آصف، ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر مرید عباس نے پینل کا استقبال کیا۔ سرگرمی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ میٹنگ کا آغاز ڈین مکینیکل انجینئرنگ ڈاکٹر ندیم احمد مفتی کی سربراہی میں ہوا۔ ایچ ای سی کے چھ رکنی پینل نے تین ایام تک یو ای ٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس اور لائبریری کی کارکردگی کو جانچا۔ مزید برآں فیکلٹی ممبران، طلباء، نان ٹیچنگ سٹاف کے ہیڈ کے مابین خصوصی سیشن منعقد ہوئے۔ بعد ازاں وائس چانسلر یو ای ٹی لاہور ڈاکٹر سید منصور سرور کی سربراہی میں وی سی کانفرنس روم میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ریویو پینل کے کنوینر ڈاکٹر ریاض نے اپنے تاثرات بیان کئے اور شاندار پرفارمنس پر یونیورسٹی کی کارکردگی کو سراہا۔ پروفیسر ڈاکٹر سید منصور سرور نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور کے پینل اور کوالٹی انہاسمنٹ سیل کی کاوشوں کو سراہا۔ اجلاس کے اختتام میں یادگاری شیلڈز بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 17

پاکستان کی نوجوان نسل کو دوسروں کی خدمت کے اہداف کے حصول کا عزم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ محنت اور عزم وہ صفات ہیں جو کسی بھی انسان کو اپنے مقاصد حاصل کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ وہ اپنی زندگی میں سخت محنت اور لگن کو اپنا اشعار بنا کر اپنے مقاصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں خود بھی تعلیم سے بے پناہ لگاؤ ہے، جس کی بدولت استاد کا مرتبہ حاصل کرنے میں کامیابی حاصل ہوئی۔ صوابی میں 4 ڈگری کالج اور 12 ہائر سیکنڈری اسکولوں کے قیام کے اپنے کارنامے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے صوابی میں ایک اسٹیٹ آف آرٹ یونیورسٹی قائم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ نصرت بھٹو کھرو ویمن یونیورسٹی کی پرنسپل نے شرکا کو اپنی یونیورسٹی کے بارے میں بتایا کہ یہ یونیورسٹی 2018 میں قائم ہوئی تھی اور اس میں تقریباً 600 سو طالبات کا داخلہ ہے۔ انہوں نے سپیکر اسد قیصر کو میمورنڈم شیلڈ بھی پیش کی۔

بقیہ 18

سنایا گیا، عدالت کی جانب سے ملزمان کو پانچ پانچ لاکھ روپے جرمانے کی سزا بھی سنائی گئی، ملزمہ کو بیتا کو جرم چھپانے پر 7 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، زینب زیادتی و قتل کیس کا فیصلہ ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے سنایا مدعی کی طرف سے سینئر قانون دان قیصر محمود اعوان ایڈووکیٹ نے کیس کی پیروی کی، ملزمان کے خلاف 22 مارچ 2021 کو زیادتی اور قتل کا مقدمہ تھانہ سول لائن میں درج کیا گیا تھا

بقیہ 19

ہونے والی ویڈیوز میں دیکھا جاسکتا ہے ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت کے خلاف پاکستان کی کامیابی پر کالجز کے ہوسٹل کے باہر جشن منایا گیا اس حوالے سے ایک سینئر پولیس افسر نے بتایا کہ کرکٹ میچ کے دوران قومی جذبات کو نقصان پہنچانے کے الزام میں متعدد طلبہ کے خلاف قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کا ایکٹ (یو اے پی اے) کے تحت مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔ درج کی گئی ایف آئی آر میں کسی طلبہ کا نام نہیں لکھا گیا اور اس ضمن میں کوئی گرفتاری بھی عمل میں نہیں آئی۔ طلبہ کے خلاف بھارت کے زیر تسلط کشمیر کی انتظامیہ کے رویے پر کشیدگی بڑھ گئی اور دوسری جانب بھارتی پنجاب میں پاکستان کی جیت کی خوشی منانے پر متعدد کشمیری طلبہ کو ہندو انتہا پسند طلبہ نے تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وہ اپنے کمروں میں میچ دیکھ رہے تھے۔ میڈیکل کالج کے طلبہ کے خلاف یو اے پی اے کیسز کے بعد آن لائن ٹرولنگ شروع ہوگئی اور بعض ٹوئٹر ہینڈلرز نے کہا کہ ان کشمیر طلبہ کو پاکستان واپس بھیج دیا جائے اور انہیں مستقبل میں سرکاری ملازمت سے محروم کردیا جائے۔ خیال رہے کہ 2014 کے ایشیا کپ ٹورنامنٹ کے دوران تقریباً 60 کشمیری طلبہ کو شمالی ریاست اتر پردیش کے ایک کالج میں بھارت کے خلاف پاکستان کی جیت کا جشن منانے کے بعد معطل کر دیا تھا۔ بھارت کے

زیر تسلط کشمیر میں حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے صدر رویندر رینا نے کہا کہ وہ تمام لوگ جنہوں نے 'دشمن ملک' کی جیت پر خوشی کا اظہار کیا وہ جلد ہی جیل میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے کشمیر یا کسی اور جگہ پاکستانیوں کی جیت کا جشن منایا ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ رویندر رینا نے کہا کہ ان لوگوں کی شناخت کر لی جائے گی اور وہ جلد ہی سلاخوں کے پیچھے ہوں گے۔ ایک کشمیری انسانی حقوق کے وکیل نے بتایا کہ کرکٹ میں جیت کے بعد 'پاکستان زندہ باد' کا نعرہ لگانا قانونی طور پر جرم نہیں۔ انہوں نے بتایا عدالت ان طلبہ کے خلاف مقدمہ خارج کردے گی لیکن یو اے پی اے ایکٹ کے تحت ضمانت حاصل کرنا عملی طور پر ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالب علموں پر محض جشن کی وجہ سے دہشت گردی سے متعلق سخت قانون مسلط کرنا انتہائی بہیمی اور سخت رویہ ہے۔ دوسری جانب مقبوضہ کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے پاکستان کی جیت پر کشمیریوں کے ردعمل کے بعد ان پر حملوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

بقیہ 20

ڈالر تھیں۔ مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے ایک بیان میں کہا کہ میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ان کی لگن اور کوششوں پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی کے شعبے میں ترقی کو دیکھ کر میں پرامید ہوں کہ ہم مالی سال 22-2021 میں آئی ٹی کی برآمدات کا ہدف حاصل کرلیں گے۔ پاکستان کی انفارمیشن ٹیکنالوجی کی برآمدات میں مالی سال 2021 میں 47.4 فیصد نمو دیکھی گئی تھی اور یہ ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 2 ارب ڈالر سے زائد رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئی ٹی کی برآمدات کی حوصلہ افزائی کے لیے سال 22-2021 کے بجٹ میں ٹیکسز اور برآمدات کے مرحلے میں متعدد مراعات فراہم کی ہیں۔

بقیہ 21

لیٹر اضافہ متوقع ہے، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں ساڑھے 9 روپے فی لیٹر اضافہ ہوسکتا ہے، مٹی کا بھی 7 روپے فی لیٹر مہنگا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق لائٹ ڈیزل کی قیمت ساڑھے 6 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان، اضافے کی وجہ روپے کی قدر میں کمی ڈالر کی قیمت میں اضافہ بتایا جارہا ہے، عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سبب ہے۔ ذرائع کے مطابق اوگرا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی حتمی سمری 30 اکتوبر کو پیٹرولیم ڈویژن کو ارسال کریگا، نئی قیمتوں کا اطلاق یکم نومبر سے ہوگا۔

بقیہ 22

مکمل کیا گیا ہے۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ عثمان بزدار سیرینا ہوٹل پہنچے اور رورل ہیلتھ سنٹر کھرڑیانوالہ کی اپ گریڈیشن اور تاندلیانوالہ میں کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر کے منصوبوں کا افتتاح کیا۔ کھرڑیانوالہ کے رورل ہیلتھ سنٹر کی 60 بیڈ تک اپ گریڈیشن پر 20 کروڑ روپے لاگت آئی ہے جبکہ تاندلیانوالہ میں کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر ساڑھے 7 کروڑ روپے سے مکمل کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے 8 ارب 16 کروڑ روپے کے 78 ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے فیصل آباد کیلئے جاری میگا پراجیکٹ کی وال کا بھی معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ کو فیصل آباد کے ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ 145 کلومیٹر طویل سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے 10 منصوبے 3 ارب 40 کروڑ روپے سے مکمل ہوں گے۔ جھنگ روڈ ماڈل بازار کی تعمیر و مرمت پر 18 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ پینے کے صاف پانی اور نکاسی آب کے 19 منصوبے 4 ارب روپے سے مکمل کئے جائیں گے۔ 15 سول ڈسپنسریوں کی مرمت و بحالی پر ساڑھے 11 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ ایجوکیشن کے 25 منصوبے مکمل کئے جائیں گے، ان پر تقریباً 16 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ RAP فیز ٹو کے تحت 5 سڑکوں کی تعمیر و مرمت کا کام تقریباً 30 کروڑ روپے سے مکمل ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے مزید بتایا کہ فیصل آباد میں 105 ارب 42 کروڑ 40 لاکھ روپے کے 2362 ڈویلپمنٹ پراجیکٹس مکمل ہوں گے۔

بقیہ 23

باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے وفد نے چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات کی، ملاقات میں جماعت اسلامی کی انتخابی اصلاحات کا مسودہ چیف الیکشن کمشنر کے حوالے کیا۔ الیکشن کمشنر نے ہماری تجاویز کو سنا اور اسے سراہا لیاقت بلوچ نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی کے لئے شفاف الیکشن ناگزیر ہیں۔ الیکشن کمیشن ممبران کی تقرری میں تاخیر حکومت کا غیر آئینی رویہ ہے، حکومتی ترجمان آئینی ادارے پر حملہ آور ہیں جو آمرانہ رویہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے انتخابی اصلاحات، نیب، پارلیمنٹ کی کارکردگی کو صفر کردیا، آرڈیننسز سے قانون سازی کی جارہی ہے، بلوچستان حکومت کی نا اہلی اس کے زوال کا باعث بنی، پنجاب، خیبر پختونخوا اور وفاقی حکومت کو بھی اسی انجام کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 24

کا عندیہ دیا جارہا ہے، حکومت کی معاشی پالیسیاں اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سمجھ سے بالاتر ہے، عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مہنگائی کی جارہی ہے، ملک معاشی طور پر مشکل ترین دور سے گذر رہا ہے، حکمرانوں کے پاس معاشی پالیسی بنانے کی ٹیم موجود نہیں ہے، حکمران مہنگائی کو روکنے کی بجائے پیشگی مہنگائی کرنے کا عندیہ دے کیا کرنا چاہتے ہیں، عوام پہلے ہی بیروزگاری، بھوک و افلاس اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سے شدید پریشان حال ہیں، معاشی پالیسی بنانے والوں کو معلوم ہی نہیں غریب کس طرح کسمپرسی کی حالت میں زندگی بسر کررہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیدرآباد روانگی سے قبل سینئر کارکنان کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا، ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ مہنگائی کی یہ صورتحال رہی تو غریب خودکشیاں کرنے پر مجبور ہونگے، غریب پریشان حال پہلے ہی غربت اور مہنگائی سے تنگ آ کر بچوں سمیت خودکشیاں کررہے ہیں جو موجودہ حکمرانوں کیلئے سوالیہ نشان ہے، انہوں نے کہا کہ عوام کو مزید مجبور نہ کیا جائے وہ سڑکوں پر نکل آئیں حکمران عوام کو نوکریاں اور گھر دینے کی تو دور کی بات مہنگائی کے جن کو قابو کرنے میں ناکام ہیں، استحصالی قوتوں کی ملک میں مداخلت کو مسترد کرنا ہوگا، آئی ایم ایف کی پالیسیاں ملک وقوم کیلئے خطرناک ہیں، بیرونی مداخلت کو مسترد کر کے پارلیمنٹ میں معاشی پالیسیاں بنائی جائیں، آئی ایم ایف سے قرضوں کا سلسلہ ختم کر کے ملک کے وسائل پر ہی فوقیت دی جائے، ملک کے عوام کو معاشی عدم استحکام سے نکالنے کیلئے پیٹ پر پتھر باندھنے کو تیار ہیں مگر حکمرانوں کو معاشی پالیسیاں عوام کی امنگوں کے مطابق بنانا ہونگی۔

بقیہ 25

جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 27 اکتوبر کو یوم سیاہ پر

وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں نے بھی مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں۔ جس کا مقصد مقبوضہ کی صورتحال اور بھارتی فسطائی حکومت کا بھیانک چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کرنا ہے۔

بقیہ 26

20،20 سال سے لاکھوں مقدمے درج ہیں جس کے آج تک فیصلے نہیں ہوئے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عدالت کے حکم پر متاثرین کو ان کی رقم ادا کی جائے اور حکومت ان بلڈر مافیا سے پیسے خود وصول کرے، نسلہ ٹاور کی تعمیر پر یہ اعتراض کیا گیا تھا کہ تعمیرات میں اصل زمین سے تجاوز کیا گیا ہے اس لیے اس بنیاد پر پوری ایک کثیر المنزلہ عمارت کو گرانا انصاف کے تقاضے پورے نہیں کرتا۔ جماعت اسلامی نسلہ ٹاور کے متاثرین کے ساتھ ہے، کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ اگر حکومت نے نسلہ ٹاور کے متاثرین کو ریلیف دینے کے لیے کوئی کام نہیں کیا تو جماعت اسلامی کراچی کے عوام کے ساتھ مل کر بھرپور احتجاج کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نسلہ ٹاور کے دورے کے موقع پر متاثرین کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرین سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور یقین دلایا کہ جماعت اسلامی ہر صورت میں ان کا ساتھ دے گی۔ وفاقی حکومت کا کوئی بھی نمائندہ ابھی تک نسلہ ٹاور نہیں آیا جو کہ انتہائی قابل شرم بات ہے۔

بقیہ 27

کراچی۔ ایم کیو ایم کے سینئر ڈپٹی کنوینر عامر خان نے مطالبہ کیا کہ رہائشیوں کو بے گھر کرنے سے پہلے متبادل انتظام کیا جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ اظہار نے کہا کہ قابضین سہراب گوٹھ، کٹی پہاڑی پر بیٹھے ہیں، انہیں ہٹایا جائے، نسلہ ٹاور کے رہائشی قابضین نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج نسلہ ٹاور بم سے اڑائیں گے تو کل کو میرا اور وسیم اختر کا گھر بھی اڑایا جاسکتا ہے۔ خواجہ اظہار نے کہا کہ کراچی میں وہری فکیشن کا کوئی ادارہ نہیں، لیز جعلی ہے تو اس وقت کے ڈی سی و دیگر افسران بھی جعلی تھے، نسلہ ٹاور کو بم سے اڑانا ہے تو پورے کراچی کو بھی اڑادیں۔

بقیہ 28

قیمتوں میں اضافے کے خلاف پنجاب اسمبلی کے باہر ڈیوٹی فری شاپ روڈ پر احتجاجی ریلی نکالی گئی اور بعد ازاں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج میں مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری، حنا پرویز بٹ، ہمیرا کول، سنبل ملک، طارق گل، مرزا جاوید سمیت دیگر شریک ہوئے۔ شرکاء نے حکومت اور مہنگائی کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے اور حکمران سب اچھا کی رپورٹ دے رہے ہیں۔ پاکستان کا وزیر اعظم ایک اب ڈالر کیلئے آئی ایم ایف کی منتیں کر رہا ہے، حکومت آئی ایم ایف کے اشاروں پر ملک چلا رہی ہے، عوام کے استعمال کی اشیاء پر سبسڈی دینا تو دور انہوں نے کھانے پینے والی ہر چیز پر 12 سے 17 فیصد تک ٹیکس بڑھادیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں مہنگائی تاریخ کی کم ترین سطح پر تھی، آج پاکستان میں مہنگائی کی شرح 14 فیصد سے بھی تجاوز کر چکی ہے، آئی ایم ایف کی شرائط تسلیم کر کے بجلی اور گیس کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر پندرہ روز بعد اضافہ کرنا حکومت کا پسندیدہ مشغلہ بن چکا ہے، بجلی، گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا اثر براہ راست ہر چیز پر پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر 175 سے بھی اوپر چلا گیا ہے، اسحاق ڈار پر مصنوعی طریقے سے ڈالر کنٹرول کرنے کے الزامات لگائے جاتے تھے، آج ڈالر ایسے اوپر جارہا ہے جیسے عمران خان کی اے ٹی ایمز کا بینک بیلنس بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 29

وہ وزیر اعظم جو کشکول توڑنے کے دعوے کرتے تھے اب دونوں ہاتھوں میں کشکول لے کر گھوم رہے ہیں۔ سرمایہ دارانہ اور سودی معیشت نے مہنگائی اور بے روزگاری کا طوفان برپا کر دیا ہے۔ پوری قوم حیران ہے کہ نااہل حکمران ملک کے ساتھ کیا کر رہے ہیں؟ ٹی ایل پی پر حملے اور شہادتیں ماضی کے حکمرانوں کی پالیسیوں کا تسلسل ہیں۔ ماڈل ٹاؤن میں بھی اسی طرح لوگوں کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ حکمرانوں کو زیب نہیں دیتا کہ وہ مظاہرین پر لاٹھیوں اور بندوقوں سے دوڑے۔ پی ٹی آئی نے ہر معاملے میں سابقہ حکومتوں کے تسلسل کو برقرار رکھا۔ حکمران اشرافیہ سٹیٹس کو کا علمبردار ہے۔ ملک پر مسلط اشرافیہ کے پاس ملکی مسائل کے حل کا کوئی منصوبہ نہیں، یہ لوگ صرف اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ تین برسوں میں حالات پہلے سے بھی زیادہ خراب ہوئے۔ کرپٹ نظام کی وجہ سے ملک کی جڑیں کھوکھلی ہوچکی ہیں۔ حکمرانوں کو 22 کروڑ عوام کی کوئی پرواہ نہیں۔ دو فیصد سے کم ایلیٹ ملکی وسائل پر قابض ہیں۔ جماعت اسلامی ملک کو لوٹنے والوں کا کڑا احتساب چاہتی ہے۔ ہم پاکستان میں اسلامی جمہوری انقلاب برپا کرنا چاہتے ہیں۔ 31 اکتوبر کو اسلام آباد میں بے روزگار نوجوانوں کا تاریخی مارچ ہوگا۔ قوم سٹیٹس کو کو مسترد کرے اور ملک میں قرآن و سنت کے نظام کے نفاذ کے لیے ہمارا ساتھ دے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے منصورہ میں مختلف وفود سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں حکومت کی تبدیلی سے ثابت ہوگیا کہ پورا نظام بیساکھیوں پر کھڑا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ملک میں جمہوریت مذاق اڑایا جارہا ہے۔ پارلیمنٹ کی عزت پامال ہو چکی، اس حکومت نے اداروں کو کمزور کیا۔ معیشت کی تباہی کے بعد حکومت ملک کی نظریاتی اساس کے بھی درپے ہے۔ قانون سازی میں اسلامی اقدار کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔ اسلامیان پاکستان مغرب زدہ حکمرانوں کی پالیسیوں کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا، مگر بہتر برسوں سے ملک پر ان لوگوں کا قبضہ ہے جو مغرب اور سیکولرازم سے متاثر ہیں۔ قوم سے اپیل ہے کہ وہ آزمائے ہوئے لوگوں کو مزید نہ آزمائے۔ ایک ظالم کے خلاف دوسرے ظالم کا ساتھ دینا دراصل ظلم میں شریک ہونے کے مترادف ہے۔ ہمیں متحد ہو کر پاکستان کی تقدیر کو سنوارنے اور سٹیٹس کو سے نجات حاصل کی جدوجہد کرنی ہوگی۔ سراج الحق نے کہا کہ وزیر اعظم اور ان کی ٹیم وژن اور اہلیت سے خالی ہے۔ ملک کو داخلی اور خارجی سطح پر بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے، مگر حکمرانوں کو رتی برابر ادراک نہیں۔ وزرا غیر سنجیدہ گفتگو کرتے ہیں۔ اس حکومت نے کشمیر کا سودا کیا اور عالمی سطح پر ملک کو تنہائی کا شکار کیا۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان کو شفاف اور صاف انتخابات کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی الیکشن اصلاحات چاہتی ہے۔ الیکشن میں دولت کی ریل پیل اور دھونس اور دھاندلی کے کلچر کو ختم کرنا ہوگا۔ جماعت اسلامی ملک میں بلدیاتی الیکشن کا انعقاد چاہتی ہے۔ ہم ماضی کی طرح اہل اور دیانتدار لوگوں کو آگے لائیں گے۔ نوجوان قوم کی امیدوں کا مرکز ہیں۔ جماعت اسلامی کی خواہش ہے کہ پڑھے لکھے نوجوان آگے بڑھیں اور پرامن اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک میں اسلامی انقلاب برپا کریں۔ جماعت اسلامی کا پلیٹ فارم نوجوانوں کے لیے

حاضر ہے۔ انہوں نے اپیل کی کہ 31 اکتوبر کو ہونے والے جلسہ میں نوجوان بھرپور طریقے سے شرکت کریں۔ وزیر اعظم نے ایک کروڑ نوکریاں دینے کا اعلان کیا، مگر حکومت کی کمزور معاشی پالیسیوں کی وجہ سے لاکھوں نوجوان بے روزگار ہو گئے۔ آج اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں غریبوں کی پہنچ سے دور ہیں۔ جماعت اسلامی عوامی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ہمارا عزم ہے پاکستان کو عظیم اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔

بقیہ 30

برآمد کر کے دو ملزمان ستار بلوچ اور محمد عمرانی کو گرفتار کرلیا انچارج سی آئی اے عبدالروف جمالی کے مطابق ملزمان کراچی سے ڈکیتی شدہ کاریں ڈیرہ اللہ یار کے راستے اندرون بلوچستان اسمگل کررہے تھے ایس ایس پی جعفر آباد سردار حسن خان موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایت پر کارروائی عمل میں لاتے ہوئے کاریں برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے دونوں کارروائیوں کا الگ الگ مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 31

تھا۔ رپورٹ کے مطابق نفیسہ عطاری راجستھان کے ادے پور میں واقع اسکول 'نیراج مودی اسکول' میں بطور استاد فرائض انجام دے رہی تھیں۔ نفیسہ طاری نے اپنے واٹس ایپ اسٹیٹس میں لکھا 'جیت گئے، ہم جیت گئے' اور ساتھ ہی انہوں نے میچ میں پاکستانی کھلاڑیوں کی تصاویر بھی اسٹیٹس پر اپ لوڈ کیں۔ رپورٹ کے مطابق جب ایک طالبعلم نے نفیسہ طاری سے پوچھا کہ وہ پاکستان کی کامیابی کی خوشی منا رہی ہیں؟ نفیسہ عطاری نے برملا اقرار کیا کہ وہ پاکستان کو سپورٹ کررہی ہیں۔ جس کے بعد طالبعلم نے اپنے والدین کو نفیسہ عطاری کے اسٹیٹس دکھایا جس کے بعد انہوں نے اسکول انتظامیہ سے شکایت کردی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اسکول انتظامیہ نے نفیسہ عطاری کے واٹس ایپ اسٹیٹس کے اسکرین شاٹ دیکھنے کے بعد انہیں ملازمت سے برخاست کردیا۔ خیال رہے کہ پاکستان نے روایتی حریف بھارت کو 24 اکتوبر کو ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر 12 راؤنڈ کے میچ میں 10 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ یہ پاکستان کی بھارت کے خلاف کسی بھی فارمیٹ کے ورلڈ کپ ایونٹ میں پہلی فتح ہے۔ اس سے قبل پاکستان اور بھارت کے درمیان ٹی 20 ورلڈ کپ میں 5 اور ون ڈے ورلڈ کپ میں 7 میچ کھیلے گئے تھے اور تمام میچوں میں بھارتی ٹیم کامیاب رہی تھی۔

بقیہ 32

مریضوں کی عیادت کی ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ بھی کیا، سابق صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہسپتال میں داخل مریضوں کی عیادت کی اور مریضوں سے ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے دی جانے والے طبی سہولتوں کے حوالے سے بھی دریافت کی اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں کی دیکھ بال اور انہیں طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 33

کو بلو لیویز کیو آر ایف نے تحصیل کاہان کے علاقے مزرانی کچھ میں کاروائی کرتے ہوئے بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کرلیا ہے، لیویز نے مزید دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ کاروائی میں 2 عدد، 3 این ٹی، 1 عدد، اے ٹی ایم، 6 عدد، 82 مارٹر فیوز، 13 عدد، آر پی جی 7 روندز، 18 عدد، آر پی جی 7 فیوز، 4 عدد، 82 مارٹر روندز، 10 عدد، 130 مارٹر فیوز، 10 عدد، 12-7 گن رونڈا، 09 عدد، 60 مارٹر فیوز، 40 عدد، اے جی ایس 17 گرنیڈ، 3 عدد، آئی کوم سیٹ 440 عدد سکیل رونڈز، 01 عدد، الیولیشن سائیڈ 60 مارٹر 02 کلوگرام، دھماکہ خیز مواد 04 عدد ڈیوٹینٹر فیوز جبکہ 01 عدد سکیل چین ریلیز شامل ہیں۔

بقیہ 34

ماہانہ 6 ہزار درہم تنخواہ پر ڈرائیور کی ملازمت کرنے والے جنید رانا کا اس موقع پر کہنا تھا کہ میری خوشی کی کوئی انتہا نہیں ہے اور جب میں نے یہ خبر اپنے گھر والوں کو سنائی تو وہ بھی خوشی سے پاگل ہوگئے تھے۔ جنید رانا نے کہا کہ میرا خواب اسپورٹس کار خریدنے کا نہیں ہے، میں اپنی زندگی میں پہلے بھی بہت خوش تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ ابھی تک میں نے اس بات کا فیصلہ نہیں کیا ہے کہ یہیں رہ کر کام کروں یا اپنے گھر والوں کے پاس چلا جاؤں۔ جنید رانا روزگار کے سلسلے میں دبئی میں مقیم ہیں جب کہ پاکستان میں ان کی اہلیہ، دو بچے اور گھر کے 30 افراد ایک ہی چھت تلے رہائش پذیر ہیں۔

بقیہ 35

مطابق اسلام آباد پشاور موٹروے M-1 پر برہان انٹرچینج کے قریب اسلام آباد کی جانب سے آنے والی تیز رفتار کار بے قابو ہوکر الٹ گئی، حادثہ میں رضوان جاں بحق ہوگیا اور دو افراد زخمی ہوگئے۔ اسلام آباد پشاور موٹروے M-1 پر برہان انٹرچینج کے قریب پیش آنے والے حادثہ کی اطلاع ملنے پر نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس اور ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی اور جاں بحق شخص کی لاش اور دو زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حسن ابدال منتقل کردیا۔

بقیہ 36

کالجز نے رجسٹریشن کی مطلوبہ دستاویزات 6 ماہ قبل جمع کرائیں، ڈائریکٹوریٹ تاحال کالجز کی فائلز پر لگائے اعتراضات بتانے سے گریزاں ہیں حالانکہ پالیسی کے تحت کالجز کی رجسٹریشن پر محکمہ ایک ماہ میں فیصلے کا پابند ہے، رجسٹریشن پالیسی پر عملدرآمد نہ ہونے پر کالجز نے وزیر اعلیٰ سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ بی ایس آنرز ڈگریوں کی اجازت کیلئے 325 میں سے 3 کالجز کے کیسز منظور ہوئے، یکم فروری سے 31 مارچ تک پرائیویٹ کالجز کی درخواستیں جمع کرنا لازمی ہے، ڈائریکٹوریٹ کالجز 30 اپریل تک درخواستوں پر حتمی فیصلہ کرنے کا پابند ہے، درخواستوں کی سکروٹنی کے بعد 30 جون تک این او سی دینے کی ڈیڈ لائن ہے۔

بقیہ 37

تجوری ہائٹس کے وکیل رضا ربانی اور ریلوے کے وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس قاضی محمد امین احمد نے رضا ربانی سے مکالمہ میں کہا کہ کل آپ نے وقت لیا تھا آپ وہیں سے شروع کریں جہاں کل پہنچے تھے۔ رضا ربانی نے موقف دیا کہ ریلوے 300 سے زائد ایکڑ زمین کا دعویٰ کرتی ہے یہ تنازعات سندھ حکومت، ہمارے اور ریلوے کے درمیان ہے۔ یہ وفاقی زمین ہرگز نہیں رہی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کل آپ نے کہا تھا کہ متروکہ املاک وقف کی زمین تھی۔ آج کہہ رہے ہیں یہ زمین سندھ حکومت کی ہے۔ رضا ربانی نے موقف دیا کہ کل میرے موقف سے ابہام پیدا ہوا۔ ریلوے کے وکیل نے موقف دیا کہ 370 ایکڑ اراضی کراچی سرکلر ریلوے کے لیے الاٹ ہوئی۔ اس زمین پر گیلانی ریلوے اسٹیشن بنایا جانا ہے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے رضا ربانی سے مکالمہ میں کہا کہ سوال یہ ہے کہ کیا آپ کو زمین دینے کا ٹائٹل منٹ بنتا تھا؟ اگر ٹائیٹل منٹ نہیں بنتا تو پھر زمین آپ کی کیسے؟ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے کہ سب سے پہلے آپ ہمیں اس بات کو سمجھائیں۔ ریلوے کے وکیل نے موقف دیا کہ 1981 میں طے ہوچکا کہ زمین ریلوے کی ہے۔ سپریم کورٹ اس لیے آئے کہ تعمیرات تیزی سے جاری ہیں۔ عوام الناس کو وارننگ دی کہ تجوری ہائٹس میں بکنگ نہ کرائیں۔ اسٹار مارکیٹنگ کو بھی لکھا کہ تجوری ہائٹس غیر قانونی ہے۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے 2011 میں یہ زمین آپ کو کیسے ملی؟ رضا ربانی نے موقف دیا کہ وزیر اعلیٰ سندھ نے الاٹمنٹ کی منظوری دی۔

بقیہ 38

پائی گئی پولیس کو ابتدائی اطلاع میں خاتون کے لواحقین نے اسے تشدد کرنے کے بعد زہر دینے کا الزام لگایا تاہم متعلقہ پولیس کا کہنا ہے کہ خاتون پروین کی نعش پوسٹ مارٹم کے لئے منتقل کردی ہے جس کی میڈیکل رپورٹ میں زہر ثابت ہونے کے بعد قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 39

سبزیاں پھل دوائی سب مہنگے ہونگے، نومبر کے مہینے میں گیس مہنگی بھی ہوگی اور ملے گی بھی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تین سال آئی ایم ایف کی تابعداری میں عوام کا معاشی قتل کیا گیا ہے، ہر روز عوام کو غریب اور بے روزگار کیا جارہا ہے، عمران صاحب کی کوئی سمت نہیں، کوئی حکمت عملی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے ستر سال کے ریکارڈ ٹوٹ رہے ہیں، نالائقی نااہلی اور کرپشن کے تاریخی ریکارڈ ٹوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر روز آٹا، چینی، انڈے، سبزیاں، پھل، خوردنی تیل، گھی، پٹرول، گیس، بجلی دوائی مہنگی ہورہی ہے، ملک میں ترقی کے عمل اور تمام منصوبوں کو تالا لگا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین بچوں کے سکول کے سردی کے یونیفارم خریدنے کے قابل نہیں رہے، لوگ ماں باپ کے لئے دوائی نہیں خرید سکتے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ گھر کا کرایہ دینے سے مجبور ہوچکے ہیں، خواتین گھر کا سودا سلف نہیں خرید سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے چولہے بجھ چکے ہیں اور جیب خالی ہے، ظالم حکومت کا راستہ روک کر ہی مہنگائی کا راستہ روکا جا سکتا ہے، یکم نومبر کو پھر عمران صاحب مہنگائی کا نوٹس لینے کا ڈرامہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور عوام کے ہر مسئلے کا واحد حل عمران صاحب کے استعفیٰ میں ہے۔

بقیہ 40

کمیٹی نے ریکٹر نسٹ یونیورسٹی کی عدم شرکت پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ قائمہ کمیٹی اجلاس میں بتایا گیا کہ نسٹ یونیورسٹی کی بنیاد 1991 میں ایک ملٹری کالج سے رکھی گئی اور نسٹ یونیورسٹی کے گورننگ اسٹرکچر میں صدر پاکستان پیٹرن ان چیف اور وزیر اعظم پاکستان چانسلر ہوتا ہے۔ کمیٹی اجلاس میں بتایا گیا کہ 2019 میں کوئٹہ میں ایک عارضی بلڈنگ میں نسٹ یونیورسٹی میں تدریس کا عمل شروع کیا گیا جبکہ کوئٹہ میں کیمپس تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں کمیٹی کی جانب سے سفارش کی گئی کہ نسٹ یونیورسٹی کوئٹہ کیمپس کو قابل تجدید توانائی پر چلانے کیلئے کام کیا جائے اور اس پر ایک جامعہ پلان بنا کر کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سینیٹر سید شبلی فراز نے کہا کہ نسٹ ایک منفرد یونیورسٹی ہے جو اسلام آباد کے ایک پورے سیکٹر میں قائم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت طلباء و طالبات کی تعلیم و تدریس کے ساتھ پیشہ وارانہ تربیت کیلئے کام کررہی ہے اور نسٹ یونیورسٹی میں انڈسٹریز کے قیام کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تا کہ پیشہ وارانہ تربیت میسر کی جا سکے۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں بتایا گیا کہ نسٹ یونیورسٹی کے تمام انرجی پروگرامز واشنگٹن ایکارڈ کے مطابق ہیں اور تدریسی پروگرامز میں انڈر گریجویٹ کے 30، ایم ایس/ایم فل کے 66 پروگرامز اور پی ایچ ڈی کے 42 پروگرامز اس سال آفر کئے گئے ہیں۔ نسٹ یونیورسٹی میں 350 سے زائد مختلف لیبز قائم ہیں جو ریسرچ میں معاونت فراہم کر رہی ہیں۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر سردار محمد شفیق ترین نے نسٹ یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس کے ماسٹر پلان کو قائمہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں نسٹ یونیورسٹی کے کوئٹہ کیمپس کی پراگرس کی تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر سردار محمد شفیق ترین نے یہ بھی ہدایت کی کہ ادارے میں بھرتیوں کیلئے مقامی لوگوں کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 41

ہیں، اس حکومت کے 3 سال میں کھانے پینے کی اشیاء میں دوگنا اضافہ ہوا ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ گزشتہ 3 سال میں گھی 133 فیصد، آٹا 52 فیصد، دالیں 76 فیصد اور چینی 84 فیصد مہنگی ہوئی ہے، اس حکومت نے پیٹرول 49 فیصد، بجلی 57 فیصد جبکہ ایل پی جی کی قیمت میں 51 فیصد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں 133 فیصد تک اضافہ ہوا لیکن حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی، انہوں نے عوام کے لئے یوٹیلٹی اسٹور تک کے دروازے بند کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر 15 دن بعد پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کیا جارہا، یکم نومبر سے حکومت ایک بار پھر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا منصوبہ بنا رہی، یہ حکومت اب عوام کے لئے ایک سزا اور عذاب بن چکی ہے۔

بقیہ 42

166 اور 167 کے عہدیداروں اور کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر رانا فاروق سعید، عثمان ملک، عاصم محمود بھٹی، ایم این اے نوید عامر جیوا، چوہدری عاطف رفیق، امجد جٹ، ندیم بیگ، اسلم گڈرا، سوہی گل، صداقت شیروانی، شیخ عرفان، اعظم خان، ایڈون سہوترا، عامر وقاص، عمر ایاز اور دیگر بھی موجود تھے۔ اسلم گل نے کہا کہ پارٹی ذمہ داری دیتی ہے، تو اسے غیر مشروط نبھاتے ہیں۔ یونین کونسل کی سطح پر انتخابی دفاتر کھولیں۔ عوام کو پتہ چلنا چاہیے کہ پیپلز پارٹی میدان میں ہے۔ ہر یونین کونسل میں انتخابی مہم چلانے کیلئے جیالا فورس بنا رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی نے ن لیگ اور پی ٹی آئی کا چیلنج قبول کر لیا ہے، ہمیں باہمی اختلافات بھلا کر اس سیاسی جنگ کو لڑنا ہوگا۔ اسلم گل نے کہا کہ انتخابی مہم چلائے پینے، سیلفیاں بنانے سے کامیاب نہیں ہوتی۔ اجلاس میں این اے 133 میں اسلم گل کی انتخابی مہم کو کامیاب کرنیکی حکمت عملی پر غور کے ساتھ وارڈ اور یونین کونسل کی سطح پر کارنر میٹنگز کرنے پر اتفاق کیا گیا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسلم گڈرا اور دیگر مقررین نے کہا کہ گھر سے الیکشن جیتنے کیلئے نکلیں، این اے 133 سے پیپلز پارٹی جیتوائیں گے۔

بقیہ 43

بچانے کیلئے پیکیج کا اعلان کرینگے۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے تعلیم و صحت سمیت دیگر محکموں کی 70 ہزار خالی آسامیاں پر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ بیروزگاری کے خاتمے کیلئے 70 ہزار فوری نوکریاں فراہم کر رہے ہیں۔ پولیس کی کارکردگی کے حوالے سے شکایات پر ایکشن لیں گے۔ ملتان میں ٹینک چوک پر کورونا ویکسی نیشن موبائل سنٹر کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ کورونا نے عالمی معیشت کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ پاکستان نے وباء سے نمٹنے کیلئے بہترین حکمت عملی اپنائی۔ کورونا سے بچاؤ کے لئے کورونا ویکسی نیشن واحد راستہ ہے۔ حکومت پنجاب نے کورونا ویکسی نیشن کے لئے گھر گھر مہم لانچ کردی ہے اور روزانہ 10 لاکھ افراد کی کورونا ویکسی نیشن کا ٹارگٹ مقرر کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 18 ہزار موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، دسمبر تک 8 کروڑ افراد کی ویکسی نیشن کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ اپنے پیاروں کو وباء سے محفوظ بنانے کے لئے کورونا ویکسی نیشن کرائیں۔ شہری کورونا ویکسی نیشن مہم کامیاب بنانے میں حکومت سے تعاون کریں۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ جلد بہاولپور اور ملتان کا تفصیلی دورہ کر کے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کی کارکردگی کا جائزہ لوں گا۔

بقیہ 44

نے خادم الحرمین الشریفین سلمان بن عبدالعزیز اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے ماحولیات کے حوالے سے بین الاقوامی کانفرنس کے انعقاد پر سعودی ہم منصب کو مبارکباد پیش کی۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ماحولیات کے حوالے سے منعقدہ یہ کانفرنس، خطے میں اپنی نوعیت کی پہلی کانفرنس ہے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ اس کانفرنس کے انعقاد سے خطے کے ممالک کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے مضمرات سے نمٹنے کے لیے علاقائی نقطہ نظر اپنانے میں مدد ملے گی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے دوطرفہ تعلقات کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے علاقائی و عالمی امور پر بھی بات چیت کی، دونوں وزرائے خارجہ نے دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا، رواں سال نیویارک اور اسلام آباد میں دونوں وزرائے خارجہ کے مابین ہونیوالی ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے دوطرفہ تعلقات کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا، دونوں وزرائے خارجہ نے بین الاقوامی سطح پر بالخصوص اقوام متحدہ اور او آئی سی فورمز پر دوطرفہ تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ وزیر خارجہ نے سعودی ہم منصب کو افغانستان میں ابھرتے ہوئے انسانی بحران کے خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے، افغانستان میں دیرپا امن اور معاشی استحکام کیلئے عالمی برادری، کی جانب سے ٹھوس اور موثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ 45

وزیر اعظم سواتی ذاتی حیثیت میں الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ معاون وکیل نے کہا کہ اعظم سواتی کے علی ظفر وکیل ہوں گے، علی ظفر شہر سے باہر ہیں، کیس کی سماعت ملتوی کی جائے۔ نثار درانی نے کہا کہ شوکاز نوٹس کا جواب دیں گے۔ معاون وکیل نے کہا کہ ہمیں شوکاز نوٹس کا جواب دینے ایک ماہ کی مہلت دیں، علی ظفر ماڈل ٹاؤن کیس میں مصروف ہیں۔ نثار درانی نے کہا کہ ایک ماہ بہت زیادہ ہے، دس دن کا وقت کافی ہے۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت گیارہ نومبر تک ملتوی کر دی۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم سواتی نے کہا کہ قانون سب کے لئے برابر ہے، میری حاضری سے الیکشن کمیشن کا وقار بلند ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کسی چوری ڈاکے کے باعث پیش نہیں ہوا، الیکشن کمیشن قوانین کی پاسداری کے لئے پیش ہوا ہوں۔

بقیہ 46

دیگر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ امید کرتے ہیں کہ کامیاب ہونے عہدیداران ضلع ٹھٹھہ کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے اور مسائل کی نشاندہی کرنے اور ان کے حل کے لئے مقامی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ انہوں نے اپنے مبارکباد کے پیغام میں ضلع ٹھٹھہ کے صحافیوں کی جمہوریت کی بحالی اور صحافتی اقدار کی پیروی کرنے کے کردار کو بھی تعریف کی۔

بقیہ 47

پولیو کے خلاف مہم میں سر فہرست قرار دے دیا گیا۔ جبکہ پولیو مہم کو کامیابی کے ساتھ چلانے کی بناء پر ڈاکٹر صائمہ کو بہترین ڈی ایس او تسلیم کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سنٹرل طہٰ سلیم نے ضلع وسطی کے ہیلتھ ڈپارٹمنٹ اور پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے والے تمام ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور محنتی پولیو ورکرز کو ضلع وسطی کے عوام کی تندہی سے خدمت کرنے اور ان کے بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ضلع وسطی میں پولیو کے خلاف مہم اب سے بھی بہتر انداز میں چلتی رہے گی اور ضلع وسطی پولیو سے محفوظ رہے گا۔ انہوں نے ڈاکٹر صائمہ کو صوبہ بھر کی بہترین ڈی۔ ایس۔ او۔ کا اعزاز پانے پر مبارکباد دی۔

بقیہ 48

عظمیٰ عادل کے وکیل بیرسٹر شعیب نے عدالتی کارروائی پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ عظمیٰ عادل کو جن فیصلوں پر چارج کیا گیا ان پر اب نیب کا اختیار نہیں، ہمیں پہلے طے کرنا ہوگا ترمیمی آرڈیننس کے بعد اس کیس کی حیثیت کیا ہے، اس کیس میں فرد جرم نیب آرڈیننس 1999 کیمطابق عائد ہوئی، اب اُس آرڈیننس کے سیکشن چار کو تبدیل کیا جا چکا، آرڈیننس نے صاف کہہ دیا یہ کیسز اب ٹرانسفر ہوجائیں گے، اس وقت اگر یہاں کوئی بھی کارروائی جاری رہتی ہے تو وہ خلاف قانون ہے، عدالت نے استفسار کیا کہ شاہد خاقان نیب ترمیمی آرڈیننس کے تحت ایل این جی کیس چیلنج کریں گے یا نہیں؟ جس پر شاہد خاقان عباسی کے وکیل بیرسٹر ظفر اللہ نے کہا کہ شاہد خاقان سے ابھی مجھے ہدایات نہیں ملیں، شریک ملزم عبداللہ خاقان عباسی کے وکیل نے کہا کہ آرڈیننس اچھی نیت سے آیا یا بری سے اب لاء آف لینڈ بن چکا ہے کیس ٹرانسفر کیا جائے، وکلاء کے دلائل جاری رہے اور عدالت نے آئندہ سماعت پر دیگر وکلاء کو ریفرنس خارج کرنے کی درخواست پر دلائل مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 29 نومبر تک ملتوی کردی۔ عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے معاملات عمران خان نہیں آئی ایم ایف چلا رہا ہے، ہم تو گھبرا رہے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نیب ترمیمی آرڈیننس بدنیتی پر مبنی ہے، مقصد چیئرمین نیب کو توسیع دینا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نون کسی ڈیل یا غیر آئینی کام کا حصہ نہیں بنے گی، ہم نیب آرڈیننس کے تحت کوئی ریلیف نہیں مانگیں گے، حکومت نے عجلت میں آرڈیننس کے ذریعے قانون بنایا ہے۔ شاہد خاقان نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کا بیان نہ سنتا ہوں نہ دیکھتا ہوں، خفیہ ملاقاتوں کی ضرورت نہیں جو بات ہوگی عوام کے سامنے ہوگی، کسی ڈیل، سودے اور غیر آئینی کام کا حصہ نہیں بنیں گے۔ نون لیگی رہنما نے کہا کہ پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف علاج کروا کر واپس آئیں گے، ہم کوئی غیر آئینی کام نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ روپے کی قیمت گر رہی ہے، ملک میں مہنگائی بڑھ رہی ہے۔

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز بدھ 27 اکتوبر 2021ء

امریکا جنگ ہار رہا تھا اس لئے طالبان سے مذاکرات کیے، زلمے خلیل

ملک کا نظم ونسق چلانے کے لیے تشکیل دی گئی مشترکہ سول اور فوجی کونسل کو امریکہ کی طرف سے دی جانے والی 700 ملین ڈالر کی امداد بھی روک دی ہے

سویلین حکومت کے خلاف فوجی بغاوت کی اطلاعات پر تشویش ہے اس لیے جمہوری عمل کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے والے ہر اقدام کی امریکہ مذمت کرتا ہے

خرطوم (این این آئی) امریکہ نے کہا ہے کہ انہیں سوڈان کے معزول وزیراعظم عبداللہ حمدوک کے بارے میں کوئی خبر نہیں، میڈیا رپورٹس کے مطابق سوڈان کے دارلحکومت خرطوم میں امریکی سفارت خانے کی جانب سے جاری کیے گئے ایک بیان میں فوجی بغاوت کی اطلاعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا گیا کہ ملک کا نظم ونسق چلانے کے لیے تشکیل دی گئی مشترکہ سول اور فوجی کونسل کو امریکہ کی طرف سے دی جانے والی 700 ملین ڈالر کی امداد بھی روک دی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سویلین حکومت کے خلاف فوجی بغاوت کی اطلاعات پر تشویش ہے اس لیے جمہوری عمل کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے والے ہر اقدام کی امریکہ مذمت کرتا ہے۔ سفارت خانے کے مطابق معزول وزیراعظم عبداللہ حمدوک کے متعلق کسی قسم کی اطلاع نہیں کہ انہیں کہاں اور کس حال میں رکھا جا رہا ہے۔ ادھر افریقی یونین کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں بھی حراست میں لیے گئے تمام افراد کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین کی دنیا کو 1.5 بلین سے زائد ویکسین کی خوراکوں کی فراہمی

بیجنگ (این این آئی) چین کی ریاستی کونسل کے دفتر اطلاعات کی میڈیا بریفنگ میں انسداد وبا میں چین کی عالمی امداد اور تعاون سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چین کے قومی ادارہ برائے عالمی ترقیاتی تعاون کے ڈائریکٹر لووزاوہوئی نے بتایا کہ گزشتہ سال چین نے 150 ممالک اور 13 بین الاقوامی تنظیموں کو وسیع تعداد میں حفاظتی لباس، ماسکس اور وینٹی لیٹرز فراہم کیے، رواں سال بھی چین نے 106 ممالک اور 4 بین الاقوامی تنظیموں کو 1.5 بلین سے زیادہ ویکسین کی خوراکیں فراہم کی ہیں، جو دنیا میں سرفہرست ہے۔

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یمن کے لیے فوری مدد درکار ہے، اقوام متحدہ کی اپیل

اگلے برس کی پہلی سہ ماہی میں اس جنگ زدہ ملک میں لاکھوں افراد بھوک سے مر سکتے ہیں، ڈیوڈ بیاسلی

بقول موجودہ رقم اگلے چند ہفتوں میں ختم ہونے کو ہے اور امداد جاری رکھنے کے لیے فوری سرمایے کی ضرورت ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ یمن میں خانہ جنگی کے شکاروں لاکھوں انسانوں کی مدد کے لیے مزید سرمایہ دارکار ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈیوڈ بیاسلی نے بات چیت میں کہا کہ یمن میں کئی علاقوں میں قحط کا خطرہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اگلے برس کی پہلی سہ ماہی میں اس جنگ زدہ ملک میں لاکھوں افراد بھوک سے مر سکتے ہیں۔ بیاسلی کے بقول موجودہ رقم اگلے چند ہفتوں میں ختم ہونے کو ہے اور امداد جاری رکھنے کے لیے فوری سرمایے کی ضرورت ہے۔ واضح رہے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، نسلہ ٹاور کے باہر رہائشی خواتین احتجاج کر رہی ہیں

یو اے ای کی فضائیہ کے سربراہ کا دورہ اسرائیل کی دو طرفہ تعاون کے فروغ پر نظر

یو اے ای اور بحرین کو ایرانی ساختہ ڈرونز کے خلاف مشترکہ دفاع میں دلچسپی ہو سکتی ہے، اسرائیلی میڈیا

یہ فی الواقع ایک تاریخی دن ہے، اس کی ہماری فضائیہ کے درمیان تعاون کے مستقبل کے لیے زبردست اہمیت ہے، اسرائیلی میجر

تل ابیب (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی فضائیہ کے سربراہ نے اسرائیل کا دورہ کیا ہے جسے میزبان ملک نے فضائی افواج کے درمیان دوطرفہ تعاون کے فروغ کا پیش خیمہ قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کے اتحادی دونوں ممالک نے گذشتہ سال دوطرفہ تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے امن معاہدہ طے کیا تھا۔ ایران کے بارے میں مشترکہ خدشات اور کاروباری منصوبوں کی خواہش نے انھیں ایک لڑی میں پرویا تھا۔ تاہم اب تک وہ فوجی شعبوں کے بجائے سفارتی اور تجارتی محاذوں پر ایک دوسرے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان ظہور آغا یونیورسٹی آف بلوچستان کے سترھویں اٹھارویں کانووکیشن میں سب سے معمر پی ایچ ڈی سکالر بیبت حلیمی کو ڈگری دے رہے ہیں

سعودی عرب میں آرامکو اور ٹوٹل انرجیز کے پٹرول پمپ کھل گئے

یہ پمپ مختلف نوعیت کے ہوں گے اور عالمی معیار کے حامل ہوں گے، آرامکو کا بیان

سعودی آرامکو مشرقی ایشیا اور شمالی امریکہ میں ہزاروں پٹرول سٹیشن قائم کیے ہوئے ہے

ریاض (این این آئی) سعودی پیٹرولیم کمپنی آرامکو اور فرانس کی کثیر ملکی پیٹرولیم کمپنی ٹوٹل انرجیز نے مملکت میں مشترکہ پروجیکٹ کے تحت ریاض اور سیہات میں پہلے دو پٹرول سٹیشنوں کا افتتاح کیا ہے۔ آرامکو اور ٹوٹل مملکت میں پٹرول سٹیشنوں کی بڑی چین قائم کرنے جا رہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آرامکو نے بیان میں کہا کہ اس نے ٹوٹل انرجیز کے ساتھ 2019 میں ایک مشترکہ منصوبے کے معاہدے پر دستخط کیے تھے جس کے تحت مملکت بھر میں 270 پٹرول سٹیشن قائم کیے جائیں گے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ مختلف نوعیت کے ہوں

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، جماعت اسلامی کے لیڈر لیاقت بلوچ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سوئیڈن کے معزول وزیراعظم عبداللہ حمدوک کے بارے میں کوئی خبر نہیں، امریکہ

واشنگٹن نے صورتحال دیکھ کر فیصلہ کیا کہ دیر میں مذاکرات کرنے سے بہتر پہلے مذاکرات کرنا ہے، امریکا نے صورتحال دیکھ کر فیصلہ کیا کہ دیر سے مذاکرات کرنے سے بہتر ہے پہلے ہی کرلیں، انٹرویو

طالبان کے سابق صدر اشرف غنی حکومت کے ساتھ مشترکہ حکومت کے قیام کے لئے مذاکرات چل رہے تھے، اشرف غنی حکومت کے افراد کو نئی حکومت میں شامل کئے جانے کا امکان تھا مگر اشرف غنی کے ملک سے فرار ہونے سے سب ختم ہو گیا

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد نے اعتراف کیا ہے کہ امریکا افغانستان میں جنگ ہار رہا تھا، اس لئے طالبان کے ساتھ مذاکرات کئے۔ اشرف غنی حکومت کے افراد کو نئی حکومت میں شامل کئے جانے کا امکان تھا مگر اشرف غنی کے ملک سے فرار ہونے سے سب ختم ہو گیا۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو میں زلمے خلیل زاد نے کہا کہ واشنگٹن نے صورتحال دیکھ کر فیصلہ کیا کہ دیر میں مذاکرات کرنے سے بہتر پہلے مذاکرات کرنا ہے، طالبان کے سابق صدر اشرف غنی حکومت کے ساتھ مشترکہ حکومت کے قیام کے لئے مذاکرات چل رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اشرف غنی حکومت کے افراد کو نئی حکومت میں شامل کئے جانے کا امکان تھا مگر اشرف غنی کے ملک سے فرار ہونے سے سب ختم ہو گیا۔ سابق امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد نے اعتراف کیا ہے کہ امریکا افغانستان میں جنگ ہار رہا تھا، اس لئے طالبان کے ساتھ مذاکرات کئے۔ اشرف غنی حکومت کے افراد کو نئی حکومت میں شامل کئے جانے کا امکان تھا مگر اشرف غنی کے ملک سے فرار ہونے سے سب

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

افغانستان کی جیت سے غمزدہ قوم جی اٹھی ہے، اشرف غنی

اسکاٹ لینڈ کے خلاف قومی افغان کرکٹ ٹیم کے ہیروز کی فتح پر عظیم افغان قوم کو مبارکباد! پیغام

کابل (این این آئی) سابق افغان صدر اشرف غنی نے بھی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں افغانستان کی اسکاٹ لینڈ کیخلاف شاندار فتح پر پیغام جاری کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اشرف غنی نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر جاری پیغام میں کہا کہ ورلڈ ٹی ٹوئنٹی میں اسکاٹ لینڈ کے خلاف قومی افغان کرکٹ ٹیم کے ہیروز کی فتح پر عظیم افغان قوم کو مبارکباد! انہوں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دنیا افغانستان میں مدد کے منتظر افراد کیلئے اقدامات کرے، اقوام متحدہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ افغانستان میں دنیا کے بڑے انسانی بحران کا سامنا ہے موسم سرما سے قبل جان بچانے والی امداد پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، دنیا افغانستان میں مدد کے منتظر افراد کیلئے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

البرہان کی قیادت میں سوڈانی حکومت پر شب خون مارا گیا، ڈائریکٹر وزیراعظم ہیورو

ریاض (این این آئی) سوڈانی وزیراعظم عبداللہ حمدوک کے دفتر کے ڈائریکٹر آدم حریکہ نے تصدیق کردی ہے کہ وزیراعظم کو عسکری فورس کے ہاتھوں کسی نا معلوم مقام کی جانب لے جایا گیا ہے۔ عرب ٹی وی سے بات چیت میں آدم کا کہنا تھا کہ انہوں نے وزیراعظم کی رہائش گاہ کا دورہ کیا۔ آدم کو وہاں یہ علم ہوا کہ وزیراعظم اور ان کی اہلیہ کو کسی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، جماعت اسلامی کے لیڈر لیاقت بلوچ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

چین کی امریکہ اور تائیوان کے درمیان رابطوں کی شدید مخالفت

امریکہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قرارداد کی پاسداری کرے، ترجمان چینی سفارتخانے کا بیان

نیویارک (این این آئی) امریکہ میں چین کے سفارت خانے کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چین نے اقوام متحدہ کی سرگرمیوں میں تائیوان کی شرکت کے حوالے سے امریکہ اور تائیوان کے نمائندوں کے اعلیٰ سطحی مذاکراتی اجلاس کے انعقاد کی سختی سے مخالفت کی ہے اور امریکہ سے شدید احتجاج کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی جیت کا جشن منانے والے کشمیری طلبہ کیخلاف ایف آئی آر درج

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے خلاف پاکستان کی جیت کا جشن منانے والے کشمیری طلبا کیخلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گورنمنٹ میڈیکل کالج، شیر کشمیر انسٹی ٹیوٹ میڈیکل سائنسز کے طلبا نے بھارت کے خلاف

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حماس رہنماء اسماعیل ھنیہ دنیا کی 50 طاقت ور شخصیات میں شامل

عمان (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ھنیہ کو سال 2021 اور 2022 کی دنیا کی موثر اور طاقت ور شخصیات کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ان شخصیات کی فہرست میں کئی عرب رہ نما شامل

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہودی کالونیوں کو راکٹ پروف بنانے کے لیے خطیر رقم کا بجٹ منظور

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی حکومت نے فلسطینی علاقوں سے راکٹ حملوں کے خطرات کے پیش نظر یہودی کالونیوں کو راکٹ پروف بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق حکومت نے غزہ کے قریب واقع یہودی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکہ جوہری آبدوز کے واقعے کے حوالے سے عالمی برادری کے خدشات کا جواب دے، چین

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان چاؤ لی جیان نے بحیرہ جنوبی چین میں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران میں سزائے موت دینے کی شرح خوفناک ہے، اقوام متحدہ

رواں برس بھی اب تک ایران میں دوسوتیس افراد کی سزائے موت پر عمل ہو چکا ہے

تہران (این این آئی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ ایران میں سزائے موت دینے کی شرح خوفناک ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کے انسانی حقوق سے متعلق خودمختار تفتیش کار جاوید رحمان نے بتایا کہ رواں برس بھی اب تک ایران میں دوسوتیس افراد کی سزائے موت پر عمل ہو چکا ہے اور ان میں چار بچے بھی شامل تھے۔ رحمان

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صدر السیسی کا مصر میں ایمرجنسی مکمل ختم کرنے کا اعلان

مصر خطے میں سلامتی اور استحکام کا مرکز بن گیا، حقیقی معنوں میں یہ فیصلہ میری عوام نے کیا، بیان

قاہرہ (این این آئی) مصری صدر عبدالفتاح السیسی نے کئی سال سے ملک میں جاری ہنگامی حالت ختم کر دی ہے۔ انہوں نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ فیس بک کے ذریعے ہنگامی حالت کے خاتمے کا اعلان کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر نے فیس بک پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ کے ذریعے اس فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے اپنی خوشی کا اظہار کیا

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مفتی اعظم فلسطین کی اسرائیل کو مسجد اقصیٰ میں مداخلت پر سنگین نتائج کی وارننگ

قبلہ اول میں چھیڑ چھاڑ اور علامات کی تبدیلی کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے، محمد حسین

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) القدس اور دیار فلسطین کے مفتی اعظم الشیخ محمد حسین نے خبردار کیا ہے کہ قابض اسرائیل مسجد اقصیٰ کی مذہبی علامات کے ساتھ منظم انداز میں چھیڑ چھاڑ کر رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے متنبہ کیا کہ قابض دشمن کی طرف سے مسلمانوں کے قبلہ اول کی علامات میں چھیڑ چھاڑ اور علامات کی تبدیلی کے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل بھوک ہڑتالی فلسطینی قیدیوں کی زندگی سے کھلواڑ بند کرے، عرب لیگ

نصف درجن سے زائد فلسطینی اسرائیلی جیلوں میں بلا جواز انتظامی قید کیخلاف بھوک ہڑتال کر رہے ہیں، بیان

قاہرہ (این این آئی) عرب لیگ نے اسرائیلی جیلوں میں بھوک ہڑتال کرنے والے فلسطینیوں کی زندگی کو درپیش خطرات پر اسرائیل کو سخت الفاظ میں تنبیہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی ریاست بھوک ہڑتال کرنے والے فلسطینیوں کی زندگیوں سے کھلواڑ بند کرے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق عرب لیگ کے قاہرہ میں قائم صدر دفتر سے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی طالبہ نے اسلحہ اور منشیات کا پتہ چلانے والا آلہ تیار کرلیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ایک 19 سالہ لڑکی نے ایسا آلہ تیار کیا ہے جس کے ذریعے دور سے ہی ہتھیاروں اور منشیات کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ اس ایجاد کے ملکیتی حقوق کا سرکاری طور پر اندراج ہو گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عسیر میں واقع شاہ خالد یونیورسٹی کی 19 سالہ طالبہ نورہ

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں زبالا کے مقام پر آثار قدیمہ کی کھدائی کا آغاز

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ثقافتی ورثہ اتھارٹی نے شمالی سرحدی علاقے میں رفحا گورنری کے جنوب میں زبالا کے مقام پر آثار قدیمہ کی کھدائی کے منصوبے پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ کھدائی مملکت کے علاقوں میں ثقافتی ورثہ کمیشن کی طرف سے نافذ کردہ آثار قدیمہ کی کھدائی کے کاموں اور منصوبوں کا حصہ ہے۔ سعودی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق شمالی سعودی عرب

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سابق سعودی عہدیدار کے ولی عہد محمد بن سلمان پر سنگین الزامات

ولی عہد کی ویڈیو ہے جس سے شاہی خاندان اور امریکا کے کئی بڑے رازوں کا انکشاف ہوتا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے ساتھ انسداد دہشت گردی کی مشترکہ کوششوں کی نگرانی میں مدد کرنے والے سابق سینئر سعودی سیکیورٹی عہدیدار نے ایک انٹرویو میں الزام لگایا ہے کہ ملک کے ولی عہد نے ان کے والد کے بادشاہ بننے سے قبل ایک بار اس وقت تخت پر براجمان بادشاہ کو قتل کرنے کی بات کی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈا میں

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

موسمیاتی اقدامات کیلئے سعودی عرب کا ایک ارب ڈالر سے زائد رقم کا وعدہ

سعودی عرب اس میں 15 فیصد حصہ ڈالے گا اور بقیہ فنڈز خطے کے فنڈز اور دیگر ممالک سے لیے جائینگے

ریاض (این این آئی) آئندہ ہفتے سی او پی 26 موسمیاتی سربراہی اجلاس سے قبل اپنی سبز اسناد کو تقویت دینے کے لیے مزید اقدامات کرتے ہوئے سعودی عرب نے نئے موسمیاتی اقدامات کے لیے ایک ارب ڈالر سے زائد رقم کا وعدہ کیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق سال 2060 تک کاربن کا اخراج صفر کرنے کا ہدف مقرر کرنے کے دو روز بعد

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر دھاوے، بے حرمتی کرتے رہے

انتہا پسند یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) درجنوں یہودی آبادکاروں نے اسرائیلی پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں مسجد قصیٰ میں گھس کر مسلمانوں

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

موٹروے پولیس بلوچستان کی جانب سے محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے آفیسران واہلکاران میں گفٹ اور ہیلمٹ تقسیم کئے جا رہے ہیں

ایران بازنہ آیا تو اس کیخلاف غیر سفارتی ذرائع استعمال کرینگے، امریکا

ایران غائب رہتا ہے تو سابقہ معاہدے پر مذاکرات کا کوئی فایدہ نہیں ہوگا، خصوصی ایلچی رابرٹ میلے

ہم ملک کی معیشت کو جوہری مذاکرات سے نہیں جوڑیں گے لیکن ہم اپنے وعدے پر قائم ہیں، لیکن امریکا اور یورپی ممالک کو فیصلہ سازی میں بحران کا سامنا ہے

تہران (این این آئی) ایران کے لیے امریکا کے خصوصی ایلچی رابرٹ میلے نے کہا ہے کہ امریکا ایران کو جوہری ہتھیاروں کی تیاری سے روکنے کے لیے دیگر غیر سفارتی ہتھیار استعمال کرے گا۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا ملک سفارتی آپشن پر قائم ہے، لیکن اگر ایران جوہری ہتھیاروں کی تیاری پر مصر رہتا ہے تو اسے روکنے کے لیے غیر سفارتی ذرائع کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ایران کو مذاکرات کی میز پر واپس آنا ہوگا تاہم اگر ایران مذاکرات سے غائب رہتا ہے تو سابقہ معاہدے پر مذاکرات کا کوئی فایدہ نہیں ہوگا، میڈیا رپورٹس کے مطابق

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بیوٹمز کے زیر اہتمام کمپیوٹنگ، الیکٹرانک اینڈ الیکٹریکل انجینئرنگ کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے ڈاکٹر فیصل خطاب کر رہے ہیں

فیس بک کے اندرونی مسائل کو بیان کرتی دستاویزات جاری

دستاویزات میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم میں تشدد بڑھانے کے حوالے سے ملازمین میں غصہ ثابت ہوتا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) فیس بک کی اندرونی دستاویزات کے ہزاروں صفحات منظر عام پر آئے ہیں جن سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم میں تشدد بڑھانے کے حوالے سے ملازمین میں غصہ ثابت ہوتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ دستاویزات فیس بک میں کام کرنے والی سابق ملازمہ فرانسس ہیوگن کے پاس تھیں جو حالیہ ہفتوں میں فیس بک کے حوالے سے متعدد انکشافات کر چکی ہیں۔ انہوں نے امریکی سینیٹ کو اکتوبر 2021 کے شروع میں فیس بک سے لاحق خطرات کے مبینہ شواہد فراہم کیے تھے۔ ان خطرات میں نوجوانوں کی شخصیت پر مضر اثرات سے لے کر سیاسی تشدد کو بڑھاوا دینا وغیرہ شامل تھا۔ یہ دستاویزات اب میڈیا اداروں تک پہنچ گئی ہیں اور ان میں متعدد نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ 17 امریکی میڈیا اداروں کے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فیس بک نفرت پھیلاتی، جوابدہی کیلئے طریقہ کار مرتب کرنا ہوگا، سابق ملازمہ

فیس بک لاکھوں صارفین پر مشتمل بڑے گروپس کو منظم کرنے میں ناکام ہو رہی ہے، فرانس ہوگن

نیویارک (این این آئی) فیس بک کی سابق ملازمہ فرانسس ہوگن نے برطانیہ کے قانون سازوں کو فیس بک کے لیے بہتر ضابطے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر غصے اور نفرت پر مشتمل مواد پوسٹ کرنا بڑھنے کا سب سے آسان طریقہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانسس ہوگن نے کہا کہ فیس بک نے سب سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

موڈرنا کووڈ ویکسین 6 سے 11 سال کے بچوں میں محفوظ اور موثر قرار

اب اس عمر کے بچوں کے لیے ویکسین استعمال کرنے کی اجازت طلب کی جائیگی، موڈرنا کمپنی

واشنگٹن (این این آئی) موڈرنا نے 6 سے 11 سال کی عمر کے بچوں پر اپنی کووڈ 19 ویکسین کے ٹرائل کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ تیار کردہ ایم آر این اے ویکسین 6 سے 11 سال کی عمر کے بچوں میں ٹھوس مدافعتی ردعمل کو متحرک کرتی ہے جس کی سطح لگ بھگ نوجوانوں اور بالغ افراد میں بننے والے مدافعتی ردعمل جتنی ہوتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

میانمار جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی ساکھ کا امتحان ہے، تھائی وزیراعظم

آسیان کا میانمار کے حوالے سے تعمیری کردار غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے، پرایوتھ چن اوچا کا خطاب

بنکاک (این این آئی) تھائی وزیراعظم پرایوتھ چن اوچا نے کہا ہے کہ میانمار جنوب ایشیائی اقوام کی تنظیم آسیان کی ساکھ کے لیے ایک سخت امتحان ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے یہ بات برونائی میں جاری اس تنظیم کے سربراہی اجلاس میں کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ آسیان کا میانمار کے حوالے سے تعمیری کردار غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ اس بار میانمار اس سربراہی کانفرنس میں شریک نہیں ہے۔ رواں برس فروری میں میانمار میں فوج نے سویلین حکومت کا تختہ الٹ کا مارشل لا نافذ کر دیا تھا جب کہ آسیان ممالک کے اجلاس میں میانمار کے فوجی سربراہ کو شرکت سے روک دیا گیا تھا۔ میانمار نے تاہم اپنے دیگر نمائندہ بھیجنے سے انکار کر دیا تھا۔ تھائی وزیراعظم پرایوتھ چن اوچا نے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ترکی سفارتی بحران کے خدشے کے پیش سفیروں کی ملک بدری کا فیصلہ واپس

ترک صدر نے فیصلے سے اپنی پسپائی کا جواز یہ پیش کیا کہ سفیر بھی اپنے مطالبے سے پیچھے ہٹ گئے، رپورٹ

الزامات نے انہیں وسیع شہرت فراہم کی کیونکہ امریکا، یورپی ممالک اور یورپی عدالت برائے انسانی حقوق نے کئی بار ان کی رہائی کا مطالبہ کیا

انقرہ (این این آئی) بین الاقوامی تنہائی اور تیزی سے معاشی زوال کے خطرات کے باعث ترک صدر رجب طیب ایردوآن نے 10 مغربی سفیروں کو ملک بدر کرنے کا اپنا فیصلہ واپس لے لیا ہے۔ ان سفیروں کو ترک کاروباری شخصیت عثمان کاوالا کی رہائی کا مطالبہ کرنے پر ملک چھوڑنے کو کہا گیا تھا۔ ترک اپوزیشن کارکن کاوالا کو 4 سال سے بغیر مقدمہ چلائے قید کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترک صدر طیب ایردوآن نے طویل اجلاس کے بعد اس فیصلے سے اپنی پسپائی کا جواز یہ پیش کیا کہ سفیر بھی اپنے مطالبے سے پیچھے ہٹ گئے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین میں تین سال تک کے بچوں کی کووڈ ویکسینیشن شروع

ویکسینیشن مہم کا آغاز اس وقت ہوا ہے جب چین کے کچھ علاقوں میں کورونا کے چند نئے کیسز سامنے آئے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین میں جون 2021 میں 3 سال کے بچوں کے لیے کووڈ 19 ویکسین کے ہنگامی استعمال کی منظوری دی گئی تھی۔ مگر اب جا کر چین میں 3 سال کے بچوں کی ویکسینیشن کا آغاز ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین کے کم از کم 5 صوبوں کی شہری اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے یہ اعلانات کیے گئے ہیں کہ 3 سے 11 سال کی عمر کے بچوں کو ویکسینیشن کی ضرورت ہوگی۔ بچوں کے لیے ویکسینیشن مہم کا آغاز اس وقت ہوا ہے جب چین کے کچھ علاقوں میں کورونا کے چند نئے کیسز سامنے آئے ہیں جبکہ شمال مغربی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، عالمی یوم انسداد پولیو سیمینار سے رکن قومی اسمبلی مولوی کمال الدین و دیگر خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ
امروز کوئٹہ

ایڈیٹرو پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

بلوچستان میں آٹا کی قیمتوں میں استحکام لانے کی سعکی

وزیر خزانہ شوکت ترین نے بلوچستان اور سندھ میں آٹا کی قیمتوں میں استحکام لانے کے لئے روزانہ آٹا کی ریلیز کا گزشتہ ہفتے اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ حکومتی اقدامات کی وجہ سے یوٹیلٹی سٹورز اور رستا بازاروں میں چینی مارکیٹ کے مقابلہ کم قیمت پر فراہم کی جارہی ہے۔ ایف بی آر عوام کو ریلیف دینے کے لئے خوردنی تیل پر لاکھو ڈیوٹی پر نظر ثانی کرے۔

وزیر خزانہ نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ ماہ مہنگائی کی رفتار میں کمی دیکھی گئی۔ 10 اشیاء کی قیمتیں کم 21 کی قیمتوں میں استحکام دیکھا گیا۔ اس وقت دنیا میں توانائی خوراک کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں۔ دنیا بدترین مہنگائی کی زد میں ہے۔ عالمی سطح پر توانائی کی بڑھتی قیمتوں کے مقابلہ میں پاکستان میں صرف ایک چوتھائی اضافہ کیا گیا۔ خوراک کی قیمتوں پر قابو پانے کے لئے متعدد اقدامات میں حکومت نے اپنے سٹاک میں سے 1950 روپے فی من گندم جاری کرنے کے لئے صوبوں کو ہدایت کی ہے۔

حکومتی وزرا کی جانب سے ایک جانب قیمتوں میں استحکام لانے کے دعوے سامنے آرہے ہیں، دوسری طرف یہ بھی قرار دیا جارہا ہے کہ ایک کروڑ نوکریوں کا وعدہ پورا کردیا گیا ہے۔ ہم ان اعلانات ودعوؤں پر کوئی تبصرہ کیئے بغیر یہ کہنا چاہیں گے کہ عوام سخت مشکلات سے دوچار ہیں۔ بلوچستان میں چونکہ اکثر اشیاء ضروریہ دیگر صوبوں سے آتی ہیں۔ اس لئے ٹرانسپورٹ کے چارجز کی وجہ سے یہاں قیمتیں 20 فیصد زیادہ ہیں، کورونا کی وجہ سے بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوا، لاکھوں افراد کا روزگار چھین گیا۔ یا ان کی آمدنی مین کمی واقع ہوئی، گزشتہ حکومت نے خالی اسامیوں کی خرید وفروخت کا جو دھندا شروع کیا تھا۔ اس پر کنٹرول کرنے میں وقت لگے گا۔ ایک بار کوئی سلسلہ شروع ہو جائے تو وہ بہت عرصہ تک جاری رہتا ہے۔ صوبے میں آٹا کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں۔ فی تھیلہ آٹا 1350 روپے سے زائد قیمت پر بیچا جارہا ہے۔ فلور ملز مالکان ناقص گندم کی پسائی بھی کررہی ہیں۔ ابھی تک سرکاری آٹا کی فراہمی کے لئے بھی کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ یوٹیلٹی اسٹورز پر آٹا دستیاب نہیں، اگر آٹا مل بھی جائے تو غیر معیاری اور وزن میں کم تر ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے رعایت رائیگاں جاتی ہے۔ یوٹیلٹی اسٹورز پر درجنوں اشیاء کی قیمتیں بڑھا دی گئی ہیں۔ چند چیزیں جن کی قیمت مارکیٹ سے قدرے کم رکھی گئی ہے۔ یوٹیلٹی سٹورز کا عملہ وہ اشیاء غائب کر دیتا ہے۔ وفاقی حکومت نے کہا ہے کہ ٹا گیٹڈ سبسڈی دی جائے گی، اس مقصد کے احساس پروگرام میں رجسٹرڈ افراد کو کم قیمت اشیاء دینے کے لئے تجاویز مرتب کی گئی ہیں۔ ہم یہ کہنا چاہیں گے کہ امیر طبقہ بڑے بڑے شاپنگ مالز اور تجارتی مراکز سے خریداری کرتا ہے۔ غریب ہی یوٹیلٹی اسٹورز اور سستے بازاروں کا رخ کرتے اور دو کلو چینی کے لئے لمبی قطاروں میں لگتے ہیں۔ اس لئے ٹارگیٹس ریلیف دینے کا اقدام کسی بھی طرح سودمند نہ ہوگا۔ خاص طور پر بلوچستان میں احساس پروگرام کے تحت بہت کم لوگوں کو رقوم دی جارہی ہیں، ضرورت اسی امر کی ہے کہ صوبے میں آٹا چینی گھی سمیت دیگر اشیاء کی سستے داموں فراہمی یقینی بنائی جائے۔

کیا امریکا بکھر رہا ہے؟ (تیسرا حصہ)

وسعت اللہ خان

کووڈ نے ساڑھے چار کروڑ امریکی ملازمتیں ختم کر دیں اور پینتیس لاکھ کاروبار ٹھپ ہو گئے۔ اکتالیس فیصد سیاہ فام کاروبار دیوالیہ ہوگئے۔ اس وبا نے بہت کچھ کھول کے رکھ دیا۔ ایک ایسا ملک جو کبھی ہر گھنٹے میں ایک لڑاکا طیارہ بنانے کے قابل تھا۔ اسے ماسک اور کاٹن کی پٹیوں کے لالے پڑ گئے۔

جس ملک نے کئی عشروں تک طبی سائنس و تحقیق و دریافت میں دنیا کی رہنمائی کی۔ پولیو اور خسرہ سے نجات حاصل کرنے میں کل عالم کی مدد کی۔ اس ملک کی سب سے اونچی وبااختیار کرسی پر بیٹھا مسخرہ پہلے تو کورونا کو نزلے کی ایک نئی قسم قرار دیتا رہا اور پھر یہ تجویز کرنے لگا کہ کورونا کو مارنے کے لیے گھریلو صفائی کے کیمیکل بھی رگوں میں داخل کیے جاسکتے ہیں۔

دنیا کی چار فیصد ابادی اس وقت امریکا میں رہتی ہے مگر کووڈ سے دنیا بھر میں مرنے والوں میں سے بیس فیصد شہری بھی امریکی تھے۔ اخبار ارش ٹائمز کے مطابق ”دو صدیوں سے زائد مدت تک باقی دنیا امریکا سے نفرت یا محبت، خوف اور اطمینان، حسد اور رشک کے جذبات میں بتلا رہی۔ پہلی بار ان جذبات میں ترس کا جذبہ بھی شامل ہو گیا۔ جب امریکی ڈاکٹر اور نرسیں چین سے انے والی بنیادی طبی رسد کی کھیپ کا بے چینی سے انتظار کرتے رہے۔ یوں تاریخ کا رخ ایشیا کی صدی کی جانب مڑ گیا“۔

اس وبا کے سبب گزشتہ دو برس میں امریکا کی عظیم برتری ایک عام سے ملک کی امریت دکھائی دینے لگی اور امریت سے جوج رہے ممالک امریکا کو اخلاقی درس دینے لگے۔ مثلاً سیاہ فام امریکی شہری جارج فلائیڈ کی پولیس کے ہاتھوں موت پر انگشت برابر ریاست چیچنیا کے امر رمضان قادر یوف نے امریکا کی انسانی حقوق کی بہیمانہ پالیسی کو خوب لتاڑا۔ شمالی کوریا کے اخبارات نے امریکی پولیس کی زیادتیوں کی کھل کے مذمت کی۔ ایران کے مذہبی پیشوا ایت اللہ خامنہ ای نے کہا کہ اس واقعے سے امریکا نے اپنی بربادی کا اغاز کر دیا ہے۔

جب ایک اعلیٰ امریکی عہدیدار نے ہانگ کانگ میں جمہوری حقوق کی تحریک کچلے جانے اور چین میں انسانی حقوق کے مجموعی حالات پر ٹویٹ کیا تو چینی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے اس کے جواب میں جارج فلائیڈ کے یہ اخری الفاظ ٹویٹ کر دیے ”میں سانس نہیں لے سکتا۔“

ٹرمپ کا انا محض اقتصادی و سماجی بے چینی کا شاخسانہ نہیں تھا بلکہ امریکن ڈریم کا اپنے ہی بوجھ سے چٹخنے کا بگل تھا۔ جس ملک کے بانیوں نے ازادیِ اظہار کو جمہوری رگوں میں دوڑنے والے خون جتنا اہم قرار دیا، وہ ملک اج ازادیِ اظہار اور اطلاعات کی کھلی رسائی کی عالمی فہرست میں پینتالیسویں پائیدان پر کھڑا ہے۔

ایسی ریاست جو تارکین وطن نے تشکیل دی اور اپنے قیام کے ڈیڑھ سو برس بعد تک ہر مصیبت کے مارے کے لیے اپنے بازو کھولے رکھے اور ہر نئے انے والے کو ازادی دی کہ امریکن ڈریم میں سے اپنی صلاحیتوں کی بنا پر جتنا حصہ بٹورنا چاہے بٹور لے۔ اج اسی قوم کے ادھے لوگ صحتِ عامہ کے ڈھانچے پر رقم لگانے کو میکسیکو سے ملنے والی جنوبی سرحد پر تارکین وطن کو روکنے کی خاطر دیوار اٹھانے کے منصوبے سے کم اہم سمجھتے ہیں۔

اطلاعات تک رسائی سے کہیں اہم ائین کی دوسری ترمیم کے تحت اس حق کو سمجھا جاتا ہے جس کے تحت ہر امریکی کو اپنے دفاع میں اسلحہ رکھنے کا حق ہے۔ حالانکہ جس زمانے میں یہ حق دیا گیا تھا، اس وقت امریکا کی زمینی توسیع اور اباد کاروں کی جانب سے قدرتی وسائل کی چھینا جھپٹی کی مزاحمت کرنے والے مقامی لوگوں سے نپٹنے کا معاملہ درپیش تھا۔ بعد میں اسی بندر بانٹ کے سبب پیدا ہونے والی رقابت کے نتیجے میں یہ اباد کار چار سالہ خانہ جنگی میں باہم دست وگریباں بھی رہے۔

لیکن اج بظاہر کوئی مسلح خانہ جنگی نہیں۔ نہ ہی بزور زمینیں اور وسائل ہتھیانے کا چلن ہے۔ پھر بھی ہر شہری کو اسلحہ رکھنے کی اجازت دینے کا مطلب سوائے اس کے کیا نکل رہا ہے کہ وہ بندوق کی نالی کا رخ اپنے ہی ہمسائیوں کی جانب موڑ دے یا پھر محبوبہ کے چھوڑ کر چلے جانے کے غم میں کسی کلب یا اسکول میں گھس کر موت برسا دے۔ مگر اسلحہ رکھنے کے حق کو اج بھی دیگر حقوق سے زیادہ مقدس سمجھا جاتا ہے۔ کہنے کو امریکا عالمی پولیس مین ہے لیکن امریکی شہری اپنے انفرادی تحفظ کی مکمل زمہ داری اس پولیس مین کے حوالے کرنے پر یقین نہیں رکھتے۔

ایک ایسی ریاست جو قومی سطح پر تقسیم در تقسیم اور بے چینی کی مختلف پرتوں کو کم کرنے کے بجائے اضافے کا موجب بن رہی ہے۔ وبائی لہروں، ماحولیات کی ابتری اور دہشت گردی کے جھگڑ کے پیچھے موجزن بنیادی علاقائی و نسلی و سیاسی اسباب میں کمی کے لیے ایک ایماندار سرپنچ بننے کے بجائے ایک جانبدار دلالی کو جائز سمجھتی ہے۔ وہ ایک لامحدود عرصے کے لیے عالمی لیڈر بننے کی کیوں کر دعویدار رہ سکتی ہے اور باقی دنیا اس پر کیوں اعتبار کرتی رہے؟ جھنڈے میں لپٹی اندھی حب الوطنی رحم و درگزر کا متبادل نہیں ہو سکتی۔ مسلسل غصہ اور دشمنی لگاؤ کے جذبے کو کیسے پنپا سکتا ہے؟

گاندھی سے کسی نے پوچھا کہ مغربی تہذیب کے بارے میں اپ کے کیا وچار ہیں۔ گاندھی جی نے ترنت کہا ”میرے خیال میں یہ ایک اچھی اختراع ہے“۔ مغربی تہذیب پر تو شاید یہ جواب پوری طرح لاگو نہ ہو لیکن امریکن ڈریم ضرور گاندھی جی کے اس مقولے کے کھانچے میں اج فٹ بیٹھتا ہے۔

لیکن ایسا بھی نہیں کہ امریکا کل ڈوب جائے گا۔ یہ مدت طویل بھی ہو سکتی ہے اگر بڑے بڑے شگافوں کی مرمت ابھی سے شروع ہو جائے۔ مگر کون سا شگاف زیادہ خطرناک ہے اور اس کا پہلے بھرنا ضروری ہے۔ لگتا ہے اسی سوچ میں مدت گذر جائے گی اور تہذیب کے اگلے بیڑے تب تک کوسوں ا؟ گے بڑھ چکے ہوں گے اور ایک دن امریکا کا یہ نعرہ ”ہم خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں“ ”پدرم سلطان بود“ سے بدل جائے گا، جو گیند جتنی رفتار سے اوپر جاتی ہے اتنی ہی رفتار سے نیچے بھی اتی ہے۔ یہ نیوٹن کا نہیں قدرت کا قانون ہے۔

کرکٹ میں ہندوتوا کا جنون وتعصب

نصرت جاوید

عرصہ ہوا "یہ جینا بھی کیا جینا ہے" والی مردہ دلی کی زد میں اچکا ہوں۔ ٹی وی دیکھنے کا عادی کبھی بھی نہیں رہا۔ جوانی میں کرکٹ کے میچوں پر ریڈیو کے ذریعے انگریزی میں ہوا رواں تبصرہ اپنے محلے کے تھڑوں پر بیٹھے لوگوں کے لئے پنجابی میں بیان کر دیا کرتا تھا۔ اس کھیل کا دیوانہ مگر کبھی نہیں رہا۔ اخبارات پڑھنے کی علت اگر چہ اب بھی لاحق ہے۔ تازہ ترین کے لئے سوشل میڈیا سے بھی مسلسل رجوع کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ فیس بک اور ٹویٹر جب متعارف ہوئے تھے تو مجھے بہت پسند ا؟ ئے تھے۔ ان دونوں کو بہت چاؤ سے استعمال بھی کیا۔ اب وہاں جو ٹرینڈ نظر اتے ہیں وہ مگر سر چکرا دیتے ہیں اور حال ہی میں ہماری ایک محنتی ساتھی عاصمہ شیرازی کو جس انداز میں حکومت کے جنونی مداحین نے اپنی نفرت کا نشانہ بنایا اس نے جی کو مزید اداس و پریشان کر دیا۔

دل کو بہلانے کیلئے اب فقط کتابیں ہی رہ گئی ہیں۔ اس ضمن میں اپنی ایک سنجیدہ ساتھی عارفہ نور کی رائے کا بہت احترام کرتا ہوں۔ اب کی بار اس نے کسی کتاب کا ذکر کرنے کے بجائے اسے خرید کر مجھے تحفے میں دی ہے۔ اس کی دی کتاب کا نام ہے "The PapersAfghanistan"۔ دستاویزاتِ افغانستان اس کا اسان ترجمہ ہوسکتا ہے۔ اسے مشہور امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ کے ایک صحافی کریگ وٹلاک (WhitlockCraig) نے بہت محنت سے لکھا ہے۔ اتوار کی شام اپنے کمرے میں اکیلے بیٹھ کر اسے پڑھنے میں مصروف ہوگیا۔ دریں اثناء تازہ ترین جاننے کے لئے فون پر ٹویٹر اکاؤنٹ بھی دیکھتا رہا۔

اسے دیکھتے ہوئے یاد ایا کہ طویل وقفے کے بعد پاکستان اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے مابین T-20 کا ایک میچ بھی ہونا ہے۔ ورلڈ کپ کے لئے ہوئے اس فارمیٹ کے میچ کو پاکستان نے غالباً بھارت سے کبھی جیتا نہیں۔ مجھے یہ بھی خبر نہیں تھی کہ ان دنوں پاکستان ٹیم کا کپتان اور دیگر اہم کھلاڑی کون ہیں۔ بے نیاز رہنے کا لہٰذا فیصلہ کر لیا۔ بے نیازی اس وقت مزید جائز محسوس ہوئی جب ٹویٹر کے ذریعے ہی خبر ملی کہ پاکستان نے ٹاس جیت کر بھارت کو بیٹنگ کی دعوت دی ہے۔ جبلی طور پر میں نے اس فیصلے کو احمقانہ تصور کیا۔ مخالف ٹیم کے دیئے ٹارگٹ کا تعاقب کرتے ہوئے ہمارے کرکٹر اکثر بوکھلا جاتے ہیں۔ فرض کر لیا کہ اب کے بار بھی ایسے ہی ہوگا۔ میچ شروع ہوتے ہی لیکن ٹویٹر کے ذریعے خبر ملی کہ ہمارے ایک باؤلر نے بھارت کے اوپننگ بلے باز کو زیرو پر اؤٹ کر دیا ہے۔ یہ خبر ملتے ہی کتاب کو ایک طرف رکھ کر ٹی وی لگا لیا۔ کئی برسوں کے بعد میں نے T-20 کے ایک میچ کو اس کے اختتام تک دیکھا ہے۔ جی کو اس کی وجہ سے ملال نہیں بلکہ بہت مان اور اطمینان محسوس ہوا۔ پاکستان کے نسبتاً نوجوان اور کم تجربہ کار کھلاڑی اس میچ کے ا؟ غاز سے اختتام تک ٹھنڈے دل ودماغ سے ایک بہترین حکمت عملی کو بروئے کار لاتے ہوئے نہایت اعتماد سے فتح کی جانب گامزن رہے۔ T-20 کے میچوں میں اکثر چھچھورا پن بھی نظر ا؟ تا ہے۔ اتوار کی شام مگر پاکستانی ٹیم نے بھارت کا مقابلہ کرتے ہوئے کرکٹ کو اس انداز میں کھیلا جسے کسی زمانے میں نام نہاد جینٹل مینوں کے لئے مختص تصور کیا جاتا تھا۔ میچ کا اغاز ہوتے ہی شاہین ا؟ فریدی نے بھارت کے تجربہ کار کھلاڑی کو میدان سے باہر بھیج دیا۔ دیگر باؤلروں نے بھی نپی تلی مہارت سے حواس باختہ ہوئی مخالف ٹیم کو مسلسل دباؤ میں رکھا۔ اپنی باری لیتے ہوئے پاکستان کے کپتان بابر اعظم نے دوسرے اوپنر رضوان کے ساتھ مل کر تاریخ بھی بنا دی۔ کسی بھی وکٹ کے نقصان کے بغیر بھارتی ٹیم کا دیا ہدف نہایت سکون اور اعتماد سے حاصل کر لیا۔ اندھی نفرت وعقیدت میں تقسیم ہوئے پاکستان میں ان دنوں جو مایوسی اور ہیجان پھیلے ہوئے ہیں پاکستان کے نسبتاً جوان کھلاڑیوں نے اتوار کی شام ان سے ہمیں چند گھنٹوں کے لئے ازاد کر دیا۔ ٹویٹر پر عموماً ایک دوسرے کے غیر مہذب زبان میں لتے لینے والے کئی نام یکجا ہوکر پاکستانی ٹیم کی داد وتحسین میں مصروف رہے۔ اتوار کے روز ہمارے کھلاڑیوں کی محنت، لگن اور یکسوئی سے حاصل ہوئی جیت نے نیوزی لینڈ اور برطانیہ کو بھی شرمندہ ہونے کو مجبور کر دیا ہوگا جنہوں نے حال ہی میں عین اخری لمحات میں پاکستان کے ساتھ ہمارے ملک میں سکیورٹی کو بہانہ بناتے ہوئے کرکٹ کھیلنے سے انکار کر دیا تھا۔

سچی بات یہ بھی ہے کہ بھارتی ٹیم کے کپتان ویرات کوہلی نے نہایت وقار سے اپنی ہار کو تسلیم کیا۔ ہمارے کپتان اور رضوان کو گلے لگا کر شاباش دی۔ بھارتی شائقین کی بے پناہ اکثریت مگر ایسے وقار کا مظاہرہ نہ کر پائی۔

مودی سرکار نے ہندوتوا کے نام پر جو تعصب بھارتیوں کے دلوں میں انتہائی وحشت سے جاگزیں کیا ہے اس کا بدترین مظاہرہ اتوار کی شام دیکھنے کو ملا۔ میچ ہارنے کا سارا الزام شامی نام کے باؤلر پر لگا دیا گیا۔ اس کا بنیادی گناہ مگر شامی کی مذہبی شناخت تھی کھیل کا انداز نہیں۔

بھارتی سوشل میڈیا پر حاوی متعصب افراد کی بے پناہ اکثریت کو یہ شکوہ بھی رہا کہ مقبوضہ کشمیر میں پاکستانی فتح کے جشن کیوں منائے جا رہے ہیں۔ بھارتی پنجاب کے ایک کالج کے ہوسٹل میں نمایاں ہوئے مناظر بھی وائرل ہوئے۔ وہاں مقیم کشمیری طلبہ بھی پاکستانی ٹیم کی فتح کا جشن منا رہے تھے۔ یہ مناظر دکھاتے ہوئے سوشل میڈیا کو درحقیقت ان طلبہ کو سبق سکھانے کے لئے متعصب اذہان کو اکسایا جا رہا تھا۔ کرکٹ جیسا کھیل مجھے اس کی وجہ سے مذہبی جنون وتقسیم کا کامل غلام محسوس ہوا اور میں اپنی خوشی بھلا کر اس کے بارے میں نہایت فکرمندی سے سوچنے کو مجبور ہوگیا۔

قلم کی کمان

عاصمہ شیرازی

قلم کی کمان میں الفاظ کے تیر کس قدر طاقتور ہیں اس کا اندازہ پہلے بھی تھا اور اب بھی۔ لفظ کی حرمت کا تقاضا پہلے بھی تھا اور اب بھی۔ حرف پر آنچ نہ آئے یہ احساس پہلے بھی تھا اور اب بھی۔ اقتدار کے ایوانوں میں موجود ارباب اختیار قلم کو قید نہ پہلے کر سکے ہیں اور نہ اب کر سکیں گے۔

گذشتہ ہفتے کے کالم میں کیا تھا کہ بھونچال آ گیا۔ اور پھر اُسی بھونچال میں جس قدر حوصلہ ملا اس سے یہ یقین بھی پختہ ہوا کہ دلیل اب بھی حاوی اور سرخرو ہے۔ سوال کی طاقت سے جو بھی انکاری ہوا وہ دلیل کی راہ سے بھٹک گیا۔

سقراط صرف سوال پوچھتا اور اس کی طاقت سے دانائی کی راہیں کھول دیتا۔ 'سلونی سلونی' کی صدا جواب کے لیے بے تاب ہوتی کیونکہ کہنے والا باب العلم بھی تھا اور حاکم وقت بھی۔۔۔ کہیں سوال پوچھنے کا شوق تو کہیں جواب ڈھونڈنے سے عشق کہ سوال نے ہمیشہ جھوٹ کا چہرہ بے نقاب کیا جبکہ سچ لازوال ٹھہرا۔

سوال کبھی زہر پینے پر قانع تو جواب خود کو علم کی عدالت میں گواہ بنانے پر نازاں۔

گذشتہ ہفتے کے کالم میں حقیر نے فقط حالات حاضرہ کو موضوع بنایا تاہم اختلاف کی گنجائش کو ختم کرنے والے اور معاشرے کو محبوس بنانے والے یہ سوچ کہاں رکھتے ہیں کہ اختلاف جمہوریت کا حُسن اور تنقید صحافیوں کا اصل کام ہے۔ وہ کام جو ہم سے پہلے کئی ایک نے انجام دیا۔

کوڑے کھانے والے ناصر زیدی، خاور نعیم ہاشمی، پابندیاں برداشت کرنے والے آئی اے رحمٰن، منہاج برنا، نثار عثمانی یا رضیہ بھٹی جیسی نڈر ایڈیٹر اور کئی ایک مرد قلندر اس کی مثال ہیں۔

بلوچستان کے صحافی ہوں یا وزیرستان کے، کراچی ہو یا لاہور، سر پھرے قلم کاروں، صحافیوں کی ایک فوج ہے جن کا ہتھیار آج بھی قلم اور جن کی آواز آزادی اظہار ہے۔

اختلاف کے قبیلے کا اصل روپ آمریتوں یا جمہوریت نما آمریتوں میں ہی دیکھنے کو ملتا ہے خاص کر کے ان ادوار میں جو فاشزم پر مبنی ہوں، جس میں اظہار کے ہر طریقے پر پابندیاں ہوں۔ ڈرامے کے سکرپٹ سے لے کر صحافی کے قلم تک، شاعر کے استعاروں سے نثر نگار کی تحریر تک، تنقید نگار کی کاٹ سے طنز نگار کی تشریح تک، سب معتوب ٹھہرائے جائیں، اور بند آنکھوں، بہرے کانوں اور گنگ آوازوں والا معاشرہ تخلیق کرنے کی کوشش کی جائے۔

ایسے معاشرے کو پاکستان کے صحافیوں اور اہل دانش نے نہ پہلے تسلیم کیا اور نہ ہی اب کریں گے۔

جھوٹ کے بازار میں ارزاں نرخوں پر قلم خریدنے والے اہل اقتدار سر اونچا رکھنے والے باغیوں کو محض الزام اور بہتان سے مرعوب کیسے کر سکتے ہیں؟ سچ صلیب تو بخش سکتا ہے مگر بے موت نہیں مر سکتا۔ قلم کی حرمت کا اندازہ محض دیہاڑی دار نہ تو لگا سکتے ہیں اور نہ ہی سچ کو پابستہ حالات بنا سکتے ہیں۔

وطن عزیز حقیقت میں نازک دور سے گُزر رہا ہے، معیشت، سیاست اور صحافت ارتقا کے مرحلے سے پہلے ہی التوا کا شکار ہو چکے ہیں۔ بھوک اور افلاس میں اضافہ اور اوپر سے ایک صفحے کا ایک صفحے پر نہ ہونا بے چینی بڑھا رہا ہے۔ ڈی جی آئی ایس آئی کے نوٹیفیکشن کا مسئلہ کل بھی موجود تھا اور اب بھی وہیں کھڑا ہے۔

سوال گذشتہ ہفتے بھی یہی تھا اور اس ہفتے بھی یہی ہے کہ وہ کون سی قوتیں ہیں جو اس معمولی معاملے کو اس قدر طول دے رہی ہیں۔ سوال یہ بھی ہے کہ امریکہ پاکستان کے ساتھ کس 'فضائی معاہدے' کے قریب پہنچ چکا ہے حالانکہ ہم 'ابسولوٹلی ناٹ' کا اعلان کر چکے ہیں۔ سوال اب بھی وہیں ہیں کہ ذاتی پسند ناپسند اداروں کی جگہ افراد اور شخصیات کو ترجیح کیوں دے رہی ہے؟

ملک معاشی اور سیاسی بحران کا شکار ہو چکا ہے، فوج ہو یا الیکشن کمیشن یا میڈیا اداروں سے محاذ آرائی محض افراتفری کو جنم دے رہی ہے۔ عوام کے مسائل کا حل سیاسی جماعتوں کے پاس آئین کی صورت موجود ہے۔ سیاسی جماعتیں انا سے نہیں آئین سے رہنمائی لیتی ہیں اور اب کی بار آئین ہی سرخرو ہوگا۔

ہم عورتیں مال غنیمت ہیں، ہمارے حصے تو لازمی ہوں گے

نوشی بٹ

میں نے لکھنا چھوڑ دیا، اس لیے نہیں کہ مجھے لکھنا نہیں آتا۔ (لکھنا آتا ہے کا دعویٰ بھی نہیں)۔ اس لیے بھی نہیں کہ میں لوگوں کی تنقید یا برے الفاظ سے خوفزدہ ہوگئی ہوں۔ یا پھر مجھے اپنے اوپر کوئی اچھا ہونے کا ٹیگ لگوانا ہے۔ اچھا ہونے کا ٹیگ لگنا بھی خوب رہا۔ آپ اپنے بیڈ روم میں جو ہیں وہ آپ اپنے ڈرائنگ روم میں نہیں ہو سکتے۔ لوگوں کو ایسا کرنا پسند ہے۔ میں ان سب سے آگے نکل چکی ہوں۔ (بیڈ رومز میں انسان اپنی اصل فطرت کے ساتھ ہوتے ہیں آزما کے دیکھ لیجیے)۔ میں جو ہوں سو ہوں کسی کے اچھا برا کہنے سے مجھے فرق نہیں پڑتا۔ پڑنا بھی نہیں چاہیے۔

لوگ وہ پڑھنا چاہتے ہیں جن سے معاشرے کے چہرے پہ پڑا نقاب نہ ہٹے۔ یا پھر یوں کہہ لیں کہ ایک بدنما بھدے اور ناہموار فرش پہ ایک خوبصورت پھول دار کارپٹ بچھا کے اس کی بدصورتی کو چھپا دیا جائے۔ یہ کرنا بھی میرے لیے ممکن نہیں۔ میں معاشرے کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ اس کی بدصورتی کو بھی اسی شدت سے محسوس کرتی ہوں۔ آپ کے نظریں پھیرنے سے سچائی تو چھپ نہیں سکتی۔

بطور عورت اس سماج میں بسنے والی تمام عورتوں کو اپنے عورت ہونے کا خراج ادا کرنا پڑتا ہے۔ پیدا ہونے سے لے کر مرنے تک ایک عورت جو کچھ بھی برداشت کرتی ہے اسے اگر ہر عورت لکھنا شروع کر دے، تو شاید اس دنیا میں ان کتابوں کو رکھنے کی جگہ ختم ہو جائے۔ ترقی یافتہ ممالک کی عورت اپنے حقوق سے آشنا بھی ہے۔ اور اسے اپنے حقوق کے لیے لڑنا بھی آتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے یہاں تو بہت سی ظلم زیادتیوں کو عورت نے ہوش سنبھالتے ساتھ ہی تسلیم کر لیا ہوتا ہے۔

ایک پدرسری سماج کی پروردہ عورت جن میں سے زیادہ تر اپنے بنیادی حقوق جن میں سب سے پہلے تعلیم حاصل کرنے کی آزادی شامل ہے، اس تک کے لیے بات نہیں کر سکتی۔ جنسی ہراسمنٹ اور گالم گلوچ بھی ہوش آنے کے ساتھ سمجھ میں آنے لگتے ہیں۔ مگر ان پہ بات کرنا اتنا ہی برا سمجھا جاتا ہے۔ اچھا مزے کی بات یہ ہے کہ جس چیز کو کر کے مرد شرمندہ نہیں ہوتے، اس پہ بات کرنے سے عورت پہ آوارہ اور بدزبان ہونے کا ٹھپہ لگا جاتا ہے۔ جو اپنے میں خود ایک مذاق والی بات ہی ہے۔

مگر اس سے قطع نظر کہ لوگ کیا سوچتے ہیں میں جب لکھوں گی تو وہی بات لکھوں گی۔ جو میں محسوس کرتی ہوں۔ یا جس سے میرا واسطہ پڑتا ہے۔ اب یہاں سے سنیے۔

جمعے کی نصف شب اپنے دوست کے ہمراہ اپنے ہی گھر کے ایک گھر پہلے ہمیں گن پوائنٹ پہ قیمتی اشیاء سے محروم کر دیا گیا۔ اس سب سے قطع نظر کہ نقصان کیا ہوا اور بچت کیا ہوئی۔ میں لوگوں کے رویے دیکھ کر زیادہ ڈپریشن کا شکار ہوئی۔ رات کے اس پہر باہر کیوں گئے، کا سوال میری ذات پہ سوال اٹھاتا ہے۔ مطلب اگر رات کے وقت میرا ڈھابے سے چائے پینے کو دل چاہے تو مجھے یہ سوچ کر گھر بیٹھنا چاہیئے کہ شریف عورتیں رات کو گھر سے باہر نہیں نکلتیں۔

شریف عورت اور آوارہ عورت کے بیچ فرق کو طے کرنے کا حق معاشرے کو کیوں اور کیسے مل گیا۔ یہ سب سوچنے کی باتیں ہیں۔ شریف عورت چادر سے یا عبائے سے خود کو ڈھانپتی ہے۔ تا کہ لوگوں کی بدنظروں سے محفوظ رہے۔ شریف عورتیں اپنے محرم رشتوں کے علاوہ باہر نہیں جاتیں۔ شریف عورت کا کیا کام ہے کہ وہ مردوں سے دوستی کرے۔ بلکہ اسے تو عورتوں سے بھی بہت محتاط ہو کے ملنا چاہیئے۔

آوارہ عورت جینز پہنتی ہے۔ اس کے دیدوں کا پانی مر جاتا ہے، کیونکہ اس کے دوستوں میں مرد وعورت کی تخصیص نہیں ہوتی۔ اسے اپنے حقوق کا علم ہوتا ہے۔ وہ مرد کو اپنا مالک سمجھنے کی بجائے اپنے جیسا ایک انسان سمجھتی ہے۔ جس کی غلطی پہ اسے ٹوکنے کی ہمت بھی اس کے پاس ہوتی ہے۔ آوارہ عورت کیوں کیا اور کس لیے جیسے لفظ بولنا جانتی ہے۔ یہی چیز معاشرے کے لیے ناقابل قبول ہے۔

مجھے اس بات سے فرق نہیں پڑتا کہ اپنی مرضی سے کوئی بھی عورت کچھ بھی پہنے۔ کسی عورت نے عبایا پہنا ہو یا چادر، دوپٹہ اوڑھا ہو یا نہ اوڑھا ہو۔ کسی نے جینز پہنی ہے یا فراک میں کون ہوتی ہوں اس پہ جملے کسنے والی۔ مجھے اپنے آپ سے غرض ہے۔ اگر باہر نکلتے ہوئے میں جینز شرٹ میں کمفرٹیبل ہوں تو مجھے وہی پہننا ہے۔ چاہے دن کے بارہ بجے ہوں یا رات کے۔

یہ نصیحت کرنا کہ عورت احتیاط کرے۔ اسے خود اپنا خیال ہونا چاہیئے۔ سیدھا سیدھا یہ بات بتاتا ہے کہ گھر سے باہر درندوں کا راج ہے۔ محفوظ تو عورت گھر میں بھی نہیں مگر اس بات پہ آ کے تمام بزرگان نصیحت چپ کا روزہ رکھ لیتے ہیں۔ آپ آدھی رات کو لٹ گئے ہیں تو اس میں آپ کی غلطی ہے کہ آپ گھر سے باہر کیوں نکلے۔ اور آپ نے کپڑے سوسائٹی کے حساب سے نہیں پہنے۔ آپ کو پتہ ہونا چاہیئے کہ آپ پاکستان میں ہیں یورپ میں نہیں۔ ایک بار بھی یہ نہیں بولا گیا کہ غلطی لوٹنے والوں کی ہے۔

میں آٹھ سال کی تھی جب پہلی بار ہمارے گھر ڈکیتی ہوئی۔ اور گن میری کنپٹی پہ لگائی گئی۔ دوسری بار میری عمر سترہ برس تھی جب میرے سامنے جدید اسلحہ تھا۔ تیسری بار میں اٹھارہ سال کی تھی۔ میرے لیے گن کے سیفٹی لاک ہٹتے دیکھ کر اسے خود پہ تانے جانا کوئی پہلی بار نہیں ہوا۔ آپ ضرور شاک میں چلے جاتے ہیں۔ میں بھی ہوں مگر اس سب کے باوجود مجھے اس بات کا اطمینان ہے کہ میں نے اس لیے مزاحمت نہیں کی کہ میرے ساتھ ایک اور انسان تھا۔ میری مزاحمت اس کے لیے نقصان کا باعث بن سکتی تھی۔ اس گھٹیا سچویشن میں بھی میرا دماغ سیکنڈز کے حساب سے بس یہی بات سوچ رہا تھا کہ بولنا نہیں۔

میں دن رات کے اوقات میں اپنے تمام کام تقریباً خود سر انجام دیتی ہوں۔ مگر اس ایک واقعے نے مجھے بتا دیا کہ میں کچھ بھی کروں۔ میں ایک عورت ہوں۔ مجھے سماج کے حساب سے چلنا ہے۔ مجھے یہ دیکھنا چاہیئے کہ اردگرد کے لوگ مجھ پہ انگلی نہ اٹھائیں۔ مجھے محتاط ہونا چاہیئے۔ مطلب اور کتنا محتاط ہونا ہے اس کا کوئی پیرامیٹر نہیں ہے۔ مگر مجھے ہونا چاہیئے۔ کیونکہ میں پاکستان میں رہنے والی ایک عام عورت ہوں۔

مجھے لگتا ہے کہ ہم عورتیں جو اس سماج میں رہتی ہیں۔ جو روزانہ کی بنیاد پہ اپنی سانسوں کو قائم رکھنے کی جنگ کرتی ہیں۔ ان کو ابھی خود کو انسان منوانے میں کئی صدیاں چاہئیں۔ یہاں پہ عورت کو بطور انسان دیکھا نہیں جاتا۔ بلکہ میجورٹی لوگ ایسے ہیں جو کسی بھی عورت کو دیکھتے ہی اس کی ذات سے اپنا حصہ وصول کرنا چاہتے ہیں۔ خودمختار و آزاد عورت سے اس حصے کی توقع زیادہ کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو ایسا نہیں لگتا تو آپ کبھی عورت بن کے باہر آزاد گھوم کے دکھا دیں۔ کوئی آپ کو دیکھتے ہی جانگھیں کھجانے لگے گا۔ کوئی ذومعنی آوازیں کسے گا۔ کوئی آپ کو پیچھے سے یا سامنے سے مس کرنے کی کوشش کرے گا۔ پبلک ٹرانسپورٹ سے لیکر دفتروں سکولوں کالجوں تک آپ کو مال غنیمت سمجھا جائے گا۔

آپ کچھ بھی کر لیں آپ کو یہ ہراسمنٹ برداشت کرنی پڑے گی۔ آپ کے مینٹل ٹراما کو آپ کا ڈرامہ سمجھا جائے گا۔ اور اسے توجہ حاصل کرنے کا ایک حربہ سمجھا جائے گا۔

مرد کے ساتھ ہونے والی کسی بھی زیادتی پہ اس سے نہ تو اس کے کپڑوں کی بابت سوال ہوتا ہے۔ نہ ہی اس کے گھر سے باہر ہونے کے اوقات پہ سوال کیا جاتا ہے۔ وہ دن رات کے کسی بھی پہر میں آوٹنگ کے لیے جا سکتے ہیں۔ دوسرے شہر جا سکتے ہیں۔ رات گھر سے باہر گزار سکتے ہیں۔ اس سب کے باوجود ان کے ساتھ کسی زیادتی کو زیادتی ہی کہا جائے گا۔ اس کی غلطی نہیں۔ نہ ہی اس کا کوئی قصور نکلے گا۔ مگر دوسری جانب رویہ بالکل الگ ہے۔

آپ عورت ہیں اور اگر آپ کے ساتھ جنسی ہراسمنٹ ہوتی ہے، آپ کو گن پوائنٹ پہ لوٹ لیا جائے، آپ کا ریپ ہو جائے یا آپ کا قتل ہو جائے۔ یاد رکھیئے اس کی ذمہ دار صرف آپ ہیں۔ کیونکہ آپ کے کپڑے درست نہ ہوں گے، آپ نے رات کو باہر نکلنے کی غلطی کی ہوگی یا پھر آپ نے مرد کو انکار جیسی جرات کی۔ آپ کا کام بس یہ ہے کہ آپ ہر وقت اس بات کے لیے تیار رہیں کہ اگلے ہی لمحے آپ کے عورت ہونے کا خراج آپ کو ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اور اس پہ کوئی شور بھی نہیں مچانا چپ رہنا ہے، کیونکہ شریف عورتیں شور نہیں کرتیں۔

اب اس بات کا فیصلہ آپ کر کے بتا دیں کہ اس صورتحال کو خوبصورت اور اچھا کیسے دکھاؤں۔ مجھے تو یہ ہنر نہیں آتا۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے مطلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no: 03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ایڈیٹر)

بجلی کے جھٹکوں سے علاج: تین مناظر

ڈاکٹر خرم نیازی

پہلا منظر: جگو ایک ہینڈسم، بہادر اور رحم دل نوجوان ہے۔ معاشرے کو کرپٹ عناصر اور قبضہ مافیا سے پاک کرنے کی کوشش میں وہ شدید تشدد کا نشانہ بنتا ہے اور بالآخر ذہنی امراض کے مرکز تک جا پہنچتا ہے جہاں درپردہ جرائم پیشہ افراد کا راج ہے۔ سین شروع ہوتا ہے۔ بیہوش جگو کو کئی وارڈ بوائے سٹریچر پر ڈال کر ٹریٹمنٹ روم میں لے جاتے ہیں۔ ماہر نفسیات اس کے منہ میں کپڑا ٹھونس دیتا ہے۔ پھر دو بڑے بڑے ہیڈفون کانوں پر لگا کر بجلی کی رو دماغ سے گزار دی جاتی ہے۔ جگو کو تشنج کا دورہ پڑتا ہے۔ ٹریٹمنٹ کے بعد جب اس کے منہ سے کپڑا نکالا جاتا ہے تو کیمرہ عین چہرے پر فوکس ہوتا ہے۔ جگو کے منہ سے سفید رنگ کا جھاگ جاری ہے۔ پس منظر میں المیہ موسیقی بج رہی ہے۔ اگلے مناظر سے ظاہر ہوتا ہے کہ جگو کی یادداشت ایسے ختم ہوگئی ہے جیسے سلیٹ پر چاک سے لکھی عبارت کو گیلے کپڑے سے پونچھ دیا گیا ہو۔ ہندوستانی فلم انگار 1992 دوسرا منظر: رینڈل میک مرفی چھوٹے موٹے جرائم کرتا ہے لیکن اس دفعہ وہ پندرہ سالہ بچی سے جسمانی تعلق قائم کرنے کے جرم میں حوالات کی ہوا کھا رہا ہے۔ جیل سے بچنے کے لئے چکر چلا کر وہ ذہنی امراض کے مرکز میں داخل ہونے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ جہاں ایک خرانٹ نرس کی آمریت قائم ہے۔ آج رینڈل کا دماغ ٹھکانے لگانے کے لئے خصوصی ٹریٹمنٹ دی جائے گی۔ اس کے ہاتھ ہتھکڑیوں سے جکڑے ہوئے ہیں۔ چھ ہٹے کٹے افراد اسے پکڑ کر سٹریچر پر لٹا دیتے ہیں۔ ایک نرس اس کے منہ میں مہیب شکل کا آلہ گھسا دیتی ہے اور ماتھے کے دونوں طرف ہیڈفون نما چیز پہنا دیتی ہے۔ ڈاکٹر سب لوگوں کو دیکھتا ہے اور مشین کا سوئچ گھما دیتا ہے۔ کرنٹ سر میں گزرنے سے رینڈل کا بدن تشنج کے شدید دورے کی زد میں آجاتا ہے۔ تمام افراد مل کر اسے سنبھال نہیں پاتے۔ کیمرہ اس کے منہ پر فوکس رہتا ہے جہاں جھٹکوں کے دوران پھنسے آلہ کو بتیسی کچل ڈالتی ہے۔ ھالی وڈ کی فلم ون فلیو اوور دی ککونیسٹ 1975ء

یہ اور ان جیسی سینکڑوں فلموں، ڈراموں، افسانوں اور ناولوں اور سنی سنائی باتوں نے بجلی کے جھٹکے سے نفسیاتی علاج کی بابت عوام میں غلط فہمیاں پھیلانے اور انہیں راسخ کرنے میں بڑا اہم کردار ادا کیا ہے۔ بجلی کے جھٹکوں سے علاج (الیکٹرو کنولسو تھراپی) 1920ء کی دہائی میں نیورولوجسٹ اور ماہرین نفسیات اتفاقیہ طور پر ایک انوکھے نتیجے پر پہنچے کہ مرگی کا دورہ کئی نفسیاتی امراض میں شفاء بخش ثابت ہوتا ہے اس مشاہدے کی بنیاد پر مرگی جیسی کیفیت طاری کرنے کے لئے کئی طریقے آزمائے گئے مثلاً "انسولین نامی ھارمون دے کر خون میں شوگر کی سطح خطرناک حد تک گرا کر تشنج پیدا کیا گیا، کافور کے انجکشن لگائے گئے اور بعدازاں میٹرازول نامی دوا استعمال ہوتی رہی بالآخر 1938 میں دو اطالوی اطباء اوگو کارلیتی اور اوچونی نے پہلی مرتبہ مرگی کا دورہ پیدا کرنے کے لئے بجلی کے کرنٹ کا کامیابی سے استعمال کیا۔ چنانچہ یہ طریقہ علاج اس وقت سے ہی مستعمل ہے۔ متعارف ہونے کے تیس سال بعد تک یہ علاج بغیر انیستھیسیا کے کیا جاتا تھا لیکن برطانیہ میں ہونے والے طبی غفلت کے ایک تاریخی مقدمے نے اس کی شکل تبدیل کردی۔ ہوا یوں کہ ایک مریض کو تشنج کا اتنا شدید دورہ پڑا کہ اس کے دونوں کولہوں کی ہڈیاں ٹوٹ گئیں۔ گو کہ عدالت نے اس مریض کی شکایت یہ کہہ کر خارج کردی کہ اطباء کی ذمہ دارانہ رائے میں جو فعل درست ہو اس کے خلاف غفلت کا مقدمہ نہیں بن سکتا لیکن پھر اسی مقدمے کی روشنی میں ای سی ٹی کا نظام تبدیل ہوتا گیا اور مریض کو مکمل بیہوش کرنا اور عضلات شل کرنے والی ادویات کا استعمال لازمی قرار پایا۔ اس کا ایک فائدہ یہ ہوا کہ دو مختلف مہارت رکھنے والے طبیب یعنی نفسیات اور انیستھیسیا کے ماہرین بیک وقت مریض کی نگہداشت کے ذمہ دار بن گئے۔ دوسری طرف کرنٹ دوڑانے والی مشینوں میں بھی جدت آئی۔ اب تشنج کے زبردست دورے کے بجائے محض پیروں کی ہلکی سی جنبش اور دماغ کی ای ای جی پر مرگی نما تشکیل نمودار ہونے کو کافی سمجھا جاتا ہے۔ کون سے مریضوں کو بجلی کے جھٹکے دیئے جاتے ہیں برطانیہ کے رائل کالج آف سائیکاٹرسٹس کے مطابق یہ علاج جن کیفیات میں کارگر ہوتا ہے ان میں شدید ڈپریشن کے مریض جن پر ادویات کارگر نہ ہو رہی ہوں، مینیا یعنی جنون، بائی پولر ڈس آرڈر، شیزوفرینیا اور کیٹاٹونیا کے مریض جو باہر کی دنیا سے پوری طرح کٹ کر کھانا پینا، بات کرنا سب چھوڑ چکے ہوں شامل ہیں۔ بچے کو جنم دینے کے بعد ماؤں میں شدید ڈپریشن جس میں ان پر سخت یاسیت اور گریہ طاری رہتے ہیں اور وہ اپنے آپ اور نومولود بچے سے قطعاً" لاتعلق ہو جاتی ہیں علاوہ ازیں آمادہ بر خودکشی مریضوں کے لئے تو یہ علاج ایک نعمت سے کم نہیں۔ کن مریضوں کو بجلی کے جھٹکے نہیں دیئے جا سکتے ویسے تو دل کے دورہ یا فالج کے حملے کا شکار ہونے والوں کو ای سی ٹی کے لئے غیر مناسب سمجھا جاتا ہے لیکن ماہر نفسیات اور ماہر بیہوشی مل کر ہی تعین کر سکتے ہیں کہ کس مریض کو یہ ٹریٹمنٹ نہیں دی جا سکے گی۔ ترقی یافتہ ممالک میں ای سی ٹی کے اعداد و شمار برطانیہ میں رائل کالج آف سائیکاٹرسٹ کے تحت ای سی ٹی ایکریڈیٹیشن سروس کا ادارہ کام کرتا ہے جو نفسیاتی مراکز میں سہولیات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ اس طریقہ علاج سے مستفید ہونے والوں پر اس کے منفی اور مثبت نتائج کا تجزیہ کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اس بات کی نگرانی بھی کرتا ہے کہ کتنے مریضوں کو یہ علاج باقاعدہ تمام سائیڈ افیکٹس بتانے اور ان کی تحریری اجازت لینے کے بعد کیا گیا جیسا اوپر ذکر ہوا ای سی ٹی کی وجہ سے برطانیہ میں طبی غفلت کی قانون سازی میں اہم موڑ آیا۔ ان اعداد و شمار پر نظر ڈالنے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ جہاں امریکہ میں سالانہ ایک لاکھ ای سی ٹی دی جاتی ہیں وہیں برطانیہ میں اس ٹریٹمنٹ میں مسلسل کمی ہو رہی ہے۔ 1980ء میں 27000 مریضوں جبکہ 1970ء میں پچاس ہزار مریضوں کو ای سی ٹی دی گئی۔ یہ تعداد گرتے گرتے 2017ء میں 2135 تک پہنچ گئی۔ ہمارے خیال میں اس انحطاط میں بہت بڑا کردار ذہنی صحت کی مد میں بجٹ میں مسلسل کمی اور طبی غفلت سے جڑے نسبتاً "نئے قوانین سے ہے جو ڈاکٹروں کو پابند بناتے ہیں کہ وہ ہر علاج سے پہلے مریض کو ممکنہ نقصانات اور پیچیدگیوں سے ضرور متنبہ کریں اور مریض کی مکمل آگاہی کے بعد اس کی اجازت کے بعد ہی علاج فراہم کریں۔ وہ مریض جو ان معلومات کو سمجھنے سے قاصر ہوں یا جن کے لئے علاج ناگزیر ہو ان کو عدالتی کارروائی کر کے سیکشن کرنا پڑتا ہے۔ پاکستان یا دنیا کے بہت سارے پسماندہ ممالک کی طرح یہ ممکن نہیں کہ مریض کی جگہ اس کا شوہر، باپ، چچا یا ماموں علاج کے اجازت نامے پر انگوٹھا لگا دے۔ کتنے مریضوں کو اس علاج سے فائدہ پہنچا برطانیہ کے جس ادارے کا ہم نے اوپر تذکرہ کیا اس کے مطابق کم وبیش پچاس فیصد مریضوں کی علامات میں بہت زیادہ بہتری دیکھی گئی۔ یہ تعداد شاید کم لگے لیکن اگر اس کا موازنہ نفسیاتی ادویات کے مسلسل استعمال کے نتائج سے کیا جائے تو ایک مختلف تاثر ابھرتا ہے۔ بھارت کی صورتحال ایک ترقی پذیر ملک کی حیثیت سے بھارت میں نفسیاتی مریضوں کو ایک بہت لمبے عرصے تک بغیر انیستھیسیا بجلی کے جھٹکے دیئے جاتے رہے۔ صورتحال اتنی خراب ہوگئی کہ اطباء اور مریضوں کے حقوق کی انجمنوں نے ایک وقت اس طریقہ علاج پر مکمل پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کیا۔ بالآخر 2011ء میں بھارت کی پارلیمان نے مینٹل ہیلتھ کیئر بل پاس کیا جس کی رو سے بلا انیستھیسیا ای سی ٹی ایک جرم بن چکا ہے۔ ای سی ٹی کے سائیڈ افیکٹس درد، غنودگی، کنفیوژن، متلی، جسم میں درد، بھوک نہ لگنا، نسیاں بالخصوص ٹریٹمنٹ سے فوراً" پہلے کی باتیں بھول جانا، تشنج کا طویل دورہ، اصل مرض میں کوئی کمی نہ آنا شامل ہیں۔ ایک مختصر تعداد میں مریض لمبے عرصے کے لئے یادداشت کھو بھی سکتے ہیں۔ اطباء کا فرض ہوتا ہے کہ وہ علاج کے فوائد اور نقصانات ترازو کے پلڑوں میں رکھیں اور وہ ترازو مریض کو بھی دکھائیں۔ تیسرا منظر مہینے یا دو مہینے میں ایک دفعہ مجھے اسپتال سے باہر واقع نفسیاتی مرکز میں جا کر ای سی ٹی کے مریضوں کو انیستھیسیا دینا ہوتا ہے۔ مجھے اس صبح کا انتظار رہتا ہے۔

کرکٹ میچ پر عمران خان کا تبصرہ اور پاک بھارت تعلقات

سید مجاہد علی

دوبئی میں ٹی۔20 کے ورلڈ کپ مقابلوں میں پاکستان کے ہاتھوں بھارت کی شکست کے بعد دونوں ملکوں میں ظاہر کئے گئے جذبات کے بعد یہ بحث اہمیت اختیار کر گئی ہے کہ کیا ایٹمی صلاحیت کے حامل یہ دو ممالک جہاں دنیا کی آبادی کا پانچواں حصہ رہتا ہے، کبھی نارمل قوموں کی طرح ایک دوسرے سے تعلقات استوار کرسکیں گے؟ کھیل کی روح خیر سگالی سے عبارت ہے۔ لیکن پاکستان اور بھارت کے درمیان کرکٹ کو دشمنی نبھانے، بڑھانے اور اچھالنے کا ذریعہ بنا لیا گیا ہے۔ کھیل میں ہار جیت ہوتی رہتی ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے مقابلوں میں کبھی کسی کا پلہ بھاری رہتا ہے تو کبھی دوسرا جیت جاتا ہے لیکن سیاسی سطح پر دونوں ملکوں میں جو ماحول پیدا کیا گیا ہے، اس کی وجہ سے کرکٹ خیر سگالی یا نفرتوں کی خلیج پاٹنے کی بجائے، فاصلے پیدا کرنے کا سبب بنی ہوئی ہے۔ بھارت میں نریندر مودی کی انتہا پسند حکومت کے دور میں جہاں دیگر شعبوں میں پاکستان دشمنی کی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے اور اندرون ملک مسلمانوں کے علاوہ دیگر مذہبی اقلیتوں کو اجتماعی غم و غصہ کا نشانہ بنانے کا ماحول بنایا گیا ہے، کرکٹ کو بھی خاص طور سے ہتھکنڈے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ بھارتی حکومت نے سیاسی فیصلہ کے ذریعے اپنے قومی کرکٹ بورڈ کو مجبور کیا ہے کہ وہ کسی سطح پر پاکستان کے ساتھ کرکٹ کے کسی مقابلہ میں شریک نہ ہو۔ تاہم انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے پلیٹ فارم پر ہونے والے مقابلوں میں بھارتی ٹیم کی شرکت اور شیڈول کے مطابق پاکستان سے مقابلہ کرنا ایک ایسی مجبوری ہے جسے بھارت کے انتہا پسند عناصر اور حکمران بھی ٹالنے میں ناکام ہیں۔ تاہم جس طرح بے پایاں نفرت سے علاقائی سیاست کو آلودہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، اور دونوں ملکوں کے درمیان ہونے والے حالیہ مقابلے کے بعد جیسے نفرت وعناد کا شدید مظاہرہ دیکھنے میں آیا ہے، اس کی روشنی میں یہ بھی بعید نہیں کہ چند برس بعد دونوں ملکوں کے درمیان دیگر مقابلوں کی طرح کرکٹ کا بھی کوئی میچ نہ ہوسکے۔ برصغیر میں کرکٹ کی بے پناہ مقبولیت کی وجہ سے حالانکہ پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کے مقابلے کا بے صبری سے انتظار کیا جاتا ہے۔ کمرشل لحاظ سے بھی یہ میچ نہایت منفعت بخش ثابت ہوتے ہیں۔ اگر نئی دہلی اور اسلام آباد کی سیاسی قیادت ہوشمندی کا مظاہرہ کرے تو ایسے مواقع کو فاصلے اور دوریاں پیدا کرنے کی بجائے اعتماد سازی اور خیر سگالی کے فروغ کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بدقسمتی سے ابھی تک یہ ماحول موجود نہیں ہے۔ میچ سے پہلے ہی دونوں طرف سے سیاسی لیڈر نفرت انگیز اور ایک دوسرے کے بارے میں ہتک آمیز بیانات داغنا شروع کرتے ہیں اور میچ میں فتح یا ناکامی کے بعد یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔ دوبئی میں بھارت کے مقابلے میں پاکستان کی فتح کے بعد یہی ماحول دیکھنے میں آیا ہے۔ کسی فتح پر خوشی کا اظہار قطعی بری بات نہیں ہے اور نہ ہی شکست کے بعد ملول ہونا اور اپنی کمزوریوں کا اندازہ کرنا کوئی غلط طریقہ ہے۔ ایسے میں ایک دوسرے کے ساتھ معمول کے چٹکلے اور فقرے بازی بھی اسی وقت لطف دیتی ہے اگر باہمی احترام ملحوظ خاطر رہے۔ دوبئی میں ہونے والے میچ سے پہلے، دوران اور بعد میں یہ ماحول نہیں دیکھا جاسکا۔ پاکستان میں ایک طبقے نے اسے مذہبی رنگ دے کر کفر و اسلام کی جنگ بنا دیا اور پاکستان کی جیت کے بعد اس بات پر خوش و اطمینان کا اظہار نہیں کیا کہ پاکستان ٹیم نے ہوشمندی سے عمدہ کرکٹ پیش کی اور انتہائی دباؤ والے میچ میں بھی اپنے دیرینہ مدمقابل کو بہتر کھیل پیش کرتے ہوئے شکست سے دوچار کیا۔ کھلاڑیوں کی کارکردگی کی توصیف اور بہتر گیم پلاننگ کی تعریف کرنے کی بجائے، یہ نعرے بازی کی گئی کہ پاکستانی ٹیم نے اللہ کی نصرت سے کامیابی حاصل کی ہے۔ اسی طرح اس جیت کی بنیاد پر ہر سماجی سطح کے لوگوں نے سوشل میڈیا پر سیاسی انتہاپسندانہ خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ہتک آمیز فقرے کس کر یا میمز بنا کر نفرت اور شدید حقارت کا اظہار کیا۔ کچھ ایسا ہی طرز عمل بھارت میں بھی دیکھنے میں آیا جہاں معاشرے میں پھیلائی گئی مسلم نفرت کی بنیاد پر بھارتی ٹیم کے واحد مسلمان کھلاڑی محمد شامی کو نشانہ بنایا گیا اور اس کے خلاف سوشل میڈیا پر نفرت کا طوفان دیکھنے میں آیا۔ گویا بھارت یہ مقابلہ صرف ایک مسلمان کھلاڑی کی کسی 'سازش' کے نتیجہ میں ہار گیا اور اگر وہ میچ میں نہ ہوتا تو بھارتی ٹیم آسانی سے جیت جاتی۔ یہاں ہارنے والی بھارتی ٹیم کے کپتان ویرات کوہلی کی وسیع القلبی کی تعریف کرنا بھی اہم ہے جنہوں نے میچ ختم ہوتے ہی پاکستانی کھلاڑیوں کو مبارک باد دی اور بعد میں پریس کانفرنس میں دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پاکستانی ٹیم نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا، اس لئے وہ جیت گئے۔ کھیل کی یہی سپرٹ دو قوموں کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے کا سبب بن سکتی ہے۔ اس ماحول میں ملک کے وزیراعظم عمران خان نے سعودی عرب میں ایک انویسٹ منٹ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ میں پاکستانی ٹیم کی شاندار فتح کا حوالہ دینا ضروری سمجھا۔ اور کہا کہ' میں جانتا ہوں کہ گزشتہ شب کرکٹ میچ میں پاکستانی ٹیم کے ہاتھوں بھارت کی زبردست شکست کے بعد ، دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کے حوالے سے بات کرنے کا مناسب وقت نہیں ہے'۔ اس کے بعد پاکستانی وزیراعظم نے تفصیل سے مقبوضہ کشمیر کی صورت حال اور دونوں ملکوں کے تعلقات میں حائل اس مشکل کا ذکر کیا لیکن کرکٹ میچ میں پاکستان کی فتح کا حوالہ دے کر بظاہر بھارتی قیادت اور عوام کا مذاق اڑانے کی کوشش کی۔ عمران خان خود عالمی شہرت یافتہ کرکٹ کھلاڑی رہے ہیں اور اس حیثیت میں حاصل ہونے والی عوامی تائید کا ذکر کرتے ہوئے وہ بھارت میں اپنی مقبولیت کا حوالہ بھی دیتے رہتے ہیں۔ بلکہ حال ہی میں وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے یہ دلچسپ بیان بھی دیا تھا کہ 'عمران خان بھارت میں اس قدر مقبول ہیں کہ وہ اگر نئی دہلی میں جلسہ کریں تو اس میں مودی کے جلسے سے زیادہ لوگ شریک ہوں گے'۔ اس تعلّی سے قطع نظر ایک وزیراعظم کی طرف سے کسی دوسرے ملک میں ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کرکٹ کے ایک میچ میں فتح کی بنیاد پر بھارت کے ساتھ استہزائیہ انداز گفتگو سفارتی پرٹوکول، بنیادی اخلاقی اقدار اور بین الملکی تعلقات کی نزاکت کے حوالے سے افسوسناک رویہ تھا۔ یہ سمجھا جاسکتا ہے کہ کرکٹ کھلاڑی ہونے کی وجہ سے وہ اس فتح پر جذبات سے مغلوب تھے، اسی لئے فی البدیہہ تقریر میں غلط انداز میں اس کا اظہار ہوا۔ تاہم یہ نشاندہی ضروری ہے کہ ملک کے وزیراعظم کو کسی بھی پلیٹ فارم پر بات کرتے ہوئے، ذاتی پسند وناپسند سے بلند ہو کر قومی مفاد کی بنیاد پر بات کرنا چاہئے۔ اس سیمینار میں عمران خان کی تقریر کا بنیادی مقصد سعودی سرمایہ کاروں کو پاکستان آنے کی دعوت دینا تھا۔ انہیں ادراک ہونا چاہئے تھا کہ کوئی بھی سرمایہ کار اسی وقت پاکستان آئے گا جب وہاں امن قائم ہوگا اور مستقبل میں اس خطہ کے کسی بڑے تنازعہ کا شکار ہونے کا امکان نہیں ہوگا۔ پاکستانی لیڈروں کو بھارت کے علاوہ افغانستان کے حوالے سے درپیش خطرات اور اندیشوں کے ماحول میں نہایت چابک دستی یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ حکومت اپنی پالیسی سے تنازعات بڑھانے کی بجائے، انہیں کم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ آنے والے وقت میں پاکستان میں حالات بہتر ہوں گے اور کسی سرمایہ دار کو پاکستان آتے ہوئے وسوسے کا شکار نہیں ہونا چاہئے۔ اس یقین دہانی کے برعکس ہمارے ملک کا وزیراعظم یہ تاثر دے رہا ہے کہ ایک میچ میں فتح یا شکست کے بعد پاکستان اور بھارت کے لیڈر وسیع تر مفادات کے لئے کام کرنے کی بجائے، یا تو ایک میچ میں فتح کو بہت بڑی کامیابی سمجھ کر سیاسی مشکلات کو حل کرنا ضروری نہیں سمجھتے یا پھر شکست کے زخم چاٹتے ہوئے ہمسایہ ملک معاملات کو اس ایک شکست کے تناظر میں ہی دیکھے گا۔ ہوسکتا ہے پاکستان اور بھارت کی حد تک لوگ اس تبصرے سے 'محظوظ' ہوں یا اس کی 'تکلیف' محسوس کریں لیکن عالمی پلیٹ فارم پر جمع کئے گئے سرمایہ کار تو یہی سمجھیں گے کہ جب ایٹمی ہتھیاروں سے لیس کسی ملک کا لیڈر ہمسایہ ملک سے تعلقات کی بحالی کو ایک میچ کی فتح شکست سے مشروط کررہا ہے تو اس خطے میں امن کا امکان نہیں ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ عمران خان نے اس سیمینار سے خطاب میں پاکستان کے شاندار ماضی کا ذکر کیا اور پھر بالواسطہ طور سے سیاسی قائدین کو پاکستان کی ناکامی کا ذمہ دار قرار دیا۔ سعودی اور دیگر غیر ملکی سرمایہ کاروں کو عمران خان کا پیغام یہ تھا کہ 'آخر ہمارے بھی اچھے دن آئیں گے۔ اس لئے جو آج سرمایہ لائے گا ، وہ فائدے میں رہے گا'۔ اس مضحکہ خیز دلیل کو سن کر نہ جانے کون سا سرمایہ دار پاکستان کا رخ کرنے پر آمادہ ہوگا۔ وزیراعظم کو اپنی زبان پر قابو نہیں ہے اور نہ ہی وہ یہ ادراک کر پا رہے ہیں کہ ان کے کمزور بیانات سے پاکستان کی پوزیشن کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ ملک میں میڈیا مینیجمنٹ کے ذریعے عمران خان کو مسیحا اور مستقبل کا معمار ثابت کرنے کی ہزار کوشش کر لی جائے لیکن ان ہتھکنڈوں سے دگرگوں معاشی حالات میں بہتری کا کوئی امکان پیدا نہیں ہوسکتا۔

بقیہ 1

انہوں نے کہا کہ چین نے وبا کی روک تھام اور کنٹرول میں اہم کردار ادا کیا ہے اور بین الاقوامی انسداد وبا تعاون کی رہنمائی کی ہے۔

بقیہ 2

کہ یمن میں گزشتہ کئی برسوں سے ایران نواز حوثی باغیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان جنگ جاری ہے۔

بقیہ 3

گیا ہے کئی پارٹی رہنما اور حکومتی عہدے داروں کو بھی حراست میں لینے کی اطلاعات ہیں جب کہ دارالحکومت خرطوم میں انٹرنیٹ سروس بھی متاثر ہوئی ہے۔ مقامی صحافیوں اور سماجی کارکنوں کے مطابق سوڈان کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کو بھی بند کردیا گیا ہے۔ سوڈان میں ٹریڈ یونینز کی جانب سے پیر کو عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ گھروں سے باہر نکلیں اور فوجی بغاوت کو ناکام بنائیں۔ واضح رہے کہ سوڈان طویل عرصے تک حکمرانی کرنے والے سابق صدر عمر البشیر کا 2019 میں تختہ الٹنے کے بعد سے ہی سیاسی عدم استحکام کا شکار ہے۔ اس دوران فوج نے ماہر معیشت اور سفارت کار عبداللہ حمدوک کو عبوری وزیر اعظم نامزد کرنے کی حمایت کی تھی۔ عمر البشیر کو سوڈان میں بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہروں کے بعد گرفتار کرلیا گیا تھا جس کی وجہ سے ان کے حامی فوجی افسران اور سول حکومت کے تعلقات میں کافی عرصے سے سردمہری پائی جاتی تھی۔ سوڈان میں آئندہ برس کے اختتام پر نئے انتخابات ہونے والے ہیں، تاہم آئین کے مطابق عبداللہ حمدوک کو الیکشن لڑنے کی اجازت نہیں ہے۔ البتہ فوج کے اندر موجود عمر البشیر کے حامی دھڑے کی جانب سے وزیر اعظم عبداللہ حمدوک کو مسلسل مزاحمت کا سامنا تھا۔ گذشتہ ماہ 21 ستمبر کو بھی سوڈان میں اس وقت فوجی بغاوت کی کوشش کی گئی تھی جب درجنوں فوجی اہل کاروں نے ایک اہم پل پر قبضہ کرلیا تھا۔ تاہم یہ کوشش ناکام بنا کر کئی فوجیوں کو گرفتار کر لیا گیا تھا۔ گذشتہ ہفتے ہزاروں مظاہرین نے ملک میں ممکنہ فوجی بغاوت کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے تھے۔ مظاہرین نے حکومت کی حمایت میں نعرے بازی بھی کی تھی۔

بقیہ 4

کے زیادہ قریب آئے ہیں۔ قبل ازیں متحدہ عرب امارات کی فضائیہ کے کمانڈر میجر جنرل ابراہیم ناصر محمد العلاوی نے رواں ہفتے اسرائیل کی میزبانی میں ایک کثیر قومی فوجی مشق بلیو فلیگ میں بھی غیر علانیہ شرکت کی تھی۔ ان کے اسرائیلی ہم منصب میجر جنرل امیکام نورکین نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ یہ فی الواقع ایک تاریخی دن ہے۔ اس کی ہماری فضائیہ کے درمیان تعاون کے مستقبل کے لیے زبردست اہمیت ہے۔ اس بیان میں اس امر کی وضاحت نہیں کی گئی کہ دونوں ملکوں کی فضائیہ میں کیا دوطرفہ تعاون ہوسکتا ہے۔ اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے تجویز دی کہ خلیجی ہمسایہ ممالک یواے ای اور بحرین کو ایرانی ساختہ ڈرونز کے خلاف مشترکہ دفاع میں دلچسپی ہوسکتی ہے۔ متحدہ عرب امارات کے ساتھ بحرین نے بھی گذشتہ سال اسرائیل سے باضابطہ طور پر دوطرفہ تعلقات استوار کیے تھے۔ گذشتہ ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے اسرائیلی وزیراعظم نفتالی بینیٹ نے کہا تھا کہ ایران یمن، عراق، شام اور لبنان میں اپنی آلہ کار تنظیموں کو سیکڑوں اور ہزاروں مہلک ڈرونز سے لیس کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ تاہم ایران خطے بھر میں کسی بھی نیم فوجی دستے یا ملیشیا کو مسلح کرنے کی تردید کی ہے۔ دریں اثنا شام کے سرکاری ذرائع ابلاغ کے مطابق اسرائیل نے شام میں ایرانیوں سے وابستہ اہداف کے خلاف باقاعدہ حملے کیے ہیں اور اس نے سوموار کو ایسا ہی ایک اور حملہ کیا ہے۔

بقیہ 5

غنی کے ملک سے فرار ہونے سے سب ختم ہو گیا۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو میں زلمے خلیل زاد نے کہا کہ واشنگٹن نے صورتحال دیکھ کر فیصلہ کیا کہ دیر میں مذاکرات کرنے سے بہتر پہلے مذاکرات کرنا ہے، طالبان کے سابق صدر اشرف غنی حکومت کے ساتھ مشترکہ حکومت کے قیام کے لئے مذاکرات چل رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اشرف غنی حکومت کے افراد کو نئی حکومت میں شامل کئے جانے کا امکان تھا مگر اشرف غنی کے ملک سے فرار ہونے سے سب ختم ہوگیا۔

بقیہ 6

گے اور عالمی معیار کے حامل ہوں گے -دونوں کمپنیاں برابر کی حصہ دار ہوں گی۔ آرامکو کا کہنا تھا کہ پٹرول سٹیشن سعودی آرامکو اور ٹوٹل انرجیز کے کمرشل مارکوں کے ساتھ کام کریں گے۔ دونوں کمپنیاں آئل ٹینکرز کو فیول فراہم کریں گی اور اعلی معیار کے مطابق منفرد سہولیات مہیا کریں گی۔ سعودی آرامکو کے چیئرمین انجینیئر امین الناصر نے اس موقع پر کہا کہ سعودی آرامکو مشرق ایشیا اور شمالی امریکہ میں ہزاروں پٹرول سٹیشن قائم کیے ہوئے ہے۔ مملکت میں کمرشل مارکے کے ساتھ پہلی بار پٹرول سٹیشن قائم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھٹے عشرے میں آرامکو سعودی عرب میں پٹرول سٹیشن کھولے ہوئے تھی اس کے بعد کاروبار بند کردیا تھا۔ سعودی آرامکو اور ٹوٹل انرجیز مشترکہ پروجیکٹ کے تحت سعودی شہریوں کو اچھی تنخواہ پر روزگار فراہم کریں گی۔ دونوں کمپنیاں صارفین کو پٹرول سٹیشنوں کے تحت آنے والی تمام سہولتیں فراہم کریں گی۔ ٹوٹل انرجیز سٹیشنوں پر بونجور کافی شاپ کھلیں گی جبکہ سعودی آرامکو اپنے ہر پٹرول سٹیشن پر کافی قہوہ خانہ کھولے گی۔ پٹرول سٹیشنوں کو شمسی توانائی سے چلایا جائے گا۔

بقیہ 7

پاکستان کی جیت کا جشن منایا تھا۔ آئی جی پولیس مقبوضہ کشمیر کا کہنا تھا کہ کشمیری طلبہ کیخلاف یو اے پی اے ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی۔ اس سے قبل بھارتی پنجاب کے ضلع سنگور کے ایک انجینئرنگ کالج میں پاکستان کے ہاتھوں بھارت کی تاریخی شکست کے بعد بھارت میں انتہا پسند ہندو غصے میں آئے اور انہوں نے معصوم کشمیری طلبا کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا جبکہ پولیس نے اس واقعے کے خلاف کوئی مقدمہ درج نہیں کیا۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں پاکستان نے بھارت سے شکست کا جمود توڑ کر اسے چاروں شانے چت کرتے ہوئے 10 وکٹوں سے ہرا تھا۔

بقیہ 8

ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اردن کے شاہی ریسرچ سینٹر کی طرف سے جاری ایک رپورٹ میں ایسی 50 عالمی اور موثر شخصیات بیان کی گئی ہیں جن میں پہلے 20 کی فہرست میں اسماعیل ھنیہ بھی شامل ہیں۔ یہ فہرست اردنی ادارے مبدا کی طرف سے جاری کی گئی ہے۔ دنیا کی موثر ترین پچاس شخصیات میں امیر قطر الشیخ تمیم بن حمد اور سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز بھی شامل ہیں۔ خیال رہے کہ اسماعیل ھنیہ سنہ 2006 کے فلسطینی پارلیمانی انتخابات کے بعد قومی حکومت تشکیل دی تھی۔ انہیں فلسطینی صدر محمود عباس نے عہدے سے ہٹا دیا تھا۔ سنہ 2017 کو انہیں حماس کے سیاسی شعبے کا سربراہ مقرر کیا گیا تھا۔

بقیہ 9

نے یہ بات اقوام متحدہ کہ جنرل اسمبلی کی انسانی حقوق کی کمیٹی میں کہی۔ انسانی حقوق کے عالمی ادارے ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا تھا کہ گزشتہ برس مشرق وسطی کے خطے میں 493 افراد کو موت کی سزا دی گئی، جن میں سے نصف سے زائد افراد کا تعلق ایران سے تھا۔

بقیہ 10

اور کہا کہ مصر خطے میں سلامتی اور استحکام کا مرکز بن گیا ہے۔ انہوں نے ملک بھر میں برسوں میں پہلی بار ہنگامی حالت کی توسیع نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ہنگامی حالت ختم کرنے کا اعلان کیا۔ صدر السیسی نے کہا کہ حقیقی معنوں میں یہ فیصلہ مصری عوام نے کیا ہے۔ جنہوں نے گذشتہ برسوں کے دوران ملک کی تعمیر وترقی اور استحکام کے لیے ہونے والی مساعی میں اپنی مخلصانہ شراکت کو یقینی بنایا ہے۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز، فوج اور پولیس کی قربانیوں کا بھی حوالہ دیا جنہوں نے ملک کو سلامتی اور استحکام کے اس مقام تک پہنچایا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ السیسی نے قومی دفاعی کونسل کے طویل اجلاس کے بعد اپریل 2017 میں طنطا اور اسکندریہ کے دو گرجا گھروں پر حملوں کے بعد ہنگامی حالت نافذ کرنے کا حکم جاری کیا تھا۔ اس وقت کے ملک کی پارلیمنٹ نے کثرت رائے سے اس فیصلے کی توثیق کی تھی۔

بقیہ 11

سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسجد اقصی پر یہودی آباد کاروں کے روزمرہ کی بنیاد پر جاری دھاوے، یہودی عبادت گاہ فخر اسرائیل کی مرمت اور مسجد اقصی کی علامات کو تبدیل کرنا مسلمانوں کے مذہبی امور میں مداخلت ہے۔ الشیخ محمد حسین کا کہنا تھا کہ مسجد اقصی کی فضا کو بند کرنا خطرناک کوشش ہے۔ انہوں نے مسجد اقصی کے مغرب میں 250 میٹر دور یہودی کنیسے کی مرمت کی مذمت کی اور اسے مسجد اقصی کے لیے وقف املاک میں مداخلت کی ایک مکروہ شکل قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ مسجد اقصی، القدس کے دیگر مقدس مقامات گذشتہ طویل عرصے سے صہیونی ریاست مذہبی یہودی تسلط جمانے کے لیے کوشاں ہے۔ الشیخ محمد حسین نے یہودی انتہا پسندوں کی جانب سے مسجد اقصی پر سرمائی سیزن کی آڑ میں بے حرمتی اور دھاوے کی شدید مذمت کی اور انہیں ہیکل سلیمانی کی پرچارک تنظیموں کی سازش قرار دیا۔ مفتی اعظم فلسطین نے اسرائیلی ریاست کی جانب سے جنوبی بیت المقدس میں یہودی آباد کاروں کے لیے تین ہزار گھروں کی تعمیر کی بھی مذمت کی۔ انہوں نیکہا کہ اسرائیلی دشمن کی طرف سے القدس میں مزید گھروں کی تعمیر کی منظوری القدس کو غرب اردن کے شمال اور جنوب سے الگ کرنے کی ایک سوچی سمجھی سازش ہے۔

بقیہ 12

جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ اس وقت نصف درجن سے زاید فلسطینی اسرائیلی جیلوں میں بلا جواز انتظامی قید کے خلاف بھوک ہڑتال کر رہے ہیں۔ ان میں سے بعض کی بھوک ہڑتال کئی ہفتوں سے جاری ہے جس کے باعث ان کی زندگی خطرے سے دوچار ہوچکی ہے۔ ان کی زندگیوں کو درپیش خطرات کی تمام تر ذمہ داری اسرائیل پر عاید ہوتی ہے۔ عرب لیگ نے خبردار کیا کہ اسرائیلی حکومت فلسطینی اسیران بالخصوص بھوک ہڑتال کرنے والے فلسطینی اسیران کے معاملے میں دانستہ لاپرواہی اور مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کررہا ہے۔ عرب لیگ نے اسرائیل پر فلسطینی اسیران کے حقوق کا احترام کرنے اور بھوک ہڑتالی اسیران کے تمام جائز اور اصولی مطالبات تسلیم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اسرائیلی انتظامیہ کی جانب سے فلسطینی اسیران کی انتظامی قید کے خاتمے سے متعلق مطالبات کو نظرانداز کرنا بالخصوص کاید الفسفوس اور مقداد القواسمہ کی رہائی میں ٹال مٹول ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 13

کالونیوں کے لیے 2 کروڑ 50 لاکھ شیکل کی رقم مختص کی ہے۔ یہ رقم غزہ کے قریب بالخصوص عسقلان کے علاقے میں موجود کالونیوں کو فلسطینیوں کے راکٹ حملوں سے بچانے کے لیے استعمال کی جائے گی۔ اسرائیلی کنیسٹ کی مالیاتی کمیٹی کے چیئرمین الیکس کوشنر نے ایک بیان میں کہا کہ غزہ کے قریب بسنے والے ہزاروں یہودی آباد کاروں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں اور وہ غیر محفوظ ہیں۔ کسی بھی وقت وہ حملے کا نشانہ بن سکتے ہیں۔ دوسری جانب عسقلان کے اسرائیلی میئر تامر گلام نے یہودی کالونیوں کی سکیورٹی کے لیے منظور کردہ بجٹ کو ناکافی قرار دیتے ہوئے حکومت پر تنقید کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک ارب کا چوتھا حصہ بجٹ مختص کرنا اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ہے۔ اس وقت ہمیں عسقلان اور فلسطینیوں کے راکٹوں کے ممکنہ نشانے پر تمام علاقوں کی کالونیوں کو سیکیورٹی فراہم کرنا ہوگی۔ رکن کنیسٹ کشنر نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ایک طویل جدو جہد کے بعد ہم یہودی کالونیوں کے دفاع کے لیے بجٹ منظور کرانے میں کامیاب رہے ہیں۔

بقیہ 14

امریکی ایٹمی آبدوز کے کسی نامعلوم چیز سے ٹکرانے کے بارے میں سوالات کے جوابات دیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ امریکہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس واقعے کی تفصیل سے وضاحت کرے اور علاقائی ممالک اور عالمی برادری کے خدشات کا جواب دے۔ ترجمان نے کہا کہ چین نے بارہا اس واقعے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور امریکہ سے وضاحت طلب کی ہے۔ تاہم ابھی تک امریکی فوج کی جانب سے طویل تاخیر کے بعد صرف ایک مختصر اور مبہم بیان دیا گیا ہے۔ اس غیر ذمہ دارانہ انداز نے علاقائی ممالک اور عالمی برادری کو اس واقعے کی سچائی اور امریکہ کے ارادوں پر سوالات اٹھانے پر مجبور کر دیا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ ایک طویل عرصے سے امریکہ نے بحیرہ جنوبی چین میں آزاد جہاز رانی کے جھنڈے تلے سرگرمیاں جاری ہیں، جو علاقائی امن واستحکام کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔

بقیہ 15

بیان میں کہا گیا کہ اقوام متحدہ خودمختار ممالک پر مشتمل ایک بین الحکومتی عالمی تنظیم ہے۔ جنرل اسمبلی کی 1971 میں منظور کردہ قرارداد 2758 نے سیاسی، قانونی اور انتظامی طور پر اقوام متحدہ میں عوامی جمہوریہ چین کی نمائندگی کے مسئلے کو مکمل طور پر حل کر دیا ہے۔ امریکہ سمیت اقوام متحدہ کے سبھی ارکان یہ تسلیم کرتے ہیں کہ دنیا میں صرف ایک چین ہے اور تائیوان چینی سرزمین کا ایک اٹوٹ حصہ ہے۔ بین الاقوامی تنظیم کی سرگرمیوں میں تائیوان علاقے کی شرکت کو ایک چین کے اصول کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ چین نے امریکہ پر زور دیا کہ وہ ایک چین کے اصول اور چین۔ امریکہ تین مشترکہ اعلامیوں، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی مذکورہ قرارداد کی پاسداری کرے، تائیوان کے ساتھ سرکاری روابط بند کرے، غیر ذمہ دارانہ بیانات کا سلسلہ ترک کرے، کسی بھی صورت میں "تائیوان کی علیحدگی پسند" قوتوں کو غلط اشارے نہ دے اور چین۔ امریکہ تعلقات اور آبنائے تائیوان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیوں سے باز رہے۔

بقیہ 16

اقدامات لے اور فنڈنگ کرے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ افغانستان میں 2 کروڑ 20 لاکھ افراد موسم سرما میں شدید غذائی قلت کا شکار ہوسکتے ہیں، اس موسم سرما میں لاکھوں افغانی ہجرت اور بھوک کے درمیان فیصلہ کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا کہ ہر دو میں سے ایک افغان باشندے کو فیز تھری بحران یا فیز فور ایمرجنسی خوراک کی کمی کا سامنا ہے۔

بقیہ 17

نامعلوم مقام لے منتقل کیا گیا ہے۔ البتہ عسکری انقلاب تسلیم کرنے کے لیے حمدوک پر کسی قسم کا کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا۔ آدم کے نزدیک عسکری جانب سے حکومت کا تختہ الٹنے کے لیے، بحرانات سے فائدہ اٹھایا گیا۔ اس کھیل کی قیادت عبوری کونسل کے فوجی سربراہ جنرل عبدالفتاح البرہان کر رہے ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ اتوار کے روز عبوری کونسل کے سربراہ کے ساتھ ملاقات میں وزیر اعظم نے حکومت تحلیل کرنے کا مطالبہ مسترد کر دیا تھا۔ وزیر اعظم کے دفتر کے ڈائریکٹر کے مطابق عسکری ادارہ اقتدار حوالے کرنے کے سلسلے میں اپنے وعدوں کی پاسداری نہیں چاہتا ہے۔ ادارے نے متعدد سویلین نمائندوں کے ساتھ بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ آدم نے بتایا کہ اتوار کی ملاقات میں عبوری کونسل کے فوجی سربراہ بعض سیاست دانوں کی جانب سے فوج پر تنقید کے سبب غصے میں تھے۔

بقیہ 18

جلاوطنی کی زندگی گزارنے والے خفیہ ادارے کے سابق عہدیدار نے الزام لگایا کہ 2014 میں شہزادہ محمد بن سلمان نے فخریہ انداز میں کہا کہ وہ شاہ عبداللہ کو قتل کر سکتے ہیں۔ اس وقت شہزادہ محمد بن سلمان کسی بڑے حکومتی عہدے پر فائز نہیں تھے لیکن اپنے والد کی شاہی عدالت میں بطور گیٹ کیپر خدمات انجام دے رہے تھے، وہ اس وقت بھی تخت کے وارث تھے۔ سعد الجبری نے شہزادہ محمد بن سلمان کو خبردار کیا کہ ان کے پاس ولی عہد کی ویڈیو ہے جس سے شاہی خاندان اور امریکا کے کئی بڑے رازوں کا انکشاف ہوتا ہے۔ سعد الجبری کا کہنا تھا کہ اگر شاہ عبداللہ کو قتل کر دیا جاتا تو یہ ویڈیو ریلیز بھی ہوسکتی تھیں۔ یاد رہے کہ سعد الجبری کو وطن واپس بلانے کے لیے دباؤ ڈالنے کے طور پر ان کے 2 جوان بچے سعودی حکومت کی حراست میں ہیں۔ اگر سعد الجبری واپس آجاتے ہیں تو ممکنہ طور پر انہیں جیل بھیج دیا جائے گا یا انہیں اپنے سابق مالک کی طرح گھر سے گرفتار کرلیا جائے گا۔ ان کے سابق باس محمد بن نائف طاقتور وزیر داخلہ تھے جنہیں موجودہ ولی عہد نے 2017 میں جانشینی سے نکال دیا تھا۔

بقیہ 19

نے یہ بھی کہا کہ میچ میں شاندار کامیابی سمیٹنے والے کرکٹرز آج ایک غمزدہ قوم کے چہرے پر مسکراہٹ لائے اور سب کے دلوں میں نئی امیدیں جگائیں کہ یہ قوم زندہ ہے اور اسے کوئی یرغمال نہیں بنا سکتا۔ خیال رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغان بیٹسمینوں کی دھواں دار بیٹنگ کے بعد اسپنر مجیب الرحمٰن نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے اسکاٹ لینڈ کو یکطرفہ شکست سے دوچار کیا۔

بقیہ 20

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے سرکلر کاربن اکانومی اور دنیا بھر میں 75 کروڑ افراد کو ماحول دوست ایندھن کی فراہمی کی فنڈنگ کے لیے 2 اقدامات کا اعلان کیا۔ ان منصوبوں کے لیے 39 ارب ریال (10 ارب 40 کروڑ ڈالر) لاگت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، سعودی ولی عہد نے بتایا کہ سعودی عرب اس میں 15 فیصد حصہ ڈالے گا اور بقیہ فنڈز خطے کے فنڈز اور دیگر ممالک سے لیے جائیں گے۔ ریاض میں مڈل ایسٹ گرین انیشی ایٹو اجلاس میں سربراہان ریاست اور سینئر عہدیداراوں سے خطاب کرتے ہوئے ان کا مزید کہنا تھا کہ اس بات پر یقین رکھتے ہوئے کہ یہ تبدیلیاں نہ صرف ماحول بلکہ معیشت اور سلامتی کے لیے بھی ہیں، آج ہم اس علاقے کے لیے سبز دور کا آغاز کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم حل کے لیے خطے میں سرکلر کاربن ٹیکنالوجی کے ساتھ ایک سرمایہ کاری فنڈ کے قیام اور ایک عالمی اقدام پر کام کریں گے جو عالمی سطح پر 75 کروڑ سے زیادہ افراد کو خوراک کو فراہم کرنے کے لیے صاف ایندھن کا حل فراہم کرے گا۔ سرکلر کاربن اکانومی ایک ایسا تصور ہے جسے سعودیوں نے فروغ دیا ہے جس کا مقصد کاربن کو ہٹا کر دوسری مصنوعات میں دوبارہ استعمال کرنے کے لیے ذخیرہ کرنا ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن کے موسمیاتی سفیر جان کیری نے سعودی منصوبے کی توثیق کی اور کہا کہ صاف ستھری توانائی کی طرف منتقلی دنیا کا اب تک کا سب سے بڑا مارکیٹ موقع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جیتنے والے وہ لوگ ہوں گے جو اس مارکیٹ میں داخل ہوں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ چیز ہے جسے ولی عہد نے سمجھا ہے۔ اس اجلاس میں قطر اور پاکستان کے رہنما بھی شریک ہوئے تھے اور اس کے دوران ہفتے کے روز سعودی ولی عہد نے سال 2060 تک کاربن کا اخراج صفر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ تاہم ماحولیاتی گروپ گرین پیس نے اس ہدف کی سنجیدگی پر سوال اٹھایا تھا کیوں کہ اس سے قبل تیل کی پیداوار کی سب سے بڑی کمپنی آرامکو نے کہا تھا کہ وہ سال 2027 تک خام تیل کی پیداوار ایک کروڑ 30 لاکھ بیرل یومیہ تک پہنچانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ خیال رہے کہ سعودی عرب آرگنائزیشن آف پیٹرولیم ایکسپورٹنگ کنٹریز) اوپیک (میں سب سے زیادہ خام تیل پیدا کرنے والا ملک ہے۔ کاربن اخراج صفر کرنے کا مطلب ماحول مین کاربن جذب کرنے کو کارب خارج کرنے سے متوازن کرنا ہے اور اقوام متحدہ کے مطابق سرکلر کارب اکانومی دنیا کے ماحولیاتی اہداف کو پانے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ 21

کے قبلہ اول کی بے حرمتی کی۔ یہودی آباد کار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر انتہا پسند یہودی شر پسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطینی محکمہ اوقاف کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ یہودی آباد کاروں، اسرائیلی طلبا اور انٹیلی جنس اہلکاروں سمیت درجنوں انتہا پسندوں نے قبلہ اول میں گھس کر اشتعال انگیز چکر لگائے۔ یہودی آباد کار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر انتہا پسند یہودی شر پسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی۔ خیال رہے کہ جمعہ اور ہفتہ کے دن کے علاوہ ہفتے کے باقی ایام میں یہودی آباد کار مسجد اقصی پر دھاوے بولتے اور تلمودی تعلیمات کے مطابق مسجد اقصی کی حرمت کو پامال کرنے والے اشتعال انگیز اقدامات اور حرکات کرتے ہیں۔ یہودی آباد کاروں کو قبلہ اول پر دھاووں کے لیے فول پروف سکیورٹی فراہم کی جاتی ہے جب کہ فلسطینیوں کو قبلہ اول میں نماز کی ادائی سے روکنے کے لیے طاقت کے استعمال سمیت طرح طرح کے حربے استعمال کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 22

زیادہ کلک کیے جانے والے اور اختلاف رائے پیدا کرنے والے مواد کو ترجیح دیتے ہوئے انگیجمنٹ پرمبنی درجہ بندی کا استعمال کیا۔ امریکی کانگریس میں بیان اس حوالے سے بیان دینے کے ایک ہفتے بعد فرانسس ہوگن نے فیس بک سے متعلق ریگولیٹری آپشنز پر تحقیق کرنے والے برطانوی قانون سازوں کے پینل کو بتایا کہ یہ آپ کو انتہا کی طرف دھکیلتی ہے اور یہ نفرت کو بڑھاوا دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غصہ اور نفرت فیس بک پر آگے بڑھنے کا سب سے آسان طریقہ ہے، برے اداکاروں کو الگورتھم کی ترغیب ملتی ہے، اور وہ فیس بک کو اوپٹیمائز کرنے کے تمام طریقے تلاش کرتے ہیں۔ 2019 میں فیس بک کے لیے کام کرنے سے قبل وہ گوگل اور پن ٹرسٹ سمیت کئی کمپنیوں کے لیے کام کر چکی ہیں اور انہیں امید تھی کہ وہ فیس بک کو بدلنے میں مدد کریں گی۔ تاہم 37 سالہ ڈیٹا سائنسدان نے کہا کہ وہ کمپنی کی جانب سے مواد کے انتخاب کے بارے میں فکر مند ہوگئیں اور مئی میں ملازمت چھوڑ دی۔ اس کے بعد انہوں نے امریکی قانون سازوں اور وال سٹریٹ جرنل سے دستاویزات شیئر کی تھیں جس میں گمراہ کن معلومات، نفرت انگیز اور دیگر مواد کے حل میں فیس بک کی ناکامیوں کو ظاہر کیا گیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی الزام لگایا تھا کہ کمپنی کو معلوم ہے کہ انسٹاگرام سمیت اس کی مصنوعات نوجوان لڑکیوں کو خاص طور پر جسمانی ساخت کے حوالے سے نقصان پہنچا رہی ہیں۔ فرانسس ہوگن نے برطانوی قانون سازوں کو بتایا کہ میں بہت پریشان ہوں کہ شاید 14 سالہ بچے کے لیے انسٹاگرام کو محفوظ بنانا ممکن نہ ہو اور مجھے لگتا ہے کہ اسے 10 سالہ بچے کے لیے محفوظ بنانا ممکن ہے۔ کمپنی کی ناکامیوں کے وسیع جائزے میں، انہوں نے کہا کہ فیس بک لاکھوں صارفین پر مشتمل بڑے گروپس کو منظم کرنے میں ناکام ہورہی ہے جہاں گمراہ کن معلومات پھیلائی جاتی ہیں۔

بقیہ 23

مطابق یہ ٹرائل کے دوسرے / تیسرے مرحلے کے ابتدائی نتائج ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ ویکسین بچوں کو استعمال کرانے کے لیے محفوظ ہے۔ اس ٹرائل میں 4573 صحت مند بچوں کو شامل کیا گیا تھا جن میں سے ویکسین اور پلیسبو استعمال کرنے والے گروپس کو بنایا گیا۔ ویکسین گروپ میں شامل بچوں کو 50 مائیکروگرام کی 2 خوراکیں 28 دن کے وقفے سے استعمال کرائی گئی تھیں۔ نتائج سے ثابت ہوا کہ دوسری خوراک کے استعمال کے ایک ماہ بعد بچوں میں ٹھوس مدافعتی ردعمل بن گیا۔ ٹرائل میں جو مضر اثرات بچوں میں نظر آئے وہ معمولی یا معتدل تھے جن میں تھکاوٹ، سردرد، بخار اور انجکشن کے مقام پر تکلیف قابل ذکر ہے۔ اب کمپنی کی جانب سے یہ ڈیٹا دنیا بھر میں ریگولیٹری اداروں کو پاس جمع کرانے کے بعد اس عمر کے بچوں کے لیے ویکسین استعمال کرنے کی اجازت طلب کی جائے گی۔ یہ نتائج اس وقت سامنے آئے ہیں جب 22 اکتوبر کو فائزر کی جانب سے 5 سے 11 سال کے بچوں میں ویکسین ٹرائل کے نتائج جاری کیے گئے تھے۔ تحقیق میں 5 سے 11 سال کے بچوں میں ویکسین محفوظ اور بیماری سے بچانے کے لیے 90.7 فیصد تک موثر ثابت ہوئی۔ فائزر کی جانب سے اب اس ڈیٹا کو یو ایس فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کے پاس جمع کرایا جارہا ہے تاکہ اس عمر کے بچوں کے لیے ویکسینیشن کی منظوری حاصل کی جاسکے۔ اس تحقیق میں 5 سے 11 سال کی عمر کے 2268 بچوں کو شامل کیا گیا تھا جن کو 3 ہفتوں کے وقفے کے دوران پلیسبو یا کم مقدار میں ویکسین کی 2 خوراکیں استعمال کرائی گئی تھیں۔ ویکسین کی ہر خوراک کی مقدار نوجوانوں اور بالغ افراد کو دی جانے والی ویکسین کی مقدار سے دوتہائی کم تھی۔ تحقیق میں پلیسبو استعمال کرنے والوں میں 16 جبکہ ویکسین شدہ بچوں میں کووڈ کے 3 کیسز رپورٹ ہوئے جن کو مدنظر رکھتے ہوئے محققین نے تخمینہ لگایا کہ کم مقدار والی خوراک والی ویکسین اس عمر کے گروپ میں لگ بھگ 91 فیصد تک موثر تھی۔

بقیہ 24

۔ ایردوآن نے سفیروں کے بیان کو ترکی میں آزاد عدلیہ کو نشانہ بنانے اور عدالت کی توہین قرار دیا۔ کاروباری شخصیت عثمان کاوالا کو بین الاقوامی سطح پر مشہور نہیں تھے۔ انہیں شہرت اس وقت ملی جب ترک حکام نے انہیں 18 اکتوبر 2017 کو استنبول ایئرپورٹ پر حراست میں لیا۔ وہ معمول کے کاروباری دورے پر ملک سے باہر جا رہے تھے۔ اس کے بعد ان پر 2016 میں ناکام بغاوت کی کوشش کا الزام عاید کیا گیا تھا۔ تاہم ان الزامات نے انہیں وسیع شہرت فراہم کی کیونکہ امریکا، یورپی ممالک اور یورپی عدالت برائے انسانی حقوق نے کئی بار ان کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ 64 سالہ کاوالا 2017 سے بغیر سزا کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہیں اور اسے 2013 کے گیزی مظاہروں اور 2016 میں بغاوت کی کوشش کے سلسلے میں متعدد الزامات کا سامنا ہے۔

بقیہ 25

صوبے گانسو میں سیاحتی مقامات کو بند کردیا گیا ہے۔ چائنا ہیلتھ کمیشن نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 35 نئے کیسز کو رپورٹ کیا۔ چین نے جون 2021 میں 3 سے 17 سال کی عمر کے بچوں کے لیے سائنو فارم اور سائنو ویک ویکسینز کی منظوری دی گئی ہے مگر اب تک 12 سال یا اس سے زائد عمر کے بچوں تک کی ہی ویکسینیشن کی گئی ہے۔ اگست میں ریگولیٹرز نے بچوں کے لیے سائنو فارم کی ایک اور ویکسین کی بھی منظوری دی گئی جو ووہان انسٹیٹوٹ آف بائیولوجیکل پراڈکٹس نے تیار کی تھی۔ چین میں بچوں کے لیے ویکسینز کے استعمال کی منظوری کے بعد مختلف ممالک میں بھی بچوں کے لیے ان ویکسینز کا استعمال کیا جارہا ہے۔ کمبوڈیا میں 6 سے 11 سال کی عمر کے بچوں کے لیے سائنو فارم اور سائنو ویک ویکسینز کا استعمال ہورہا ہے۔ ارجنٹائن نے 3 سال یا اس سے زائد عمر کے بچوں کے لیے سائنو فارم ویکسین کی منظوری دی۔ سائنو ویک کی جانب سے مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے 14 ہزار بچوں میں ویکسین کی افادیت کے ٹرائل کا آغاز کیا تھا جبکہ چین میں بچوں کے لیے اس کی منظوری پہلے اور دوسرے مرحلے کے چھوٹے ٹرائلز کے نتائج پر دی گئی تھی۔ سائنو فارم ویکسین کی منظوری بھی پہلے اور دوسرے مرحلے کے چھوٹے ٹرائلز کے نتائج پر دی گئی تھی۔

بقیہ 26

الحدری نے بتایا کہ اس کا تیار کردہ آلہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس ہے۔ یہ جدید ترین اور درست ترین طریقے سے اسمگلنگ کو کنٹرول کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اس ایجاد میں 4K کیمرے بھی نصب ہیں۔ نورہ کے مطابق اس مفید آلے کو تیار کرنے میں اسے 4 برس کا عرصہ لگا۔ سعودی طالبہ نے مزید بتایا کہ اس ایجاد کا مقصد ممنوعہ اشیا اور غیر قانونی اسلحے کا پتہ چلانے میں سیکورٹی اہل کاروں کی مدد کرنا ہے۔ یہ آلہ معاشرے میں امن وامان برقرار رکھنے اور جرائم پر روک لگانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ نورہ کے مطابق اس منصوبے کے دوران میں اسے اپنے گھر والوں اور معلمات کی جانب سے مکمل سپورٹ حاصل رہی۔ نورہ نے بتایا کہ اس کی کم عمری اس ایجاد کو منظور کرانے کی راہ میں رکاوٹ بن گئی۔ متعلقہ اداروں کی جانب سے کسی بھی ایجاد کو سرکاری طور پر منظور کرانے کے لیے کم ازکم عمر 21 برس ہے۔

بقیہ 27

کہا ہے کہ میانمار جنوب ایشیائی اقوام کی تنظیم آسیان کی ساکھ کے لیے ایک سخت امتحان ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق انہوں نے یہ بات برونائی میں جاری اس تنظیم کے سربراہی اجلاس میں کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ آسیان کا میانمار کے حوالے سے تعمیری کردار غیرمعمولی اہمیت کا حامل ہے۔ اس بار میانمار اس سربراہی کانفرنس میں شریک نہیں ہے۔ رواں برس فروری میں میانمار میں فوج نے سویلین حکومت کا تختہ الٹ کا مارشل لا نافذ کر دیا تھا جب کہ آسیان ممالک کے اجلاس میں میانمار کے فوجی سربراہ کو شرکت سے روک دیا گیا تھا۔ میانمار نے تاہم اپنے دیگر نمائندہ بھیجنے سے انکار کر دیا تھا۔

بقیہ 28

میں تاریخی زبیدہ ٹریل اسٹیشنوں میں سے ایک پر کھدائی کا یہ پہلا منصوبہ ہے جس کی منظوری وزیر ثقافت اور ہیریٹیج اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین شہزادہ بدر بن عبداللہ بن فرحان کی جانب سے دی گئی تھی۔ زبیدہ ٹریل پروگرام گزشتہ رمضان میں شروع کیا گیا تھا۔ منصوبے میں اس کے ٹریکس میں مطالعہ، تحقیق اور سائنسی جرائد میں ان کی اشاعت شامل ہے۔ اس راستے کے اندر پگڈنڈی کو تلاش کرنے کے لیے دیگر نئے پروجیکٹس شروع کرنے پر کام کرنے بھی شروع کیا جائے گا۔

بقیہ 29

کنسورشیم نے ان دستاویزات کو شائع کرنا شروع کیا جسے فیس بک پیپرز کا نام دیا گیا ہے۔ ان رپورٹس میں فیس بک کے اندر موجود متعدد مسائل بشمول نوجوانوں میں سوشل نیٹ ورک کی مقبولیت کی کمی، نفرت انگیز مواد کی روک تھام کے لیے اس کی اہلیت اور سیاستدانوں سے سلوک وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کچھ اندرونی دستاویزات کے بارے میں رپورٹس پہلے ہی میڈیا ادارے جیسے وال اسٹریٹ جرنل کی جانب سے شائع کیا جاچکا ہے۔ اب نئی رپورٹس میں بلومبرگ اور دی ورج نے بتایا کہ دستاویزات سے ثابت ہوتا ہے کہ فیس بک نوجوان صارفین میں مقبولیت کھو رہی ہے اور بے تابی سے دوبارہ ان کی توجہ حاصل کرنے کی خواہشمند ہے۔ امریکی خبررساں ادارے نے بتایا کہ فیس بک ملازمین کی جانب سے انتظامیہ پر زور دیا گیا تھا کہ سیاستدانوں اور معروف شخصیات کے لیے موڈریشن استثنی نہیں دیا جانا چاہیے۔ امریکی اخبار کے مطابق اندرونی دستاویزات سے ثابت ہوتا ہے کہ کمپنی کے اندر لائیک اور شیئر بٹن کو برقرار رکھنے یا ہٹانے کے حوالے سے کھینچا تانی چل رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مارک زکربرگ نے ذاتی طور پر ویت نامی حکومت کی جانب سے سنسر شپ مطالبات پر دستخط کیے۔

بقیہ 30

انہوں نے زور دیا کہ امریکا سفارتی راستے پر کام کی رفتار کو تیز کررہا ہے اور تمام آپشنز پر بات کرنے کے لیے خلیج اور خطے کے اتحادیوں سے مشاورت کر رہا ہے۔ میلے نے اس بات پر بھی زور دیا کہ انھوں نے یورپی ممالک کے ساتھ تہران کے مذاکرات کی مخالفت نہیں کی، لیکن اس بات پر زور دیا کہ یہ بات چیت ہمارے ساتھ چار جمع ایک گروپ کے طور پر مذاکرات کی قیمت پر نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ کیا تہران کے ساتھ جوہری معاہدے کو بحال کرنا ممکن ہے؟ انہوں نے متبادل منصوبوں یا اتحادیوں کے ساتھ نجی مشاورت پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا۔ امریکی ایلچی نے کہا کہ میں نے خلیج میں اپنے اتحادیوں کے ساتھ ایرانی مسئلے پر پوری شفافیت کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ہے ہمارا مقصد ایران کو 2015 کے جوہری معاہدے کی مکمل تعمیل کرنے اور واپس آنے پر راضی کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم ملک کی معیشت کو جوہری مذاکرات سے نہیں جوڑیں گے لیکن ہم اپنے وعدے پر قائم ہیں، لیکن امریکا اور یورپی ممالک کو فیصلہ سازی میں بحران کا سامنا ہے۔

’ایک ہے نگار‘ میں گلوکار ہارون شاہد نے اپنی آواز کا جادو جگایا

ایکٹنگ کیریئر کے دوران مجھے اپنے شوق کو بھی ساتھ لے کر چلنے کا موقع ملا

پونے دو گھنٹے دورانیے کی فلم میں لیفٹیننٹ جنرل نگار جوہر کی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کو دکھایا گیا ہے

کراچی (این این آئی) پاک فوج کی پہلی خاتون لیفٹیننٹ جنرل نگار جوہر کی زندگی پر بنائی گئی ٹیلی فلم میں جہاں ماہرہ خان اور بلال اشرف کی اداکاری کے چرچے ہیں وہیں مداحوں کی جانب سے اس میں شامل کیے گئے 2 گانوں کو بھی بے حد پسند کیا گیا ہے۔ ٹیلی فلم ’ایک ہے نگار‘ میں 2 گانے ’پیار تیرا‘ اور ’روز میری قبر توں‘ شامل ہیں جنہیں اداکار و گلوکار ہارون شاہد نے گایا ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں ’پیار تیرا‘ کو الگ سے ریلیز کیے جانے سے متعلق بتاتے ہوئے مداحوں کو آگاہ کیا کہ اس ٹیلی فلم میں انہوں نے اپنی آواز کا جادو جگایا ہے۔ ہارون شاہد نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ’میں بہت خوش ہوں کہ اپنے ایکٹنگ کیریئر کے دوران مجھے اپنے شوق کو بھی ساتھ لے کر چلنے کا موقع ملا۔ انہوں نے خود پر بھروسہ کرنے پر ماہرہ خان کا شکریہ ادا کیا اور گانے کی موسیقی ترتیب دینے پر عباس علی خان کا بھی شکریہ ادا کیا۔ ’پیار تیرا‘ میں گلوکارہ لالہ رخ کی آواز بھی شامل ہے، ہارون شاہد نے ٹیلی فلم کی شریک پروڈیوسر غینا کاشف کا بھی شکریہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ ہارون شاہد نے اسی ٹیلی فلم کا ایک اور گانا بھی گایا ہے تاہم اب تک اس کی مکمل ویڈیو الگ سے ریلیز نہیں کی گئی۔ ہارون شاہد نے اس گانے کا مختصر کلپ شیئر کیا تھا جو اب سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے اور اسے بہت زیادہ پسند کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ ماہ ایک پوسٹ میں ہارون شاہد نے ماہرہ خان کے ساتھ تصویر شیئر کرتے ہوئے کہا تھا کہ ’ورنہ‘ فلم کی شوٹنگ کے دوران کیا گیا وعدہ پورا کرنے کے لیے انہوں نے کچھ عرصہ قبل مجھے کال کی تھی۔

فلم ’دی بیٹ مین‘ کو اگلے سال سنیما گھروں میں ریلیز کیا جائے گا

لاس اینجلس (این این آئی) سنسنی، خوف اور بہت سے چھپے راز ہیں اس نئے ٹریلر میں فلم ’دی بیٹ مین‘‘ کو اگلے سال سنیما گھروں میں ریلیز کیا جائے گا۔ گزشتہ دنوں فلم دی بیٹ مین کا پہلا آفیشل ٹیزر ٹریلر جاری ہوا تھا، جس میں روبرٹ پیٹسن کو مختلف کاسٹیوم والے بیٹ مین کے طور پر دکھایا گیا تھا۔ یہ پہلا موقع ہوگا کہ روبرٹ پیٹسن سپر ہیرو جاسوس فلم میں بیٹ مین کا کردار ادا کرتے دکھائی دیں گے۔ اس سے قبل ’بیٹ مین‘ سیریز فلموں میں مرکزی کردار کرسٹین بیل، بین ایفلک اور مائیکل کیوٹن ادا کرتے دکھائی دے رہے تھے۔ سنسنی سے بھری فلم اگلے سال ریلیز کی جائے گی۔ یہ پہلا موقع ہوگا کہ روبرٹ پیٹسن سپر ہیرو جاسوس فلم میں بیٹ مین کا کردار ادا کرتے دکھائی دیں گے۔ اس سے قبل ’بیٹ مین‘ سیریز فلموں میں مرکزی کردار کرسٹین بیل، بین ایفلک اور مائیکل کیوٹن ادا کرتے دکھائی دے رہے تھے۔

کوہلی پر تنقید پر پاکستانی شائقین ناراض، شان نے اپنی رائے تبدیل کر لی

ضروری نہیں کہ بھارت سے تعلق ہونے کی وجہ سے اس پر تنقید کی جائے



کپتان ویرات کوہلی کی انگلز سے موازنہ بھی کر دیا۔ شان نے اپنی ٹوئٹ میں بابر اعظم اور ویرات کوہلی کی ایک ساتھ تصویر پوسٹ کی اور لکھا ’کوہلی کے 51 رنز اپنی ذات کیلئے تھے جبکہ بابر کے ففٹی پلس رنز ٹیم کیلئے۔ ان کی یہ ٹوئٹ بھارتی شائقین کو تو ناگوار گزری ہی ہوگی لیکن ٹیلنٹ کے قدردان پاکستانی شائقین کو بھی شان کی یہ بات پسند نہ آئی اور انہوں نے اس بات پر ناراضی کا بھی اظہا رکیا۔ پاکستانی شائقین نے نہ صرف کوہلی کی انگلز کا دفاع کیا بلکہ شان کو اپنی رائے تبدیل کرنے پر بھی مجبور کر دیا۔ ایک صارف نے لکھا کہ ’سر زیادتی نہ کریں، کوہلی بھی فائٹر ہے، جب وہ کھیل رہا تھا تو صورتحال مختلف تھی، وکٹ بھی مشکل تھی۔ پاکستانی شائقین کرکٹ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ کسی خاص ٹیم کی سپورٹ یا تنقید پر یقین نہیں رکھتے بلکہ ٹیلنٹ کی قدر کرتے ہیں اگر کوئی بھارتی کھلاڑی بھی اچھا کھیلے تو اس کی تعریف کی جانی چاہیے ضروری نہیں کہ بھارت سے تعلق ہونے کی وجہ سے اس پر تنقید کی جائے۔ ایک صارف نے لکھا کہ ’سر زیادتی نہ کریں، کوہلی بھی فائٹر ہے، جب وہ کھیل رہا تھا تو صورتحال مختلف تھی، وکٹ بھی مشکل تھی۔ پاکستانی شائقین کرکٹ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ کسی خاص ٹیم کی سپورٹ یا تنقید پر یقین نہیں رکھتے بلکہ ٹیلنٹ کی قدر کرتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ بھارت سے تعلق ہونے کی وجہ سے تنقید کی جائے۔

کراچی (این این آئی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں گذشتہ روز پاکستان نے بھارت کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 10 وکٹوں سے شکست دی اور ورلڈ کپ میں بھارت سے اب تک نہ جیت سکنے کا داغ دھو دیا۔ پاکستان کی جانب سے بابر اعظم اور محمد رضوان کی دلیرانہ بیٹنگ کی دنیا بھر میں دھوم مچ گئی۔ ہر کوئی ان دونوں کی تعریفوں کے پل باندھ رہا ہے۔ پاکستان کے سینیئر اداکار شان شاہد بھی پیچھے نہیں رہے اور ٹوئٹر پر پاکستان کے کپتان بابر اعظم کے کھیل کو سراہا لیکن ساتھ ہی ان کی انگلز کا بھارتی

سیف علی خان کی جائیداد ان کے بیٹوں میں تقسیم نہیں ہو سکتی

سیف علی خان بھارت کے شاہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے نواب سیف علی خان کے تینوں بیٹے ابراہیم، تیمور اور جہانگیر علی خان ان کے آبائی جائیداد جس کی مالیت 5000 کروڑ ہے کے وارث نہیں ہیں اور نہ ہی سیف علی خان کے تینوں بیٹوں میں یہ جائیداد تقسیم ہو سکتی ہے۔ سیف علی خان بھارت کے شاہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور پٹودی خاندان کے دسویں نواب ہیں۔ ان کی بھوپال میں موجود آبائی جائیداد کی مالیت تقریباً 5000 کروڑ روپے ہے۔ تاہم سیف علی خان اپنے تینوں بیٹوں کو اس جائیداد میں سے ایک روپیہ بھی نہیں دے سکتے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سیف علی خان کی ہاؤس آف پٹودی سے تعلق رکھنے والی ساری جائیداد اور دیگر متعلقہ اثاثے حکومت ہند کے متنازع اینیمی ڈسپیوٹ ایکٹ کے تحت آتے ہیں۔ جس کے تحت کوئی بھی ایسی جائیدادوں یا اثاثوں میں سے کسی کا وارث ہونے دعویٰ نہیں کر سکتا جو مذکورہ ایکٹ کے دائرہ کار میں آتے ہیں۔ اور اگر پھر بھی کوئی شخص اس جائیداد کے وارث ہونے کا دعویٰ کرنا چاہے تو اسے ہائی کورٹ جانا ہوگا بعد ازاں سپریم کورٹ اور آخر میں بھارت کے صدر کے پاس یہ معاملہ لے جانا ہوگا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ میں سیف علی خان کی آبائی جائیداد کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ سیف علی خان کے پردادا حامد اللہ خان جو کہ برطانوی دور میں نواب تھے انہوں نے کبھی بھی اپنی جائیدادوں کے لیے کوئی وصیت نہیں بنائی تھی۔ اس کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ اگر وہ ایسا کرتے تو خاندان میں تنازع ہو سکتا تھا۔

انجلینا جولی کی روم فلم فیسٹیول میں شرکت

نیویارک (این این آئی) ہالی ووڈ سپر اسٹار انجلینا جولی کی شرکت نے 16 ویں روم فلم فیسٹیول میں چار چاند لگا دیے، اس موقع پر ان کی نئی فلم ایٹرنلز کا پریمیئر بھی ہوا۔ اس تقریب میں انجلینا جولی کے ساتھ ان کی بیٹیاں شیلو اور زہرہ بھی تھیں۔ 16 ویں روم فلم فیسٹیول میں بہت سے فلمی ستاروں اور دیگر شوبز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ فلم 5 نومبر کو سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی۔ ہالی ووڈ سپر اسٹار انجلینا جولی کی شرکت نے 16 ویں روم فلم فیسٹیول میں چار چاند لگا دیے، اس موقع پر ان کی نئی فلم ایٹرنلز کا پریمیئر بھی ہوا۔ اس تقریب میں انجلینا جولی کے ساتھ ان کی بیٹیاں شیلو اور زہرہ بھی تھیں۔ 16 ویں روم فلم فیسٹیول میں بہت سے فلمی ستاروں اور دیگر شوبز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ انجلینا جولی کی روم فلم فیسٹیول میں شرکت۔

آریان خان والدین کی شادی کی سالگرہ پر رہائی نہ ملنے پر آب دیدہ

ممبئی (این این آئی) شاہ رخ خان کے بیٹے آریان خان والدین کی شادی کی سالگرہ پر رہائی نہ ملنے پر آب دیدہ ہوگئے۔ بالی ووڈ رومانس کنگ شاہ رخ خان کے ہر پروگرام میں ان کے بیٹے آریان خان، بیٹی سوہانا خان اور ابراہم خان موجود ہوتے ہیں البتہ اس بات ان کی شادی کی 30 ویں سالگرہ کے موقع پر آریان خان ان کے ساتھ موجود نہیں ہوں گے۔ آریان خان کے وکلا کی جانب سے والدین کی شادی کی سالگرہ کے موقع پر رہائی کے لیے بھی کوششیں کی گئی جو ناکام ثابت ہوئی تاہم اب آریان خان نے خود ہی اس مسئلے کا حل نکالتے ہوئے جیل حکام سے آبدیدہ ہو کر والدین کی شادی کی سالگرہ میں شرکت کی خواہش ظاہر کر دی۔ آریان خان والدین کی شادی کی سالگرہ پر رہائی نہ ملنے پر آب دیدہ ہوگئے۔

مہنگائی کے خلاف فنکار بھی سڑکوں پر احتجاج کرنے پر مجبور

کراچی (این این آئی) ملک میں کمر توڑ مہنگائی کے خلاف فنکار بھی سڑکوں پر احتجاج کرنے پر مجبور ہوگئے۔ معروف اداکار ایوب کھوسہ نے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سمیت مہنگائی کے خلاف خاموش احتجاج کیا۔ ایوب کھوسہ نے حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف بطور احتجاج کراچی میں سائیکل چلائی۔ ایوب کھوسہ نے کہا کہ پاکستان کی اکثریت غریب لوگوں پر مشتمل ہے، جو مشکل ترین حالات کا سامنا کر رہے ہیں، ملک کے غریب شہریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے خاموش احتجاج کر رہا ہوں۔ ایوب کھوسہ نے کہا کہ پاکستان کی اکثریت غریب لوگوں پر مشتمل ہے، جو مشکل ترین حالات کا سامنا کر رہے ہیں، ملک کے غریب شہریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے خاموش احتجاج کر رہا ہوں۔

’مردانگی‘ کی تشریح عورت کے لباس سے شروع ہو کر وہیں ختم ہوتی ہے

مردانگی کے ہاتھوں پر مجبور ہو کر کچھ کر دیا یا کہ دیا تو پھر آپ بولیں گی

کراچی (این این آئی) اداکارہ، لکھاری و میزبان میرا سیٹھی نے کہا ہے کہ حالیہ دور میں ’مردانگی‘ کی تشریح اتنی مختصر ہو چکی ہے کہ وہ عورت کے لباس سے شروع ہو کر وہیں پر ختم ہوتی ہے۔ میرا سیٹھی نے خواتین کے لباس پر تنقید کرنے والے افراد سے سوال کیا کہ وہ جاننا چاہتی ہیں کہ ’مردانگی‘ کے ہاتھوں مجبور ہونے کا ’آئیڈیا‘ کیا ہے۔ میرا سیٹھی نے حال ہی میں ہونے والے لکس اسٹائل ایوارڈز کے بعد اپنے اور دیگر ساتھی خواتین کے لباس پر ہونے والی تنقید پر بات کی اور کہا کہ بعض لوگوں نے ان کی تصاویر پر نامناسب کمنٹس کیے۔ میرا سیٹھی نے بتایا کہ ان کی اداکارہ اشنا شاہ کے ساتھ لکس اسٹائل ایوارڈز کی تصویر پر ایک شخص نے کمنٹ کیا کہ ’اب اگر وہ مردانگی کے ہاتھوں پر مجبور ہو کر کچھ کر دیا یا کہ دیا تو پھر آپ بولیں گی۔ انہوں نے سوال کیا کہ ’مردانگی‘ کے ہاتھوں مجبور ہو کر کچھ کرنے کا ’آئیڈیا‘ کیا ہے؟ ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ اب ’مردانگی‘ کی تشریح اتنی مختصر ہو چکی ہے کہ ان کی ’غیرت‘ اور مردانگی عورت کے لباس سے شروع ہو کر وہیں پر ختم ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں مذکورہ آدمی کا ممنٹس نامناسب لگا، جس کی وجہ سے انہوں نے آواز اٹھائی۔ انہوں نے لکھا کہ پاکستانی معاشرے میں ایک خودمختار عورت اور روادار آدمی دونوں رہ سکتے ہیں مگر لوگوں نے مردانگی کو اتنا محدود کر دیا ہے کہ عورت کے لباس میں اگر کسی کو شوخی نظر آتی ہے تو ’مردانگی‘ کو ٹھیس پہنچتی ہے۔ انہوں نے لوگوں کو تجویز دی کہ وہ ’مردانگی‘ کی تشریح کو بڑا کرنے سمیت اپنی سوچ کو بھی بڑھائیں۔

شاہ رخ خان کی پاکستانی ڈیزائنر کے کپڑوں میں تصویر وائرل

شاہ رخ خان اشتہار میں پاکستانی ڈیزائنر فراز منان کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں



ممبئی (این این آئی) شاہ رخ خان نے دیوالی کے لیے بنائے گئے اشتہار میں پاکستانی ڈیزائنر کے کپڑے پہنے جس کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہیں۔ مشہور بھارتی اداکار شاہ رخ خان کی پاکستانی ڈیزائنر کے کپڑے پہنے تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے، شاہ رخ خان نے دیوالی کے لیے مشہور چاکلیٹ برینڈ کے اشتہار میں کام کیا جس میں انہوں نے شیروانی پہنی ہوئی تھی جو پاکستانی ڈیزائنر فراز منان کی ہے۔ پاکستانی ڈیزائنر فراز منان نے سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر شاہ رخ خان کے اشتہار کی تصویر لگائی جس میں انہوں نے کہا کہ شاہ رخ خان نے اس اشتہار میں میرے کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ شاہ رخ خان نے دیوالی کے لیے بنائے گئے اشتہار میں پاکستانی ڈیزائنر کے کپڑے پہنے جس کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہیں۔ مشہور بھارتی اداکار شاہ رخ خان کی پاکستانی ڈیزائنر کے کپڑے پہنے تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے، شاہ رخ خان نے دیوالی کے لیے مشہور چاکلیٹ برینڈ کے اشتہار میں کام کیا جس میں انہوں نے شیروانی پہنی ہوئی تھی جو پاکستانی ڈیزائنر فراز منان کی ہے۔ پاکستانی ڈیزائنر فراز منان نے سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر شاہ رخ خان کے اشتہار کی تصویر لگائی

ہالی وڈ اداکار کے انتقال پر بالی وڈ اداکارائیں غمزدہ

انوشکا شرما اور کرینہ کپور نے جیمز مائیکل کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا



ممبئی (این این آئی) امریکا کی مشہور کامیڈی ڈرامہ سیریز ’فرینڈز‘ کے اداکار جیمز مائیکل ٹیلر 59 سال کی عمر میں چل بسے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکار میں 2018 میں کینسر کی تشخیص ہوئی تھی جس کے بعد ان کا علاج جاری تھا۔ تاہم اداکار اتوار کو امریکا کے شہر لاس اینجلس میں چل بسے۔ انہوں نے امریکا کی مشہور کامیدی سیریز میں کافی شاپ کے منیجر کا کردار کیا تھا۔ امریکی اداکار کے انتقال پر ساتھی اداکاروں اور بالی وڈ اداکاراؤں نے بھی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انوشکا شرما اور کرینہ کپور نے انسٹاگرام پر اسٹوریز میں لگائیں اور جیمز مائیکل کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے امریکا کی مشہور کامیدی سیریز میں کافی شاپ کے منیجر کا کردار کیا تھا۔ امریکی اداکار کے انتقال پر ساتھی اداکاروں اور بالی وڈ اداکاراؤں نے بھی افسوس کا اظہار کیا ہے۔

امروز کھیل Imroz Sports

لاہور، کریم پارک کرکٹ لیگ کے اختتام پر مہمان خصوصی پی ٹی آئی کے نائب صدر سپورٹس خرم جیتنے والی ٹیم کے کپتان کو ٹرافی دے رہے ہیں

پاکستانی جیت کا اعتراف بھارتی ٹی وی نے موقع موقع کا نیا اشتہار جاری کر دیا

اشتہار میں پاکستانی مداح کو خوشی سے پٹاخے پھوڑتے ہوئے دکھایا گیا

روایتی حریف بھارت کو 24 اکتوبر کو ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر 12 راؤنڈ کے میچ میں 10 وکٹوں سے شکست دی تھی

نئی دہلی (این این آئی) معروف بھارتی اسپورٹس چینل ’اسٹار اسپورٹس‘ نے ورلڈ ٹی ٹوئنٹی کپ کے میچ میں پاکستانی جیت کا اعتراف کرتے ہوئے مشہور اشتہار ’موقع موقع‘ کی نئی ویڈیو جاری کر دی، جس میں پاکستانی مداح کو خوشی سے پٹاخے پھوڑتے ہوئے دکھایا گیا۔ پاکستان نے روایتی حریف بھارت کو 24 اکتوبر کو ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر 12 راؤنڈ کے میچ میں 10 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ ماضی میں پاکستانی کرکٹ ٹیم پر طنز کرتے ہوئے اشتہار بنانے والے ٹی وی چینل ’اسٹار اسپورٹس‘ نے پاکستانی ٹیم کے کھیل کی تعریف کرتے ہوئے معروف اشتہار ’موقع موقع‘ کی نئی ویڈیو بھی جاری کر دی۔ نئی ویڈیو میں پاکستانی مداح کو قومی ٹیم کی جیت کے بعد پٹاخے پھوڑتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اس سے قبل ’موقع موقع‘ کے جاری کیے گئے اشتہارات میں ہر مرتبہ پاکستانی مداح کو پٹاخے خریدتے ہوئے دکھایا گیا تھا۔ اشتہار میں پاکستانی مداح کو خوشی سے پھوڑتے ہوئے دکھایا گیا۔

وقار یونس کا بھارت کے خلاف پاکستانی ٹیم کی کارکردگی پر خوشی کا اظہار

براعظم نے زبردست کپانی کی، ہم نے میچ جیتا اور بھارتی میڈیا کو جواب مل گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کوچ وقار یونس نے بھارت کے خلاف پاکستانی ٹیم کی کارکردگی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بر اعظم نے زبردست کپانی کی، ہم نے میچ جیتا اور بھارتی میڈیا کو جواب مل گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق بولنگ کوچ وقار یونس نے کہا کہ پاکستان بھارت کی سیریز ہوتی نہیں اس لیے یہ میچ ضروری تھا، جس قسم کا میچ کھیلا گیا بہترین ٹیم ورک تھا بر اعظم نے جس طرح کپتانی کی زبردست تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بولنگ کو بہت انجوائے کیا ہم نے میچ جیتا ہے اور بھارتی میڈیا کو جواب مل گیا ہے۔ قومی ٹیم کے سابق کوچ وقار یونس نے بھارت کے خلاف پاکستانی ٹیم کی کارکردگی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بر اعظم نے زبردست کپانی کی، ہم نے میچ جیتا اور بھارتی میڈیا کو جواب مل گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق بولنگ کوچ وقار یونس نے کہا کہ پاکستان بھارت کی سیریز ہوتی نہیں اس لیے یہ میچ ضروری تھا، جس قسم کا میچ کھیلا گیا بہترین ٹیم ورک تھا بر اعظم نے جس طرح کپتانی کی زبردست تھی۔

افغان کرکٹ ٹیم کے کپتان قومی ترانہ سن کر آبدیدہ

کسی نے ان سے ہمدردی کا اظہار کیا تو کسی نے ان ڈھارس بندھائی

دبئی (این این آئی) افغان کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد نبی افغانستان کا قومی ترانہ سن کر آبدیدہ ہوگئے۔ آئی سی سی میچز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغانستان کرکٹ ٹیم کے کپتان اسکاٹ لینڈ کے خلاف میچ سے قبل قومی ترانہ سن کر جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور ان کی آنکھیں نم ہوگئیں۔ معمول کی مطابق میچ سے قبل اسٹیڈیم میں دونوں ٹیموں کا قومی ترانہ بجایا گیا۔ افغانستان ٹیم کے کپتان محمد نبی کی آنکھیں ترانہ سن کر چھلک پڑیں۔ ان کی آنسو صاف کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ کپتان محمد نبی کے اس چھوٹے ویڈیو کلپ کو سوشل میڈیا صارفین نے کئی بار شیئر کیا۔ کسی نے ان سے ہمدردی کا اظہار کیا تو کسی نے ان ڈھارس بندھائی۔ سوشل میڈیا صارفین کا کہنا ہے اس مشکل وقت میں افغانستان کی عوام کے لیے ان کی کرکٹ ٹیم ان چہروں پر خوشی لانے کا ذریعہ ہے۔

افغانستان ٹیم بڑی ٹیموں کے لیے مشکلات پیدا کر سکتی ہے، شاہد آفریدی

متحدہ عرب امارات کے حالات میں کافی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ عالمی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغانستان ٹیم بڑی ٹیموں کیلئے مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔ شاہد آفریدی نے افغانستان کی ٹیم کی اسکاٹ لینڈ کیخلاف شاندار برتری پر تعریف کرتے ہوئے کہا کہ میچ میں افغانستان کی کارکردگی شاندار رہی، اس ٹیم میں کچھ سنجیدہ میچ ونر، معیاری بلے باز اور عالمی معیار کے اسپنرز ہیں۔ سابق کپتان نے کہا کہ سب سے بہترین پرفارمنس مجیب کی رہی، یہ ٹیم یقیناً بڑی ٹیموں کیلئے متحدہ عرب امارات کے حالات میں کافی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ خیال رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغان بیٹسمینوں کی دھواں دار بیٹنگ کے بعد اسپنر مجیب الرحمٰن نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے اسکاٹ لینڈ کو یکطرفہ شکست سے دوچار کیا۔ خیال رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں افغان بیٹسمینوں کی دھواں دار بیٹنگ کے بعد اسپنر مجیب الرحمٰن نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے اسکاٹ لینڈ کو یکطرفہ شکست سے دوچار کیا۔ متحدہ عرب امارات کے حالات کا باعث بن سکتی ہے

کیون پیٹرسن کے ہر سال پاک بھارت ٹی 20 سیریز کی تجویز دے دی

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے سابق کپتان کیون پیٹرسن نے ہر سال پاک بھارت ٹی 20 سیریز کی تجویز دے دی۔ ورلڈ کپ میں روایتی حریفوں کے درمیان بلاک بسٹر میچ کے بعد پیٹرسن نے ٹویٹ کیا کہ میرا ایک آئیڈیا ہے کہ بھارت کو ہر سال پاکستان کے ساتھ کسی نیوٹرل وینیو پر 3 ٹی 20 میچز کی سیریز کھیلنی چاہیے جو کہ 5 روز کے دوران کھیلی جائے۔ انہوں نے لکھا کہ دونوں کے 15 رکنی اسکواڈز ہوں، فاتح سائیڈ کو 15 ملین ڈالرملیں، شہر، ملک اور براڈ کاسٹرز ہر برس اس ایک ہفتے کی سیریز کیلئے لائن میں لگے کھڑے ہوں گے۔ انگلینڈ کے سابق کپتان کیون پیٹرسن نے ہر سال پاک بھارت ٹی 20 سیریز کی تجویز دے دی۔

بھارت کی ہار، دھونی نے پیشگوئی 5 سال پہلے کر دی تھی، ویڈیو وائرل

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مہندر سنگھ دھونی نے ورلڈ کپ میں بھارت کی ہار کی پیشگوئی پانچ سال قبل ہی کر دی تھی۔ تفصیلات کے مطابق ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارتی کرکٹ ٹیم کے مینٹور مہندر سنگھ دھونی کی پانچ سال پرانی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں انہوں نے میگا ایونٹ میں بھارت کی ہار کی پیشگوئی کی تھی۔ ویڈیو 2016 کی ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ دھونی میڈیا سے گفتگو کے دوران بھارت کی ہار کی پیشگوئی کر رہے ہیں۔ مہندر سنگھ دھونی کا کہنا تھا کہ یہ فخر کی بات ہے کہ ہم 11-0 سے پاکستان سے جیتے ہیں تاہم سچائی یہ بھی ہوگی کہ ہم ہاریں گے کبھی نہ کبھی ہاریں گے چاہے آج ہاریں دس سال بعد ہاریں بیس سال بعد ہاریں یا پچاس سال بعد ہاریں۔

براعظم مضبوط کپتان، فیصلے جلد بازی میں نہیں کرتے، میتھیو ہیڈن

دونوں ممالک میں پاک بھارت میچ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے

سڈنی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کنسلٹنٹ میتھیو ہیڈن نے کہا ہے کہ بابر اعظم مضبوط کپتان ہے، وہ جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرتے۔ ایک انٹرویو میں میتھیو ہیڈن نے کہا کہ پاکستان اور بھارت میں کرکٹ کو مذہب کی طرح سمجھا جاتا ہے، پاکستانی کرکٹرز کو اسپورٹس کا بہت احترام ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک میں پاک بھارت میچ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے، پانچ ہفتوں سے دبئی میں ہوں، کل رات جیسا سماں پہلے نہیں محسوس کیا۔ قومی ٹیم کے بیٹنگ کنسلٹنٹ نے کہا کہ پاکستانی کرکٹرز ڈریسنگ روم سے باہر جتنے بڑے اسٹار ہیں، اندر اتنے ہی انکساری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم میں جو کلچر دیکھا وہ آسٹریلین ڈریسنگ روم میں نہیں دیکھا، محمد حفیظ اور شعیب ملک بطور سینئر اپنا کردار اچھا نبھا رہے ہیں۔ میتھیو ہیڈن نے کہا کہ پاکستانی ٹیم میں مختلف عمر کے پلیئرز ہیں، کچھ تو ہمارے ساتھ بھی کھیلے ہوئے ہیں، مختصر مدت میں پلیئرز کی تکنیک کی بجائے مائینڈ سیٹ پر کام کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گرین شرٹس کے کرکٹرز مذہب سے بہت قریب ہیں، نماز کے پابند ہیں، یہ بات مجھے اچھی لگی۔ گرین شرٹس کے بیٹنگ کنسلٹنٹ نے کہا کہ زبان کا مسئلہ تو ہے مگر کرکٹ سکھانے کیلئے زبان کا سمجھ آنا کچھ زیادہ اہم نہیں، کرکٹ یا اسپورٹس کو آپ اشاروں میں بھی سمجھا سکتے ہیں۔ میتھیو ہیڈن نے کہا کہ انڈینز آئی پی ایل میں 130 کی اسپیڈ کا سامنا کرتے پڑے۔ بابر اعظم مضبوط کپتان، فیصلے جلد بازی میں نہیں کرتے۔

لندن، پریمیئر فٹبال لیگ میں مانچسٹر یونائیٹڈ اور لیورپول کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

شارجہ، ٹی 20 ورلڈ کپ میں افغان بلے باز محمد شہزاد سکاٹ لینڈ کیخلاف میچ میں شاٹ کھیل رہے ہیں

اسلامک اسکالر نے بھی پاکستان 1 1 کی تعریف اور جیت پر خوشی کا اظہار کیا

ماشاء اللہ، پاکستان کی تاریخی جیت پر مفتی مینک کا بھی خوشی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) زمبابوے کے مشہور اسلامی اسکالر اسماعیل ابن موسیٰ مینک کی جانب سے پاکستان کی بھارت کے خلاف تاریخی فتح پر خوشی کا اظہار کیا گیا۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سلسلے میں جاری میچز کے دوران 24 تاریخ کو پاکستان بمقابلہ بھارت میچ ہوا، اس میچ میں پاکستان کی جانب سے بھارت کو تاریخی شکست کا مزا چکھایا گیا جس کی دھوم تا حال دنیا بھر کے میڈیا چینلز سمیت ٹوئٹر پر بھی سنائی دے رہی ہے۔ پاکستانیوں، کشمیریوں اور بھارتیوں کی جانب سے بھی گرین شرٹس کی بے مثال کارکردگی پر داد دی گئی اس موقع پر زمبابوے کے مشہور اسلامک اسکالر نے بھی پاکستان 11 کی تعریف اور جیت پر خوشی کا اظہار کیے بنا نہیں رہ سکے ہیں۔ مفتی اسماعیل مینک نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر لکھا کہ شاباش پاکستان، بہت اچھی فتح حاصل کی ہے، ماشاء اللہ۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سلسلے میں گزشتہ اتوار کو ہونے والے میچ میں پاکستان نے بھارت کے خلاف 10 وکٹ سے فتح حاصل کی تھی۔ پاکستان نے ٹیسٹ کے بعد ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں بھی بھارت کو 10 وکٹ سے ہرایا تھا۔ پاکستانیوں، کشمیریوں اور بھارتیوں کی جانب سے بھی گرین شرٹس کی بے مثال کارکردگی پر داد دی گئی اس موقع پر زمبابوے کے مشہور اسلامک اسکالر نے بھی پاکستان 11 کی تعریف اور جیت پر خوشی کا اظہار کیے بنا نہیں رہ سکے ہیں۔ مفتی اسماعیل مینک نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر لکھا کہ شاباش پاکستان، بہت اچھی فتح حاصل کی ہے، ماشاء اللہ۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سلسلے میں گزشتہ اتوار کو ہونے والے میچ میں پاکستان نے بھارت کے خلاف 10 وکٹ سے فتح حاصل کی تھی۔ پاکستان نے ٹیسٹ کے بعد ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں بھی بھارت کو 10 وکٹ سے ہرایا

لاہور، شوکت خانم پنک پولو کے پہلے روز حبیب میٹرو لائنز اور ڈائمنڈ پینٹس کے درمیان میچ کا منظر

بقیہ 1

نے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے ترجمان نے کہا کہ ملاقات آئی ایس آئی کمان کی تبدیلی کے وقت سے متعلق جاری مشاورتی عمل کا حصہ تھی۔ ترجمان وزیراعظم آفس نے کہا کہ ملاقات نئے ڈی جی آئی ایس آئی کی سلیکشن کیلئے جاری مشاورتی عمل کا حصہ تھی۔ مشاورتی عمل میں وزارت دفاع سے افسران کی فہرست موصول ہوئی، وزیراعظم نے تمام نامزد افسران کے انٹرویو کیے۔ ترجمان وزیراعظم آفس کا کہنا ہے کہ تفصیلی مشاورت کیبعد لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کی بطورڈی جی آئی ایس آئی تقرری کی منظوری دی گئی۔ وزیراعظم اور آرمی چیف کے درمیان مشاورت کا فائنل راؤنڈ ہوا، ترجمان وزیراعظم آفس کا کہنا ہے کہ نامزد ڈی جی آئی ایس آئی 20نومبر 2021ء کوچارج سنبھالیں گے۔

بقیہ 2

کسی سفارتخانے کو بند کرنے یا سفارتی عملے کو نکالنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں، معاملہ پارلیمنٹ میں لے کر جائیں گے تو اپوزیشن اس کو سپورٹ نہیں کرے گی اور پھر یہ معاملہ اٹھ جائے گا، مسئلہ کو مستقل طور پر حل کرنا چاہیے، پاک فوج اور وزیراعظم ایک پیج پر ہیں، عمران خان کی پوری کوشش ہے مہنگائی کو قابو کرے، پوری دنیا مہنگائی کی زد میں ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم ٹی ایل پی کے ساتھ فورتھ شیڈول سمیت دیگر مسائل پر بات کرچکے ہیں جبکہ فرانسیسی سفارتکار کا انخلا ہمارے لیے مشکلات کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ایل پی کی جانب سے راستے کھول دینے کا انتظار کررہے ہیں کیونکہ انہوں نے منگل کو راستے کھول دینے کا وعدہ کیا تھا۔ شیخ رشید نے کہا کہ فرانسیسی سفارتکار کی ملک سے بے دخلی کے علاوہ کوئی دوسرے تحفظات نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فرانسیسی سفارتکار کی بے دخلی کا معاملہ کیے مسائل پیدا کرے گا۔ وفاقی وزیرداخلہ نے ایک مرتبہ پھر دہرایا کہا کہ دیگر مسائل قابل ذکر نہیں ہیں تاہم سفارتکار کی بے دخلی سے یورپی ممالک کے ساتھ کیے مسائل جنم لیں گے جبکہ ہم معاشی اور دیگر بحران کا سامنا کررہے ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ اگرچہ ٹی ایل پی سے منگل تک بات ہوئی تھی لیکن میں رات 8 بجے اور بدھ کی صبح 10 بجے بھی رابطہ کروں گا اور امید رکھتا ہوں کہ وہ دونوں طرف سڑکوں کو کھول دیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ایل پی کا یہ چھٹا دھرنا ہے، ٹی ایل پی سے بات کرنے کے بعد وزیراعظم عمران خان سے رابطہ کروں گا اور تمام مسائل پر اتفاق ہے جبکہ ٹی ایل پی نے فرانسیسی سفارتکار کی بے دخلی کیلئے دونومبر دی ہے۔ وفاقی وزیرداخلہ نے کہا کہ فرانسیسی سفارتکار کی بے دخلی کے معاملے میں حکومت اور 22 کروڑ عوام کی مجبوریاں ہیں اور یہ عالمی دباؤ کا باعث بنے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ کالعدم ٹی ایل پی کے ساتھ مذاکرات کی رپورٹ پیش کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں تنظیم کے سربراہ سعد رضوی اور ان کی شوریٰ سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ پاکستان اور اس کے عوام کے حوالے سے بہتر سوچیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید نے کہا کہ معاملہ پارلیمنٹ میں لے کر جائیں گے تو اپوزیشن اس کو سپورٹ نہیں کرے گی اور پھر یہ معاملہ اٹھ جائے گا اس لیے میری ٹی ایل پی سے درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں سوچیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے ڈی جی آئی ایس آئی کا نوٹیفکیشن جاری ہو چکا ہے پاک فوج اور وزیراعظم ایک پیج پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ناموس رسالت پر یقین نہ ہو تو ہم مسلمان ہی نہیں ہیں، ختم نبوتؐ پر قانون پاس کی شیخ رشید پارلیمنٹ میں پہلی آواز تھی، ہمارا تمام مسلوں پر اتفاق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دو پولیس والے شہید اور 70 زخمی ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ عمران خان کی پوری کوشش ہے مہنگائی کو قابو کرے، پوری دنیا مہنگائی کی زد میں ہیں۔

بقیہ 3

غصہ تو نیوزی لینڈ پر تھا، بھارت تو ویسے ہی راستے میں آ گیا۔ دوسری جانب چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے ورلڈکپ جیتنے کی پیشگوئی کردی۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے نیوزی لینڈ کے خلاف میچ سے قبل قومی ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ ان شاءاللہ پاکستان سرخرو ہوگا۔

بقیہ 4

تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری نوٹیفکیشن کا اطلاق 20 نومبر 2021 سے ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق موجودہ ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید 19 نومبر تک اپنے فرائض انجام دیں گے۔ وزیراعظم کے سیکرٹری اعظم خان کے دستخط سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ سمری کے چھٹے پیراگراف میں دیے گئے افسران کے پینل کو وزیراعظم نے دیکھا اور لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کی تعیناتی کی منظوری دی۔ بعد ازاں وزیراعظم آفس کے ترجمان کے بیان کے مطابق وزیراعظم عمران خان سے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملاقات کی، جس میں نئے ڈی جی آئی ایس آئی کی تقرری کے عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت دفاع کی جانب سے وزیراعظم عمران خان کو افسران کے ناموں کی سمری بھیجی گئی جس پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے سمری میں ڈی جی آئی ایس آئی کے عہدے کیلئے مجوزہ تمام امیدواروں کے انٹرویوز کیے۔ وزیراعظم عمران خان اور آرمی چیف کے درمیان مشاورت کا آخری دور ہوا۔ تفصیلی مشاورت کے بعد لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو نیا ڈی جی آئی ایس آئی مقرر کرنے کا فیصلہ ہوا۔ ملاقات آئی ایس آئی کمان کی تبدیلی کے وقت سے متعلق جاری مشاورتی عمل کا حصہ تھی۔ یاد رہے کہ 6 اکتوبر کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر نے ایک جاری بیان میں کہا تھا کہ لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو آئی ایس آئی کا نیا ڈائریکٹر جنرل تعینات کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا تھا کہ موجودہ ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید کو کور کمانڈر پشاور تعینات کردیا گیا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم نے پنجاب رجمنٹ کی لائٹ اینٹی ٹینک بٹالین میں کمیشنڈ حاصل کیا، انہیں کمانڈ اسٹاف اور انسٹرکشنل اسائمنٹس کا تجربہ ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کمبائنڈ آرمز سینٹر یو کے سے گریجویٹ ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم اسٹاف کالج کوئٹہ کے بھی گریجویٹ ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم ایڈوانس اسٹاف کورس برطانیہ کے بھی گریجویٹ ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم نے ماسٹرز ڈگری کنگز کالج لندن اور این ڈی یو اسلام آباد سے حاصل کی، انہیں روایتی اور غیر روایتی خطرات کے ماحول میں کمانڈ کا وسیع تجربہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم نے مغربی سرحد اور ایل او سی پر کمانڈ کی ہے، جبکہ بلوچستان میں طویل خدمات انجام دی ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم نے جنوبی وزیرستان میں انفنٹری بریگیڈ کو کمانڈ کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم کمانڈنٹ اسٹاف کالج کوئٹہ اور کمانڈر فائیو کور سندھ بھی رہے۔

بقیہ 5

مطابق مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں سے مشاورت کے بعد نئے وزیراعلیٰ کی حمایت کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے بی اے پی سے چھپ کر ووٹ لیا تھا، ہم چھپ کر ووٹ دینے والے نہیں، جو بھی فیصلہ ہوگا مشاورت سے اور اعلانیہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بلوچستان کی نئی حکومت میں شامل ہونے کا ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا، جام کمال کے اپنے ساتھی ان کے خلاف ہوگئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جب بی اے پی کے اپنے ارکان جام کمال کو چھوڑ چکے تھے تو ہم تو تھے ہی اپوزیشن میں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہم نے حکومتی اتحاد میں اختلافات کا فائدہ اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمارے ساتھ اپوزیشن میں پی ڈی ایم کی دو جماعتیں بی این پی مینگل اور پختونخواہ میپ بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پی ڈی ایم کی جماعتوں سے مشاورت کے بعد ہی کوئی بھی فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 6

موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، اے این پی کے پارلیمانی لیڈر اصغر اچکزئی، ایم پی اے میر سلیم کھوسہ، سینیٹر دنیش کمار و دیگر نے پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند کی رہائشگاہ جاکر ان سے ملاقات کی ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 7

پارلمنٹرین اور منجھے ہوئے ساستدان ہے صوبے کو بہتر انداز میں چلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کو تقسیم کرنے اور ختم کرنے کے خواب دیکھنے والوں کے خواب ادھورے رہ گئے اختلاف ہی جمہوریت کا حسن ہے بی اے پی کے درمیان جو اختلافات تھے پارٹی کے مرکزی قیادت اور پارلیمانی اراکین نے مل بیٹھ کر کے تمام اختلافات کو احسن طریقے سے حل کر کے پارٹی کی ساکھ کو نقصان سے بچایا انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی قیادت اراکین صوبائی اسمبلی اور اتحادی جماعتوں کی جانب سے بلوچستان کے وزیراعلیٰ شپ کے لئے میر عبدالقدوس بزنجو کے نام پر اتفاق صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لئے نیک شگون ثابت ہوگا بلوچستان عوامی واتحادیوں کی نئی صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے کلیدی کردار ادا کریں گے حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ 7 اکتوبر کو ہرنائی میں زلزلے سے جو جانی ومالی نقصان ہوا بڑی پیمانے پر تھا لیکن سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہرنائی کا دورہ کرنے کے باوجود بھی زلزلہ متاثرین اور زلزلے میں جان بحق افراد کے لواحقین کیلئے کوئی بھی امدادی پیکج کا اعلان کیا بلکہ صرف فوٹو سیشن کر کے واپس چلے گئے امید ہے کہ نئے وزیراعلیٰ بلوچستان حلف اٹھانے کے بعد سب سے پہلے ضلع ہرنائی کے زلزلہ متاثرین کی دوبارہ بحالی اور زلزلے میں جان بحق افراد کے لواحقین اور زخمیوں کیلئے خصوصی امدادی پیکج کا اعلان کریں گے حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ضلع ہرنائی ہمارا حلقہ انتخاب کا حصہ ہے ضلع ہرنائی کے زلزلہ متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گے بلکہ انکی بحالی کیلئے بھرپور کوشش کرونگا

بقیہ 8

ریپ اور قتل کا جرم ثابت ہونے پر 2 مجرموں کو سزائے موت سنادی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل نے ریپ اور قتل کیس کا فیصلہ سنایا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق جرم ثابت ہونے پر بابر مسیح اور محمد عدنان کو 2-2 مرتبہ سزائے موت اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ علاوہ ازیں عدالت نے جرم چھپانے کا الزام ثابت ہونے پر خاتون ملزمہ انیقہ کو 7 سال قید ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ خیال رہے کہ واقعہ رواں برس 22 مارچ کو تھانہ سول لائن کی حدود میں پیش آیا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق تیسری جماعت کی طالبہ زینب شام کے اوقات میں اپنی والدہ سے پیسے لے کر دکان تک گئی تھی لیکن وہ واپس نہیں آسکی۔ اہلخانہ کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کے مطابق جب وہ زینب کی تلاش میں نکلے تو اہل محلّہ نے بچی کو انیقہ کے ساتھ اس کے گھر کی طرف جاتے ہوئے دیکھا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ جب وہ انیقہ کے گھر پہنچے تو دروازے پر تالا تھا جبکہ خود انیقہ گھر کے باہر کھڑی تھی، بچی کے اہلخانہ کے دباؤ ڈالنے پر مجرمہ نے تالا کھولا تو گھر کے اندر زینب کی چپل ملی۔ ایف آئی آر کے مطابق ایک کمرے سے زینب کی لاش بھی برآمد ہوئی جسے تشدد، ریپ کے بعد قتل کردیا گیا تھا۔ بعدازاں پولیس نے واقعہ کی ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کی اور بچی کا پوسٹ مارٹم بھی کرایا جس میں اس پر تشدد اور ریپ کی تصدیق ہوئی۔ واضح رہے کہ حالیہ چند برسوں میں ریپ کے کیسز میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا اور اس ضمن میں خود وزیراعظم عمران خان بھی اپنے تحفظات کا اظہار کرچکے ہیں۔ تحقیقی ادارے کے مطابق بچوں کے ریپ کیسز میں بیشتر افراد واقف کار ہی تھے اور 2020 کی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ یومیہ تقریباً 8 بچوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کرول نمبرز کے عنوان سے جاری رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ 822 کیسز میں ملزمان متاثرہ بچوں یا بچوں کے والدین کو جانتے تھے جبکہ 135 کیسز میں اجنبی افراد ملوث تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ 98 مقدمات میں متاثرین کی عمریں ایک سال سے 5 سال، 331 میں 6 سال سے 10 سال کے درمیان جبکہ سب سے زیادہ 490 واقعات میں متاثرین کی عمریں 11 سال سے 15 سال کے درمیان تھیں۔

بقیہ 9

شراکت دار بننے کا تیار ہوگیا، سربراہ کامیاب جوان پروگرام عثمان ڈار سے دولت مشترکہ کے حکام نے رابطہ کیا جس میں کامیاب جوان پروگرام کیلئے کامن ویلتھ کے ممکنہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، آئندہ سال ورلڈ یوتھ ڈے کی میزبانی پاکستان کو دیئے جانے کا بھی عندیہ دیا گیا۔ دولت مشترکہ نے کہا کہ پاکستان نوجوانوں کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے، کامن ویلتھ یوتھ منسٹرز کانفرنس بھی پاکستان میں بلائی جاسکتی ہے۔ کامن ویلتھ نے پاکستان یوتھ ڈویلپمنٹ انڈیکس پر بھی اظہار اطمینان کیا۔ کامن ویلتھ نے کہا کہ پاکستان کے اقدامات تسلی بخش اور حوصلہ افزاء ہیں، عثمان ڈار نے کامن ویلتھ حکام کو کامیاب جوان پروگرام کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ نوجوانوں کو جاری قرض کے تازہ اعداد وشمار پر بھی بریفنگ دی گئی، پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سے بھی آگاہ کیا گیا۔ عثمان ڈار نے کہا کہ منصوبے میں میرٹ اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا، منصوبے میں پاکستان کے ساتھ تعاون کی پیشکش کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ عثمان ڈار نے کہا کہ نوجوانوں کی حکومتی سطح پر ہرممکن سرپرستی کریں گے، کامن ویلتھ کے تعاون کے نتیجے میں نوجوانوں کو مزید مواقع مل سکیں گے۔ عثمان ڈار نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار، تعلیم اور تکنیکی تربیت کی فراہمی حکومتی ترجیح ہے، وزیراعظم پاکستان ذاتی طور پر پروگرام کی مانیٹرنگ کررہے ہیں

بقیہ 10

ڈیلرز ایسوسی ایشن نے 5 نومبر کو ملک بھر میں ہڑتال کی کال دیدی۔ پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے کمیشن میں اضافے کی یقین دہانی کروائی گئی تھی، حکومت کی جانب سے کمیشن میں اضافے پر وعدہ خلافی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن نہ بڑھا تو 5 نومبر کو ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند کر دیں گے، مہنگائی اور پیداواری لاگت کے باعث کاروبار ناممکن ہو چکا، کمیشن میں اضافے کے حوالے سے فیصلہ نہ ہوا تو انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہونگے۔

بقیہ 11

بلاول بھٹو زرداری سے کی ملاقات کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے خورشید شاہ کو ضمانت کے بعد جیل سے رہائی پر مبارک باد دی۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے خورشید شاہ سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی ثابت قدمی اور اصولوں پر ڈٹے رہنا قابل ستائش ہے، نیب کا ادارہ عمران خان کی بی ٹیم ہے، جس کا مقصد اپوزیشن کی آواز کو دبانا ہے۔ احتساب کی آڑ میں سیاسی انتقام پر مبنی کارروائیاں ملک میں انتشار کو جنم دے رہی ہیں۔

بقیہ 12

مذاکرات کیلئے تیار ہے، کیا بھارت بھی تیار ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے تمام مسائل کے حل کیلئے جامع مذاکرات ہونا چاہیے، جامع مذاکرات سے مستقبل میں امن اور خوشحالی حاصل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تیار ہے کیا بھارت بھی تیار ہے، بھارت میں یہ سوچ بڑھی ہے کہ پاکستان کو کچلا جا سکتا ہے، پاکستان کے ساتھ مذاکرات کرنے کی ضرورت نہیں، گزشتہ تین سال کے حقائق مدنظر رکھیں، پاکستان نے بالاکوٹ اختلاف کے بعد سے بھارت پر فوقیت دیکھائی، کوویڈ سے نمٹنے میں بھارت سے بہتر کارکردگی دیکھائی، بھارت کو کرکٹ کے میدان میں آؤٹ کلاس کر دیا، دونوں ممالک کی مشترکہ تاریخ کو دوبارہ لکھنے سے ختم نہیں کیا جا سکتا، دونوں ممالک کی مشترکہ جغرافیائی قربت کو ختم نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 13

دیا جا سکے کہ بھارت نے ان کے مادر وطن پر غیر قانونی طور پر اوران کی امنگوں کے برعکس قبضہ کررکھا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق 27 اکتوبر 1947 کو مقبوضہ علاقے پر بھارتی فوج کی جارحیت اور 5 اگست 2019ء کو مودی کی فسطائی حکومت کی طرف سے کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے کی مذمت کے لیے آزاد جموں وکشمیر، پاکستان اور دنیا بھر میں کل احتجاجی مارچ، ریلیاں اور سیمینارز کا انعقاد کیا جائے گا۔ مقبوضہ علاقے میں مکمل ہڑتال اور شام 7 بجے سے رات 8 بجے تک بلیک آؤٹ کیا جائے گا۔ ہڑتال اور یوم سیاہ کی کال کل جماعتی حریت کانفرنس، میر واعظ عمر فاروق کی زیر قیادت حریت فورم اور دیگر آزادی پسند تنظیموں نے دی ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس اور میر واعظ عمر فاروق کی زیر قیادت حریت فورم نے سرینگر میں اپنے بیانات میں کشمیری عوام پر زور دیا کہ وہ کل دنیا کو دکھادیں کہ وہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک جموں وکشمیر کو بھارتی غلامی سے آزاد نہیں کراتے۔ دیگر حریت رہنماؤں اور تنظیموں بشمول خواجہ فردوس، محمد یوسف نقاش، دیویندر سنگھ بہل، جموں وکشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی، جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ، جموں وکشمیر نیشنل فرنٹ، جموں و کشمیر ایمپلائز موومنٹ، جموں و کشمیر پیپلز لیگ اور جموں و کشمیر اسلامی تنظیم آزادی نے اپنے بیانات میں جموں و کشمیر پر بھارت کے ناجائز قبضے کے خلاف جدوجہد جاری رکھنے کے کشمیریوں کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 14

کے ذریعے کرائے۔ سوشل میڈیا پر اپنے ایک بیان میں شبلی فراز نے کہا کہ این اے 133 کا ضمنی انتخاب ای وی ایم کے ذریعے کرانے کا بہترین موقع ہے، ضمنی الیکشن میں ای وی ایم کو استعمال کیا جائے تو مثبت اقدام ہوگا۔ وفاقی وزیر شبلی فراز نے کہا کہ پائلٹ پراجیکٹ کا مقصد یہی ہے کہ جو مشکلات آئیں ان وہ حل کروائی جائیں، یہ ایک اچھا تجربہ ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 15

صدارت بنی گالا میں اجلاس ہوا، جس میں وزیراعلی پنجاب عثمان بزدار، وزیرداخلہ شیخ رشید، وفاقی مذہبی امور نورالحق قادری اور چیف سیکریٹری پنجاب بھی شریک تھے۔ اجلاس میں وزیراعظم عمران خان کو کالعدم تنظیم سے مذاکرات پر بریفنگ دی گئی، کالعدم تنظیم کے مطالبات اور حکومتی حکمت عملی پر غور کیا گیا، اس کے علاوہ وزیراعظم کو تاجروں کے احتجاج سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا۔ واضح رہے کہ کالعدم تنظیم کے کارکن حکومت سے کئے گئے معاہدے کے تحت اس وقت مریدکے میں موجود ہیں، حکومت نے طے پائے گئے معاملات پر بدھ تک عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی تھی، دوسری جانب تاجروں نے بھی اپنے مطالبات کے حق میں دھرنے کا اعلان کررکھا ہے۔

بقیہ 16

میں یورپین یونین کی جانب سے پاکستان کے طلباء اور جامعات کے اساتذہ کیلئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بین الاقوامی جامعات میں خصوصی وظائف دیئے جارہے ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان میں تعینات یورپین یونین کی سفیرا ندرولا کامینارا نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں تیسری دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس بعنوان کمپیوٹنگ، الیکٹرانک اور الیکٹریکل انجینئرنگ کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ڈیجیٹائلزیشن میں ترقی اور دنیا میں موجود مواقع سے بروقت استفادہ کرنا ہوگا جس کے لئے یورپین یونین جدت اور ڈیجیٹلائزیشن کے شعبے میں تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ بیوٹمز میں دوسری بار دورہ کرنے کا موقع ملا جو کہ انتہائی خوشگوار ہے بیوٹمز انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اور دیگر جدید علوم کی فراہمی کو بہترین انداز میں ممکن بنارہا ہے اس کانفرنس سے بلوچستان کے معاشرتی اور معاشی مسائل کو سمجھنے اور ان کے حل میں خاطر خواہ مدد مل سکتی ہے۔ تیسری دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس بعنوان کمپیوٹنگ، الیکٹرانک اور الیکٹریکل انجینئرنگ میں یورپین یونین کے وفد سمیت دنیا بھر سے ماہرین تعلیم محققین اور انجینئرز سمیت سرکاری وغیر سرکاری اداروں سے وابستہ سینئر عہدہ داران سمیت طلباء اور اساتذہ کی بڑی تعداد شریک کی۔ تیسری دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس بعنوان کمپیوٹنگ، الیکٹرانک اور الیکٹریکل انجینئرنگ جو کہ یورپین یونین، ڈیفینس ہاؤسنگ اتھارٹی کوئٹہ، اقوام متحدہ کا ادارہ برائے ترقی (یو این ڈی پی)، میپل سولر سلوشنز اور بیوٹمز کے اشتراک سے منعقد ہورہی ہیں۔ کانفرنس کے ذریعے سامنے آنے والے تخلیقی و تحقیقی منصوبہ جات اور مکالہ جات مستقبل قریب میں بلوچستان پاکستان اور دنیا بھر میں کمپیوٹنگ، الیکٹرانک اور الیکٹریکل کے شعبہ جات میں تبدیلیاں اور نتائج حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرینگے۔ دوروزہ کانفرنس میں مختلف ممالک سے ماہرین تعلیم ومحققین اپنے ریسرچ پیپرز اور مضامین پیش کرینگے۔ کانفرنس میں دنیا بھر کی صف اول کی جامعات اور اداروں کے ماہر انجینئرز، محققین، ماہرین تعلیم شرکت کر ینگے۔ کانفرنس کا بنیادی مقصد دنیا بھر کے محققین کو بلوچستان کے متعلق آگاہی اور بلوچستان میں تعلیم وتحقیق کے شعبوں کو تقویت دینا ہے تاکہ جدید علمی وسائنسی تقاضوں اور جدید ایجادات سے بلوچستان اور پاکستان بھر کے اساتذہ اور طلباء کو ہم آہنگ کیا جاسکے جبکہ کانفرنس کی گزارشات اور نتائج عام آدمی کی زندگی میں آسانیاں لانے کیلئے بھی مددگار ثابت ہونگی۔

بقیہ 17

تھے۔ بلاول بھٹو زرداری نے یوسی 5 رحمت پور کے مسائل کے حوالے سے کارکنان، عہدیداران اور علاقہ معززین سے آگاہی حاصل کی۔ چیئرمین پیپلزپارٹی نے براہ راست جیالوں اور معززین علاقہ سے اپنے انتخابی حلقے کے مسائل کو سنا اور حل کی ہدایات دیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے عوام کو لاوارث چھوڑ دیا ہے، پیپلز پارٹی کے کارکن عوام میں میرے سفیر ہیں، عوام میں آپ کی حیثیت میرے نمائندے کی ہے۔ پاکستان پیپلزپارٹی ملک میں غریب کی امید ہے، ہم کسان، مزدور اور نوجوانوں کی آواز ہیں۔ اس موقع پر پیپلزپارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو، پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن جمیل سومرو، خورشید جونیجو، سردار شاہ، ضیا عباس شاہ، سہیل سیال، گھنور اسران، اعجاز جاکھرانی، خیر محمد شیخ، اعجاز لغاری، عبدالفتاح بھٹو، انور لہر، عمران جتوئی، وقار بھٹو، سرفراز کھوکھر، آفتاب بھٹو، ماجد علی بروہی، کامران اوڈھانو، عبدالباری عباسی، شیر علی لغاری، مٹھل سومرو، علی گوہر سانگھی، اسلم شیخ، محمد علی بھٹو، صفدر مٹھانی، پیر معصوم، عبدالخالق تنیو، شبیر سموں، پیر بخش لغاری، غلام شبیر تنیو، لکشمن داس باگڑی، نارائن داس، مقبول احمد مشوری، غلام شبیر کھوسو اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 18

کانشان لگایا گیا، 7 سالہ بچے کو قتل کیس میں پھانسی بھی نہیں ہوسکتی، ایسے دستاویزات کے ذریعے قانون کی دھجیاں اڑائی گئیں، پاکستان میں سچ بولنے کے حالات ہیں سب کو علم ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق دوران سماعت وکیل درخواست گزار سے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا دلچسپ مکالمہ ہوا۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ عدالت علاقائی زمینی حقائق کو بھی سامنے رکھے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ جس علاقے کی زمینی حقیقت کی آپ بات کررہے ہیں وہاں تو عورت کو انسان ہی نہیں سمجھا جاتا، زمینی حقائق دیکھتے دیکھتے فوجی آمروں نے ملک میں مارشل لاء لگا دیئے اور ججوں سے جبری دستخط کرالیے، پھر کہا جاتا ہے ہم زمینی حقائق دیکھیں، سعودی عرب میں جائیداد کی تقسیم کا فیصلہ ایک دن میں ہوتا ہے، پاکستان میں جائیداد کی تقسیم کا فیصلہ ہوتے ہوتے چالیس سال لگ جاتے ہیں، جائیداد کی تقسیم کا شرعی اصول ساڑھے چودہ سو سال پہلے طے ہو چکا ہے۔ عدالت نے سوات کے حبیب اللہ مرحوم کی جائیداد کو تمام قانونی ورثاء کے مابین شرعی اصول کے تحت تقسیم کرنے کا حکم دیدیا۔ سپریم کورٹ نے جائیداد کی تقسیم سے متعلق نچلی عدالتوں کے تینوں فیصلے کالعدم قرار دے دیے۔ واضح رہے کہ حبیب اللہ کی 1986 میں وفات کے بعد اس کی تین بیویاں اور بچوں میں وراثت تقسیم کرنے پر اختلاف ہوا تو علاقے کے جرگے نے مختلف وارثان میں جائیداد تقسیم کرنے کا فیصلہ دیا، وراثت نہ ملنے پر وارثان نے عدالتوں سے رجوع کیا۔ سول کورٹ، سیشن کورٹ اور ہائیکورٹ نے جرگے کے فیصلے کو درست قرار دیا تھا۔

بقیہ 19

مہنگائی کیخلاف سڑکوں پر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان، ان کے وزراء اور گورنر سٹیٹ بینک مہنگائی کے مارے عوام کے زخموں پر، توہین آمیز، بیانات دیکر نمک پاشی کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی مہنگائی دیگر ممالک سے کم ہے تو پھر عوام کو بتادیں کہ وہاں کے عوام کی آمدنی اور حکومتوں کی جانب سے ملنے والی مراعات، کیا ہیں اور کتنی ہیں عمران خان کی وزراء کی فوج کم کردے، وزراء، وزیراعظم، ایوان صدر، گورنر، وزیراعلیٰ کے محلات کے اخراجات کیوں کم نہیں کرتے؟۔

بقیہ 20

ہے۔ جس کے سنگین نتائج برآمد ہونگے۔ صدر مملکت عارف علوی نے قومی یکجہتی اور ثقافتی ہم آہنگی کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دو قومی نظریہ کے لئے بڑی جدوجہد کی گئی، انسانی زندگی میں ارتقا کا عمل جاری رہتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ تمام مذاہب انسانیت سے محبت کا درس دیتے ہیں، پاکستان پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے جہاں پر کئی تہذیبیں آباد رہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں مسلمان حکمرانوں کی تاریخ کو مسخ کیا جارہا ہے، بھارت میں تعصب کو ہوا دی جا رہی ہے جس کے سنگین نتائج برآمد ہونگے، انسانی ذہن ارتقائی کیفیت میں چلتا رہتا ہے، یکجہتی تبھی ممکن ہے جب ہر ثقافت کا احترام کیا جائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ قومی یکجہتی کے لئے ضروری ہے کہ تحمل اور برداشت کو فروغ دیا جائے، فیک نیوز بھی ایک بڑا مسئلہ ہے جس سے قومیں تباہ ہوئیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ خبروں کی یلغار کے باعث اصل اور جھوٹ میں تمیز کرنا مشکل ہورہا ہے، اپنی زندگی میں اصول طے کر کے جھوٹ اور سچ میں تمیز پیدا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علم کی تلاش جاری رکھیں، غیبت سے بچیں۔

بقیہ 21

کے نیب ریفرنس میں احتساب عدالت کا بریت کی درخواست مسترد کرنے کا فیصلہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ آصف علی زرداری کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں آصف زرداری نے عدالتِ عالیہ سے احتساب عدالت کو چارج فریم کرنے سے روکنے کی استدعا کی ہے۔ درخواست میں انہوں نے استدعا کی گئی کہ احتساب عدالت کا 14 اکتوبر کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے اور نیب ریفرنس سے بری کیا جائے۔ واضح رہے کہ احتساب عدالت کے جج اصغر علی نے سابق صدر آصف زرداری کی درخواست مسترد کی تھی۔ احتساب عدالت نے آصف علی زرداری کو فردِ جرم کے لیے عدالت میں طلب کر رکھا ہے۔

بقیہ 22

نے کہا کہ آج سے 74 سال قبل 27 اکتوبر 1947ء کو، ہندوستان نے ایک غیر قانونی مداخلت کے ذریعے جموں وکشمیر پر غیر قانونی طور پر قبضہ کر لیا، اُس دن ظلم وستم کا شروع ہونے والا راج آج بھی برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سات دہائیوں کے دوران بھارتی حکومتوں نے یکے بعد دیگرے کشمیری عوام کو بدترین ریاستی دہشت گردی کا نشانہ بنایا۔ ہندوتوا نظریہ کے تحت بی جے پی کی فاشسٹ حکومت نے مسلمانوں اور دیگر اقلیتی برادریوں پر ظلم ڈھانا شروع کر دیے ہیں۔ مزید برآں، بھارت نے 5 اگست 2019ء کو کشمیری عوام کو ان کے معاشی، سیاسی اور زمینی حقوق سے محروم کرنے اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے آبادیاتی ڈھانچے کو تبدیل کرنے کیلئے غیر قانونی یکطرفہ اقدام اٹھایا۔ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی متعدد قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہیں اور پاکستان ان غیر قانونی اقدامات کو قبول نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشمیریوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا استعمال بشمول ماورائے عدالت قتل، جعلی مقابلے، محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں، دوران حراست تشدد، جبری گمشدگیاں، کشمیری قیادت کو نظر بند کرنا، پیلٹ گنوں کا استعمال اور مکانات کی تباہی بھی کشمیریوں کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکی۔ کشمیری عوام ثابت قدم ہیں اور انہوں نے اپنے لہو سے عزم، حوصلے اور قربانیوں کا ایک شاندار باب تاریخ میں رقم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی دعوؤں کے برعکس، جموں وکشمیر ایک بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تنازعہ ہے جو سات دہائیوں سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر ہے۔ پاکستان عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین اور منظم خلاف ورزیوں پر بھارت کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق جموں وکشمیر تنازعہ کا پرامن حل ہی خطے میں امن کو یقینی بنانے کا واحد راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بہادر کشمیریوں کی استقامت اور انکے ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارت کا غیر قانونی قبضہ ضرور ختم ہوگا۔ پوری پاکستانی قوم اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت کی منصفانہ جدوجہد میں اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

بقیہ 23

خیالات کا اظہار سابق وزیراعظم پاکستان اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے مرکزی رہنما کے سید یوسف رضا گیلانی نے خانیوال میں ممبر پنجاب اسمبلی حاجی نشاط احمد خان ڈاہا کے ختم قل خوانی کے بعد میڈیا نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے مزید کہا کے معاشی حالات سازگار نہیں ہے، جس کی اصل وجہ آئی ایم ایف کی سخت ترین شرائط کو حکومت کا ماننا ہے سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ مہنگائی بے روزگاری اور حکومت کی ناقص پالیسوں کے باعث نہ صرف ملکی معیشت بری طرح متاثر ہوئی ہے بلکے عوام ان حالات سے بے حد پریشان ہیں اور ہماری جماعت نے ان کے حقوق کے لیے پہلے ہی احتجاج کی کال دے دی ہے۔ مذہبی جماعت پر پابندی پارت سوال کا جواب دیتے ہوئے سابق وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اس سلسلہ میں ہمیں نہ تو پہلے اعتماد میں لیا گیا اور نہ ہی اب اس بارے میں اعتماد میں لیا گیا ہے۔ انہوں نے ممبر پنجاب اسمبلی حاجی نشاط احمد خان ڈاہا کی گراں قدر سیاسی وسماجی خدمات کو گراں قدع الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاہا خاندان سے ان کی خاندانی تعلقات ہیں جو نسل درنسل چلے آرہے ہیں نشاط احمد خان ڈاہا اور میجر آفتاب سابق ایم این اے سے ان کی ذاتی تعلقات تھیں اور وہ انہیں احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں اس موقع پر ڈاکٹر وقار ڈاہا، سہیل خان، علی خان ڈاہا، چیئرمین مسعود مجید ڈاہا ملک عاصم احمد ڈیہڑ سمیت دیگر سیاسی شخصیات بھی موجو تھیں۔

بقیہ 24

حامل ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو بچل کالونی میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پی پی پی سندھ کے صدر نثار کھوڑو اور رکن سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی جمیل سومرو، خورشید جونیجو، سردار شاہ، ضیا عباس رضوی، سہیل سیال، گھنور اسران، خیر محمد شیخ، اعجاز لغاری، انور لہر، عمران جتوئی، وقار بھٹو، سرفراز کھوکھر، آفتاب بھٹو، ماجد بروہی، کامران اوڈھانو، عبدالباری عباسی، مٹھل سومرو، علی گوہر سانگی، علی نواز شیخ، شیر محمد لغاری ودیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلاول بھٹو زرداری نے مظفر علی کھوسو سے ان کے عزیز ماما گل محمد کھوسو، وہاب رند سے ان کے بھتیجے، منظور عمرانی سے ان کے عزیز بچل عمرانی، بیبن بررڑو سے ان کے عزیز اکرم بررڑو، روشن علی عمرانی ان کے صاحبزادے ندیم علی عمرانی جبکہ امیاز ناریجو سے ان کے عزیز کے انتقال پر تعزیت کی۔ اجلاس میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو علاقے کے مسائل سے آگاہ کیا گیا، حل سے متعلق تجاویز پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بلاول بھٹو زرداری ضلع کے مسائل کے حل کے حوالے سے کارکنان وعہدیداران و معززین سے مکالمہ کرتے رہے اور مسائل کے فوری حل کے لیے ہدایت بھی جاری کیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آج ملک میں تاریخی مہنگائی، بے روزگاری اور غربت میں اضافے کے بعد عوام کو ایسے بحرانوں میں پی پی پی کا کردار یاد دلانے کی ضرورت ہے۔ پیپلز پارٹی کے دور میں دور میں نہ صرف روزگار ملا بلکہ تنخواہوں اور پنشن کی مد میں بھی اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو اپنے جمہوری و معاشی حقوق چھین کر لینا ہوں گے۔ 29 اکتوبر کو پی پی پی کے تحت ہونے والا مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ تاریخی حیثیت کا حامل ہوگا۔

بقیہ 25

کہا کہ پنجاب اسمبلی نے قرآن ایکٹ اور ختم نبوت کے حوالے سے متعلق قانون متفقہ طور پر پاس کیا تھا، اب بہت سے ایسے کیس سامنے آرہے ہیں کہ شادی کے بعد دولہا قادیانی نکلا اس کے سدباب کیلئے نکاح نامے میں بھی ختم نبوت کا حلف نامہ شامل کرنا بہت ضروری ہے تاکہ نکاح ہونے سے پہلے ہی تمام شکوک وشبہات دور کرلیے جائیں۔ نکاح نامہ فارم میں ختم نبوت کے حلف نامے کا کالم شامل کرنے سے متعلق خدیجہ عمر، باسمہ چودھری اور مسلم لیگ ن کے مولانا الیاس چنیوٹی نے سپیکر پنجاب اسمبلی سے مشترکہ طور پر قرارداد پیش کرنے کی اجازت طلب کی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ "پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان حکومت پنجاب سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم (قادیانی، احمدی وغیرہ) میں فرق واضح کرنے کیلئے نادرا فارم اور پاسپورٹ فارم میں مندرج حلف نامے کی طرز پر دی مسلم فیملی لاز آرڈیننس 1961ء کے تحت وضع کیے ہوئے قواعد کے قاعدہ نمبر 8 اور 10 کے تحت مجوزہ نکاح نامہ فارم میں بھی ختم نبوت کا مندرجہ ذیل حلف نامے کے ساتھ واضح طور پر کالم شامل کیا جائے"۔ یہ حلف نامہ یوں ہے "میں مسلمان ہوں اور نبی حضرت محمدؐ کے آخری، حتمی اور غیر مشروط خاتم النبیین ہونے پر ایمان رکھتا/ رکھتی ہوں۔ میں ایسے کسی بھی شخص کو نہیں مانتا/ مانتی جو محمدؐ کے بعد لفظ "نبی" کی کسی بھی تشریح یا کسی بھی ممکنہ حوالے سے نبی ہونے کا دعویٰ کرے، یا نبوت کے ایسے مدعی کو نبی یا مذہبی مصلح، یا مسلمان ہی نہیں مانتا/ مانتی ہوں۔

بقیہ 26

رہنما زاہد خان نے کہا ہے کہ دنیا میں کہا جار ہا ہے ملکی معاملات تعویز اور جنات کے ذریعہ چلایا جار ہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان ماضی کے حکمرانوں پر تنقید کرتے رہے ہیں، عمران خان خود چار دن سعودیہ میں گزار کر آئے ہیں، ملک کی صورتحال انتہائی نازک دور سے گزر رہی ہے، ملک میں مہنگائی عروج پر اور تاجر احتجاج پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کہا جار ہا ہے کہ ملکی معاملات تعویز اور جنات کے ذریعہ چلایا جا رہا ہے، ملک ایسے نہیں چلتا، ملک جمہوریت اور عقل سے چلتا ہے۔

بقیہ 27

ایک بار پھر سی پیک کے اقتصادی زون میں چینی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم ایل ون ریلوے منصوبے پر کام کا جلد آغاز علاقائی ترقی کا باعث بنے گا، افغانستان کو انسانی بحران سے بچانے کیلئے مدد کرنی ہوگی۔ وزیراعظم عمران خان نے چینی صدر شی جن پنگ کو ٹیلی فونک کر کے کمیونسٹ پارٹی کی صد سالہ تقریبات پر مبارکباد دی۔ وزیراعظم عمران خان نے چین سے غربت کے خاتمے اور اصلاحات کی تعریف کی۔ پاک چین دوستی کے 70 سال مکمل ہونے پر ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔ وزیراعظم اور چینی صدر نے دوطرفہ امور اور شرکت داری کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا، وزیراعظم نے کورونا سے نمٹنے کے لیے چین کے اقدامات کو سراہا، وزیراعظم نے ترقی پذیر ممالک کے لیے چین کی جانب سے انسداد کورونا امداد کی تعریف کی۔ ٹیلیفونک رابطے میں دوطرفہ اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا، دونوں رہنماؤں نیاہمی اقتصادی، تجارتی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا، دونوں رہنماؤں میں سی پیک منصوبوں کی بروقت تکمیل سے متعلق خصوصی بات چیت کی گئی۔ وزیراعظم نے سی پیک کے اقتصادی زون میں چینی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایم ایل ون ریلوے منصوبے پر کام کا جلد آغاز علاقائی ترقی کا باعث بنے گا، وزیراعظم نے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے چینی اقدام کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں پاک چین تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ ٹیلیفونک رابطے میں دونوں رہنماؤں نے افغانستان کی تازہ صورتحال پر بھی بات چیت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ افغان عوام کو معاشی مسائل سے نکالنے کیلئے دنیا کردار ادا کرے، افغانستان کو انسانی بحران سے بچانے کیلئے مدد کرنی ہوگی۔ وزیراعظم عمران خان نے چینی صدر کو جلد دورہ پاکستان کی دعوت دی۔

بقیہ 28

نے کہا ہے کہ انہوں نے امریکی سیکریٹری اسٹیٹ انٹونی بلنکن سے کہا ہے کہ صدر جو بائیڈن پر زور دیں کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات دوبارہ استوار کی کوشش کے سلسلے میں وزیراعظم عمران خان سے بات کریں۔ امریکی سینیٹ کی کمیٹی برائے خارجہ تعلقات کے چیئرمین نے امیریکن پاکستانی پولیٹیکل ایکشن کمیٹی (اے پی پی اے سی) کے بورڈ رکن ڈاکٹر طارق ابراہیم کی رہائش گاہ پر منعقدہ ایک فنڈ ریزنگ تقریب سے خطاب میں اس قسم کی بات چیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ امریکی سیکریٹری اسٹیٹ سے کی گئی درخواست کا حوالہ دیتے ہوئے سینیٹر نے کہا کہ میرے خیال میں اس طرح کی بات چیت کرنا ہمارے لیے اچھا ہوگا اور آپ جانتے ہیں ہماری جب ایسی بات چیت ہوتی ہے وہ ایماندار ہوتے ہیں اور اس کا مطلب یہ کہ وہ شفاف بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورت میں کہ جب کوئی معاہدہ ہوگا ہم اس پر تعلقات تعمیر کریں گے اور جب کوئی اختلاف ہوگا ہم اس پر بات کریں گے کہ اس اختلاف کو کس طرح دور کرسکیں۔ امریکی سینیٹر نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ یہ ایک غیر معمولی لمحہ ہے، جس میں ایک ایسا رشتہ ہے جو دوبارہ پہلے جیسا بنایا جاسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ہم اس پر (تعلقات) دوبارہ استوار کرسکتے ہیں تو مجھے امید ہے کہ ہم اسے توسیع دے سکتے ہیں، صرف پاکستان کے فوجی اور سیکیورٹی تناظر میں میں نہیں بلکہ بہت وسیع تناظر میں، اتنی بڑی نوجوان آبادی کے بارے میں بات کی جائے تو یہ اس معاشی حرکیات کو استوار کرنے کا زبردست موقع ہے جو ہم تخلیق کرتے ہیں۔

بقیہ 29

ایرانی وزیر خارجہ سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت اہم علاقائی وعالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا وزارت خارجہ پہنچنے پر ایران کے وزیر خارجہ ڈاکٹر حسین امیر عبداللہیان نے خیر مقدم کیا، افغانستان کیلئے نمائندہ خصوصی، ایمبیسڈر محمد صادق اور ایران میں تعینات پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی بھی وزیر خارجہ کے ہمراہ تھے، ایرانی وزیر خارجہ نے وزیر خارجہ اور ان کے وفد کو تہران آمد پر خوش آمدید کہا، وزیر خارجہ نے افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے دوسرے وزارتی اجلاس میں شرکت کی دعوت پر ایرانی ہم منصب کا شکریہ ادا کیا، دونوں وزرائے خارجہ کے مابین دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے کثیر الجہتی شعبہ جات میں دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت اہم علاقائی وعالمی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان، ایران کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے اور انہیں مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہے، وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے، ایران کی اعلیٰ قیادت کی جانب سے مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے اصولی موقف کی مسلسل تائید اور حمایت پر ایرانی وزیر خارجہ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک پرامن اور مستحکم افغانستان، تمام ہمسایہ ممالک کیلئے یکساں اہمیت کا حامل ہے۔ 21 اکتوبر کو کیے گئے اپنے دورہ کابل کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر خارجہ نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ افغان شہریوں کو درپیش معاشی وانسانی بحران سے نکالنے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، افغانستان کو تجارتی وسرحدی نقل و حرکت میں سہولیات کی فراہمی جاری رکھنے کیلئے پر عزم ہے، ایرانی وزیر خارجہ نے پاکستان کی جانب سے شروع کیے گئے علاقائی لائحہ عمل کی تشکیل کے اقدام کو سراہتے ہوئے، ایران کی میزبانی میں منعقدہ افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے دوسرے وزارتی اجلاس میں شرکت پر، وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کا شکریہ ادا کیا، ایرانی وزیر خارجہ ڈاکٹر حسین امیر عبداللہیان نے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی اور ان کے وفد کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا۔

بقیہ 30

17 ارب روپے کی گرانٹس موصول ہوئی ہیں، حکومت نے باہمی معاہدوں کے تحت 7 کروڑ 69 لاکھ ڈالر اور ملٹی لیٹرل مالی اداروں سے ایک ارب 56 کروڑ ڈالر قرض لیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت نے کمرشل بینکوں سے 45 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا قرض حاصل کیا ہے جبکہ حکومت کو مختلف ممالک اور ملٹی لیٹرل اداروں سے 10 کروڑ ڈالر کی گرانٹس ملی ہیں، جولائی تا ستمبر چین سے 7 کروڑ 33 لاکھ ڈالر قرض ملا جب کہ امریکا سے پاکستان کو 3 ماہ میں 2 کروڑ 72 لاکھ ڈالر قرض ملا ہے، ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کو 45 کروڑ 99 لاکھ ڈالر قرض فراہم کیا ہے۔

بقیہ 31

قیمتیں مزید بڑھائی جارہی ہیں، ایک بار پھر عوام پر پٹرول بم گرانے کی تیاریاں ہورہی ہیں، تاریخ کی بلند ترین سطح پر قیمتیں ہونے کے باوجود حکومت عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے۔ قرضوں بارے ان کا کہنا تھا کہ کشکول توڑنے والوں نے رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں تین ارب 10 کروڑ ڈالر کا قرضہ لیا۔ یہ عوام کو نہیں بتایا جاتا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے تین سالوں کے دوران قرضوں میں 60 فیصد اضافہ ہوا۔ ن لیگ نے جتنا قرضہ لیا پی ٹی آئی نے صرف تین سالوں میں انکے قرضے کا 140 فیصد مزید قرض لیا۔ جتنا قرضہ 10 سال میں لیا گیا اس کا 80 فیصد پی ٹی آئی نے صرف تین سال میں لیا لیکن ملک آج بھی بدترین معاشی بحران کا شکار ہے۔ اے این پی سربراہ کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کی جھولی میں ملک ڈال کر آج انہی کے ایماء پر بجلی، پٹرول اور دیگر مصنوعات کی قیمتیں بڑھائی جارہی ہیں۔ اے این پی نے عوام کے درمیان رہ کر عوامی مسائل پر آواز اٹھائی اور ہمیشہ اٹھاتی رہے گی، یہ مہنگائی ناقابل برداشت ہے۔ مہنگائی کے خلاف عظیم الشان احتجاجی جلسہ عام 10 نومبر کو پشاور میں ہوگا، عوام کو اب ان نااہلوں کے خلاف نکلنا ہوگا۔

بقیہ 32

مہنگی کردی گئی۔ منگل کو نیپرا نے بجلی مہنگی کرنے کا فیصلہ جاری کردیا، نیپرا اتھارٹی نے 2 ستمبر کو فیول ایڈجسٹمنٹ پر عوامی سماعت کی تھی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اضافے کا اطلاق صرف نومبر کے مہینے کے بلوں پر ہوگا، اضافے کا اطلاق لائف لائن کے علاوہ تمام صارفین پر ہوگا۔

بقیہ 33

نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے کالعدم ٹی ٹی پی کے 2 دہشت گرد گرفتار کیئے ہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اسلام آباد کے ایس ایس پی جمیل ملک نے کہا کہ اسلام آباد میں بزنس اور تعلیمی اداروں کو کالعدم ٹی ٹی پی نے بھتے کی کال کی اور خط بھیجے، بھتہ نہ دینے کی صورت میں بم دھماکے کی دھمکی دی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں کی جانب سے 10 دھمکی آمیز خط اور 3 کالز بھتے کے لیے کی گئیں، جس پر اسلام آباد پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے بتایا کہ دہشت گردوں نے تاجروں اور اسکولوں سے 30 کروڑ روپے بھتہ مانگا تھا، سی ٹی ڈی اسلام آباد کو بھی ملزمان نے خط لکھ کر دھمکی دی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردوں کی گرفتاری کے لیے سی سی ٹی وی ویڈیوز اور دیگر شواہد اکٹھے کیئے گئے، خطوط سوات کے ڈاک خانے سے پوسٹ ہوئے۔ ایس ایس پی سی ٹی ڈی جمیل ملک کا یہ بھی کہنا ہے کہ گرفتار کیا گیا مرکزی ملزم شیر بخت ٹی ٹی پی سوات کا کمانڈر تھا۔

بقیہ 34

مسترد کرتے ہوئے گواہوں کے بیانات کی کاپیاں فراہم کرنے کی ملزمان کی درخواست منظور کرلی گئی۔ منگل کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس عامر فاروق نے محفوظ فیصلہ سنادیا۔ عدالت نے ملزمان کی فرد جرم چیلنج کرنے کی درخواست بھی مسترد کردی، ملزمان کو گواہوں کے بیانات کی کاپیاں فراہم کرنے کی درخواست منظور کرلی گئی۔ عدالت نے کہا کہ ملزمان کو فرد جرم سے پہلے ریکارڈ کا جائزہ لینے کا مناسب موقع دیا گیا تھا۔ یادرہے کہ ذاکر جعفر، عصمت ذاکر اور طاہر ظہور نے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ 35

کشمیریوں کو شہید کیا۔ اپنے بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ بھارتی فوج نے گزشتہ دو ہفتوں سے کشمیریوں کے گھروں کا گھیراؤ کر رکھا ہے، لوگوں کو گھروں سے باہر جانے کی اجازت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے میچ کے دوران گھر گھر چھاپے مارے گئے، نوسو سے زائد کشمیریوں کو گرفتار کیا گیا۔ مشعال ملک نے کہا کہ انڈیا میں کشمیری طلباء پر تشدد اور گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج نے گزشتہ دو ہفتوں سے پونچھ باسیوں کا جینا حرام کر رکھا ہے، تلاشی کے نام پر کشمیریوں کو گھروں میں بند کر دیا گیا ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ بھارتی فوج اور بھارتی ٹیم کے ہارنے کا غصہ کشمیریوں پر اتار رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی مسلسل کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے، امیت شاہ کے دورے کے دوران کشمیریوں کو گھروں میں بند کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت اور فوج مقبوضہ کشمیریوں کو جیل میں بدل کر رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نو لاکھ فوج کے حصار میں امیت شاہ کے دورے نے دنیا کو بتا دیا کشمیری کیا چاہتے ہیں۔ مشعال ملک نے کہا کہ کشمیریوں کو مولی گاجر کی طرح کاٹا جارہا ہے۔

بقیہ 36

کے نقصان پر 134 رنز بنائے، ڈیرل مچل اور ڈیون کونوے 27، 27 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ پاکستان کی جانب سے حارث رؤف نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے 22 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے علاوہ محمد حفیظ، عماد وسیم اور شاہین شاہ نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔ نیوزی لینڈ کی پہلی وکٹ 37 رنز پر گری جب حارث رؤف کی گیند پر مارٹن گپٹل 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ 54 رنز پر نیوزی لینڈ کے بیٹسمین ڈیرل مچل بھی عماد وسیم کی گیند پر 27 رنز بنا کر کیچ آؤٹ ہوگئے۔ نیوزی لینڈ کی تیسری وکٹ 56 رنز پر گری، جیمز نیشم محمد حفیظ کی گیند پر صرف 1 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ نیوزی لینڈ کی چوتھی وکٹ 90 رنز پر گری، کپتان ولیم سن حسن علی کی ڈائریکٹ تھرو کا شکار ہوئے، وہ 25 رنز بنا سکے۔ نیوزی لینڈ کے ڈیون کونوے اور گلین فلپس 17 ویں اوور میں حارث رؤف کا شکار بنے۔ اس کے علاوہ ٹم سائفرٹ 8 رنز بنا کر شاہین شاہ کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے۔ پاکستان نے آخری اوورز میں شعیب ملک اور محمد آصف کی ذمہ دارانہ بیٹنگ کی بدولت 135 رنز کا ہدف 19 ویں اوورز میں مکمل کرلیا۔ پاکستان کی جانب سے شعیب ملک اور محمد آصف نے ناقابل شکست 27، 27 رنز بنائے۔ نیوزی لینڈ کے 134 رنز کے جواب میں پاکستان کی پہلی وکٹ 28 رنز پر گری، کپتان بابر اعظم 9 رنز بنا کر ٹم ساؤتھی کی گیند پر بولڈ ہوگئے۔ بابر اعظم کو بولڈ کرتے ہی ٹم ساؤتھی نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں وکٹوں کی سنچری مکمل کرلی۔ وہ یہ کارنامہ سرانجام دینے والے تیسرے بولر ہیں ان سیقبل سری لنکا کے ملنگا اور بنگلا دیش کے شکیب الحسن ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں وکٹوں کی سنچری مکمل کر چکے ہیں۔ نیوزی لینڈ نے اپنا دوسرا شکار 9 ویں اوور میں کیا، پاکستان کے فخر زمان 11 رنز بنا کر سودھی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ پاکستان ٹیم کا اسکور 63 رنز پر پہنچا تو حفیظ نے سینٹر کی گیند پر قدم بڑھا کے لانگ آف کی جانب ہوا میں شاٹ کھیلا، نیوزی لینڈ کے ڈیون کونوے نے گیند کو لپک کر ایک شاندار کیچ پکڑا اور حفیظ کو 11 رنز پر پویلین بھیج دیا۔ پاکستان کے محمد رضوان 33 رنز بنا کر سودھی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ پاکستان ٹیم کا اسکور 87 رنز پر پہنچا تو عماد وسیم غلط شاٹ کھیل کر بولٹ کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کی ٹیموں کے درمیان 24 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے گئے جس میں پاکستان نے 14 میچز میں کامیابی سمیٹی۔ اس کے علاوہ دونوں ٹیمیں 8 بار متحدہ عرب امارات میں آمنے سامنے آئیں جس میں پاکستان 7 جبکہ نیوزی لیڈ ایک میچ جیتنے میں کامیاب ہوا۔ اگر ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کی بات کی جائے تو وہاں بھی پاکستان ٹیم کا پلڑا بھاری ہے۔ دونوں ٹیمیں 5 بار ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں آمنے سامنے آئیں، پاکستان نے 3 جبکہ نیوزی لینڈ 2 میچز جیتنے میں کامیاب ہوا۔ یاد رہے کہ پاکستان متحدہ عرب امارات میں گزشتہ 12 میچز سے ناقابل شکست ہے۔ پاکستان کے محمد رضوان کو ایک کلینڈر ایئر میں ایک ہزار ٹی ٹوئنٹی رنز مکمل کرنے کیلئے 169 رنز درکار ہیں۔ اگر محمد رضوان اس ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں مزید 169 رنز اسکور کرلیتے ہیں تو وہ ایک کلینڈر ایئر میں 1 ہزار ٹی ٹوئنٹی رنز بنانے والے دنیا کے پہلے بیٹسمین بن جائیں گے۔ واضح رہے کہ آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے ساتویں ایڈیشن کا سپر 12 مرحلہ متحدہ عرب امارات میں جاری ہے۔ سپر 12 مرحلے میں 6،6 ٹیموں کو 2 گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ ہر گروپ کی 2 ٹاپ ٹیمیں سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کریں گی۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں گروپ 2 میں شامل ہیں، پاکستان نے اپنے پہلے میچ میں بھارت کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 10 وکٹوں سے شکست دی جبکہ نیوزی لینڈ اپنا پہلا میچ آج پاکستان کے خلاف کھیل رہا ہے۔

بقیہ 37

وزیراعظم پاکستان عمران خان نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں اسکاٹ لینڈ کے خلاف میچ جیتنے پر افغانستان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ عمران خان نے ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا کہ اسکاٹ لینڈ کیخلاف واضح فتح حاصل کرنے پر افغان کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیراعظم عمران خان کا کہنا ہے کہ اپنے وطن کو درپیش تمام تر مصائب ومشکلات کے باوجود کھیل کا حصہ بننے اور جیت اپنے نام کرنے کیلئے افغان ٹیم نے غیر معمولی عزم وہمت کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ 38

مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، مظاہرین نے بازار کا چکر لگا کر پریس کلب کے سامنے شاہراہ سرینگر بلاک کر دی جس کے بعد لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، مظاہرین نے مہنگائی کے خلاف پلے کارڈ اور کتبے اٹھائے ہوئے مہنگائی اور حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ ڈاکٹر مصطفی بشیر نے کہا کہ عمران خان غریبوں پر عذاب بن کر نازل ہوا ہے، تبدیلی سرکار نے غریبوں کو مہنگائی سے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ لیگی رہنما نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی مہنگائی کے خلاف تحریک غریب عوام کے دلوں کی آواز ہے

بقیہ 39

وزیراعظم عمران خان کے معاونِ خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ عوام سے اپیل ہے کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے ویکسین ضرور لگوائیں۔ وزیراعظم عمران خان کے معاونِ خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بنیادی مراکزِ صحت پر توجہ دے کر صحت کے شعبے کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ پرائمری ہیلتھ سسٹم کی سہولتوں کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم عمران خان کے معاونِ خصوصی برائے صحت نے بتایا کہ تمام بنیادی مراکزِ صحت اور رورل ہیلتھ سینٹرز کو اپ گریڈ کررہے ہیں۔

بقیہ 40

وزیر دفاع پرویز خٹک کے بھائی لیاقت خان خٹک اوران کے بیٹے احد خان خٹک نے پاکستان تحریک انصاف کو خیر باد کہہ دیا۔ لیاقت خان خٹک اور ان کے بیٹے احد خان خٹک نے اپنے آبائی گاؤں مانکی شریف میں اہم اجلاس کے دوران پی ٹی آئی چھوڑ دی۔ ذرائع کے مطابق لیاقت خٹک جلد پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کریں گے۔ ذرائع کا نے بتایا کہ پرویز خٹک کے بھتیجے احد خٹک نے چندروز قبل سابق صدر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے ملاقات کی تھی۔

بقیہ 41

ضلع رحیم یار خان میں 9 افراد کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ ٹارگٹڈ سرچ آپریشن میں 8 مبینہ سہولت کار گرفتار کر لیئے گئے۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) محمد علی ضیاء کے مطابق سرچ آپریشن چوک ماہی میں کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ آپریشن ایس پی انویسٹی گیشن کیپٹن (ر) دوست محمد کی نگرانی میں کیا گیا۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) محمد علی ضیاء نے بتایا کہ سرچ آپریشن کے دوران ڈرون کیمروں و دیگر جدید ٹیکنالوجی سے مدد حاصل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے، انکشافات پر تمام تر ملزمان کو قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔

بقیہ 42

کالعدم تنظیم کے احتجاج کے پیش نظر گوجرانوالہ کے اطراف جی ٹی روڈ 5 ویں روز بھی بند رہا، سادھوکی کے مقام پر کنٹینرز موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق کالعدم تنظیم کی ریلی مریدکے میں ہی موجود ہے، مریدکے سے نارووال اور شیخوپورہ جانے والی سڑکیں پھر بند کردی گئی ہیں، شہریوں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ وزیرآباد کے مولانا ظفر علی خان چوک میں بھی کنٹینر لگے ہوئے ہیں، دریائے چناب پل کے قریب کھودی گئی خندق کے باعث وہاں آمدورفت مکمل بند ہے، دریائے چناب کے پل کو ریت کے ڈھیر لگا کر بند کیا گیا ہے۔ جی ٹی روڈ کیدونوں طرف پل بلاک کرنے کے لئے کنٹینرز بھی لگائے گئے ہیں۔ دوسری جانب کالعدم تنظیم کے دھرنے اور شاہراہ کی بندش کے باعث گوجرانوالہ ریلوے اسٹیشن پر رش بڑھ گیا ہے، آمدورفت کے لئے شہریوں نے ٹرینوں کا استعمال بڑھا دیا ہے جس کے باعث ٹرینوں میں جگہ حاصل کرنا انتہائی مشکل ہوگیا ہے۔

Plebiscite is the only solution of Kashmir dispute.

CORRIGENDUM/EXTENSION.

Reference this office Tender Notice under TS190271E published in prominent newspaper under PRQ-No.1304.15.10.2021 dated 16.10.2021 regarding purchase of 50000-Nos.Computerized Driving License Cards wherein the contractors/firms were bound to be registered with Balochistan Revenue Authority.Now the term of Registration with Balochistan Revenue Authority has been exempted/ extended the date of submission of tender upto 11.11.2021 till 11:00 AM and will be opened on same date at 12:00 PM However, other terms & condition will remain same.

PRQ NO.1457.26.10.2021

Senior Superintendent of Police, Traffic Quetta.

پی ٹی آئی کی حکومت مصنوعی آکسیجن پر چل رہی ہے، سراج الحق

بیساکھیاں ہٹ جائیں تو انجام بلوچستان کی صوبائی حکومت کی طرح ہوگا' امیر جماعت اسلامی

ماڈل ٹاؤن میں بھی اسی طرح لوگوں کو نشانہ بنایا گیا تھا، حکمرانوں کو زیب نہیں دیتا کہ وہ مظاہرین پر لاٹھیوں اور بندوقوں سے دوڑے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت مصنوعی آکسیجن پر چل رہی ہے۔ بیساکھیاں ہٹ جائیں تو انجام بلوچستان کی صوبائی حکومت کی طرح ہوگا۔ حکومت کمزور پچ پر کھیل رہی ہے، گزشتہ تین برسوں میں ملک کے ہر شعبے کو برباد کیا گیا۔ ادارے کمزور ہوئے اور بیڈ گورننس کی تاریخ رقم ہوئی۔ حکمرانوں نے سٹیٹ بنک اور ملکی معیشت کو مکمل طور پر آئی ایم ایف کے تابع کر دیا ہے۔ ڈالر کی پرواز اور روپیہ کی تنزلی کا سفر جاری ہے۔ سوا تین سالوں میں اربوں ڈالرز کا مزید قرضہ غریب قوم کے سر پر لاد دیا گیا۔

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سی آئی اے ڈیرہ اللہ یار کی دو مختلف کارروائیاں

کراچی سے ڈکیتی شدہ دو گاڑیاں برآمد، دو ملزمان گرفتار

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) سی آئی اے ڈیرہ اللہ یار نے دو مختلف کارروائیوں میں کراچی سے ڈکیتی شدہ دو گاڑیاں برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے سی آئی اے انچارج عبدالروف جمالی نے اہلکاروں طارق حسین بہرانی، ہادی بخش لاشاری، عبدالفتح پٹھان و دیگر کے ہمراہ کیٹل فارم کے علاقے میں دو مختلف کارروائیوں میں ایک کرولا اور ایک پریمیو کار

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت، پاکستان کی کامیابی پر خوشی منانیوالی مسلمان خاتون ٹیچر ملازمت سے برخاست کر دی گئی

نفیسہ عطاری راجستھان کے ادے پور میں واقع اسکول نیرج مودی اسکول میں بطور استاد فرائض انجام دے رہی تھیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی ریاست راجستھان میں مسلمان خاتون ٹیچر کو ٹی 20 ورلڈ کپ میچ میں بھارت کے خلاف پاکستان کی جیت کی خوشی منانے پر ملازمت سے برخاست کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق نفیسہ عطاری نے میسجنگ ایپ واٹس ایپ پر بھارت کے خلاف پاکستانی ٹیم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار، رکن بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم خان کھوسہ سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، نور محمد دمڑ کا سول ہسپتال کا دورہ، مریضوں کی عیادت کی

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے مرکزی رہنماء رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے سول ہسپتال اور ٹراما سنٹر اور ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ کیا حاجی نور محمد خان دمڑ نے حلقے سے تعلق رکھنے والے اور دیگر ہسپتال میں داخل

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو لیویز فورس کا اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ

کوہلو (نذر بلوچ قلندرانی) تفصیلات کے مطابق لیویز فورس نے بلوچستان کے علاقے ضلع کوہلو میں اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کر دیا لیویز احکام کے مطابق مورخہ 25 اکتوبر 2021 کو ڈپٹی کمشنر کوہلو کی خصوصی ہدایت اور حساس اداروں کی اطلاع پر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی ڈرائیور نے متحدہ عرب امارات میں 50 ملین درہم کی محظوظ لاٹری جیت لی

دبئی (این این آئی) پاکستانی ڈرائیور نے متحدہ عرب امارات میں 50 ملین درہم کی محظوظ لاٹری جیت لی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 36 سالہ ڈرائیور جنید رانا نے 50 ملین درہم (2 ارب 37 کروڑ روپے پاکستانی) کا چیک وصول کیا۔ دبئی کی ایک کمپنی میں

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حسن ابدال، موٹروے M-1 پر تیز رفتار کار اُلٹنے سے ایک شخص جاں بحق، دو افراد زخمی

حسن ابدال (این این آئی) موٹروے M-1 پر تیز رفتار کار اُلٹ گئی، حادثہ میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے۔ حادثہ کی اطلاع پر نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس اور ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی، جاں بحق اور زخمی ہسپتال منتقل۔ تفصیلات کے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ نے تجوری ہائٹس سے متعلق سندھ ہائیکورٹ کیسز کی تفصیلات طلب کر لیں

کل آپ نے وقت لیا تھا آپ وہیں سے شروع کریں جہاں کل پہنچے تھے، جسٹس قاضی امین کا رضا ربانی سے مکالمہ

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ نے تجوری ہائٹس سے متعلق سندھ ہائیکورٹ کیسز کی تفصیلات طلب کر لیں۔ عدالت نے تجوری ہائٹس کی نظر ثانی کی اپیل واپس لینے پر خارج کر دی۔ منگل کو سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے تجوری ہائٹس کی تعمیر کے خلاف ریلوے کی درخواست کی سماعت کی۔

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے 322 پرائیویٹ کالجز کو رجسٹریشن دینے سے انکار کر دیا

لاہور (این این آئی) محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے 322 پرائیویٹ کالجز کو رجسٹریشن دینے سے انکار کر دیا جس کے باعث انٹرمیڈیٹ پاس کرنے والے لاکھوں طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ تفصیلات کے مطابق بی ایس آنرز میں داخلوں کیلئے 322 کالجز کی فائلز مسترد کر دی گئیں، ڈائریکٹوریٹ کالجز نے پرائیویٹ کالجز کی رجسٹریشن کی منظوری نہیں دی، پرائیویٹ کالجز میں بی ایس آنرز میں نئے داخلے نہیں ہوسکیں گے۔ بتایا گیا ہے کہ پرائیویٹ

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

فیصل آباد' 6 بچوں کی ماں کی گھر میں پراسرار ہلاکت

پولیس نے نعش تحویل میں لیکر مزید قانونی کارروائی شروع کر دی

فیصل آباد (این این آئی) 6 بچوں کی ماں کی گھر میں پراسرار ہلاکت' پولیس نے نعش تحویل میں لیکر مزید قانونی کارروائی شروع کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ 113 ج ب پھلاہی کی رہائشی پروین بی بی کی شادی 16 سال پہلے ظفر سے ہوئی تھی گھریلو حالات کی بناء پر دونوں میں اکثر و بیشتر جھگڑا رہتا تھا حسب معمول جھگڑے کے بعد مذکورہ یہ اپنے گھر میں مردہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

یکم نومبر سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ یکم نومبر سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہو گا، یکم نومبر کو گیس بجلی آٹا چینی انڈے دالیں تیل

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

قائمہ کمیٹی برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا اجلاس مختلف امور پر غور

نسٹ ایک منفرد یونیورسٹی ہے جو اسلام آباد کے ایک پورے سیکٹر میں قائم کی گئی ہے، وفاقی وزیر شبلی فراز

کمیٹی کی نسٹ یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس کے ماسٹر پلان کو قائمہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر سردار محمد شفیق ترین کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے کام اور کارکردگی، متعلقہ ڈیپارٹمنٹ اور کیمپسز کی تفصیل، صوبہ وائز مستقل کنٹریکٹ ملازمین کی تفصیلات، خالی آسامیوں کا جائزہ، سالانہ بجٹ کے ساتھ کم ترقی یافتہ علاقوں کے طلباء کی تعداد، سکالرشپس کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں چیئرمین کمیٹی سینیٹر سردار محمد شفیق ترین و اراکین

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی کوئی ویلفیئر یونین نہیں سیاسی جماعت ہے، چودھری اسلم گل

پارٹی کی جدوجہد پر یقین رکھتا ہوں' پارٹی کے جھنڈے اور ووٹ کو عزت دینی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے این اے 133 سے امیدوار چودھری اسلم گل نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئی ویلفیئر یونین نہیں سیاسی جماعت ہے، پارٹی کی جدوجہد پر یقین رکھتا ہوں۔ پیپلز پارٹی کے جھنڈے اور ووٹ کو عزت دینی ہے، پیپلز پارٹی نے ہمیں جو ذمہ داری دی، بھرپور طریقے سے نبھائیں گے۔ وہ ماڈل ٹاؤن میں پی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر شیری رحمان کا ادارہ شماریات کی مہنگائی متعلق رپورٹ پر شدید تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے ادارہ شماریات کی مہنگائی متعلق رپورٹ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق تباہی سرکار نے مہنگائی کے 70 سالہ ریکارڈ توڑ دیئے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن پریشان نہ ہو، حکومت مضبوط ہے، عثمان بزدار

وزیراعظم عوام کو مہنگائی سے ریلیف کیلئے پیکیج کا جلد اعلان کرینگے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا ہے کہ اپوزیشن پریشان نہ ہو، حکومت ہر صورت 5 سال پورے کرے گی۔ حکومت مضبوط ہے، اپوزیشن صرف واویلا کر رہی ہے۔ حکومت مہنگائی سے نمٹنے کے لئے بہت جلد پیکج کا اعلان کرے گی۔ عوام کے مسائل اور مشکلات کا مکمل احساس ہے۔ وزیراعظم جلد عوام کو مہنگائی سے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

شاہ محمود قریشی کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد/ریاض (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے ریاض میں سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود سے ملاقات کی جس میں سیکرٹری خارجہ سہیل محمود اور سفارتخانے کے سینئر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر خارجہ

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی سابق صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ سول ہسپتال کوئٹہ میں مریض کی عیادت کر رہے ہیں

شوکاز نوٹس پر وفاقی وزیراعظم سواتی ذاتی حیثیت میں الیکشن کمیشن پیش، سماعت گیارہ نومبر تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کی جانب سے شوکاز نوٹس پر وفاقی وزیر اعظم سواتی ذاتی حیثیت میں پیش ہو گئے، سماعت گیارہ نومبر تک ملتوی کر دی گئی۔ منگل کو الیکشن کمیشن میں ممبرز نثار درانی اور شاہ محمد جتوئی پر مشتمل دو رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ وفاقی

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر سینٹرل کی ضلع وسطی کے پولیو ورکرز، ہیلتھ ڈپارٹمنٹ اور انتظامیہ کو مبارکباد

بین الاقوامی سطح کے سروے میں ضلع وسطی کو پولیو کے خلاف مہم میں سرفہرست قرار دیا گیا

کراچی (این این آئی) ضلع وسطی کے پولیو ورکرز، ہیلتھ ڈپارٹمنٹ، انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنر سینٹرل طحہٰ سلیم کے لئے پولیو کے خلاف جہاد میں اہم کردار ادا کرنے پر اہم اعزاز، سندھ بھر میں اوّل پوزیشن حاصل کر لی۔ انسدادِ پولیو مہم کے بارے میں ایک بین الاقوامی سطح کے سروے میں ضلع وسطی کے پولیو ورکرز اور ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کو صوبۂ سندھ میں

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عوامی پریس کلب ٹھٹھہ کے نئے عہدیداران کو صادق میمن کی مبارکباد

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے محکمہ بحالی خصوصی افراد سندھ صادق علی میمن نے عوامی پریس کلب ٹھٹھہ کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے عہدیداران صدر بلاول سموں، سینئر نائب صدر اے بی شورو، نائب صدر واحد بخش شورو، جنرل سیکرٹری عبدالحمید چنڈ و

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک کے معاملات عمران خان نہیں آئی ایم ایف چلا رہا ہے، شاہد خاقان

نیب ترمیمی آرڈیننس بدنیتی پر مبنی ہے، مقصد چیئرمین نیب کو توسیع دینا تھا، سابق وزیر اعظم

ایل این جی ریفرنس، شریک ملزمان کے وکلاء کی نیب آرڈیننس کے تحت ریلیف کی درخواستوں پر دلائل طلب کر لئے

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی وغیرہ کے خلاف ایل این جی ریفرنس میں شریک ملزمان کے وکلاء کی نیب آرڈیننس کے تحت ریلیف کی درخواستوں پر دلائل طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت انتیس نومبر تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت اسلام آباد کے جج اعظم خان نے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی و دیگر کے خلاف ایل این جی ریفرنس کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران شاہد خاقان عباسی اور دیگر عدالت پیش ہوئے، عدالت نے ملزمان کی حاضری لگائی، دوران سماعت ریفرنس کی شریک ملزم

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان ظہور آغا کو وائس چانسلر ڈاکٹر شفیق الرحمٰن کانووکیشن کے موقع پر سووینئر پیش کر رہے ہیں

ڈھاڈر کو امن کا گہوارہ بنانا ہی اصل مشن ہے، محمد نعیم عمرانی

امن وامان کی بحالی کیلئے کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی، اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر

بولان (این این آئی) قیام امن کیلئے محدود وسائل میں رہتے ہوئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے ڈھاڈر کو امن کا گہوارہ بنانا ہی اصل مشن ہے امن وامان کی بحالی کیلئے کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر محمد نعیم عمرانی نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران کہی اس موقع پر اسسٹنٹ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

احتساب عدالت میں آغا سراج کی عدم پیشی

عملہ آوازیں لگاتا رہا مزید سماعت 25 نومبر تک ملتوی

کراچی (این این آئی) کراچی کی احتساب عدالت میں منگل کو آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے ریفرنس کی سماعت میں آغا سراج درانی سمیت 11 ملزمان پیش نہیں ہوئے۔ آغا سراج درانی و دیگر کے خلاف احتساب عدالت میں آمدن سے زائد اثاثے بنانے کے ریفرنس کی سماعت ہوئی، عدالتی عملہ ملزمان کو حاضر ہونے کی آوازیں لگاتا

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

برقع پوش حملہ آور نے تیز دھار آلے کا وار کر کے پولیس اہلکار کو قتل کر دیا

ایک پولیس اہلکار کے قتل اور دوسرے کو زخمی کرنے کا مقدمہ برقعہ پوش نامعلوم ملزم کے خلاف درج

کراچی (این این آئی) بوٹ بیسن کے علاقے کیماڑی گلشن سکندر آباد پولیس چوکی کے قریب تیز دھار آلہ کا وار کر کے قتل کیے جانے والے پولیس اہلکار کو مواچھ گوٹھ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ گزشتہ روز بوٹ بیسن تھانے کے علاقے گلشن سکندر آباد چوکی کے قریب برقعہ پوش نامعلوم ملزم نے حملہ کر کے تیز دھار آلے کے وار سے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاسبان رہنماؤں کی عدالت سے رہائی حق و سچ کی فتح ہے، چیئرمین پاسبان

مقامی پولیس کی جانب سے بنایا گیا مقدمہ جھوٹا اور بوگس ثابت ہوا، رہائی کے بعد پھولوں کی بارش

ٹنڈو آدم (این این آئی) ٹنڈو آدم کی مقامی پولیس کی جانب سے بنایا گیا مقدمہ جھوٹا اور بوگس ثابت ہوا۔ حق و سچ کی فتح ہوئی۔ ٹنڈو آدم پولیس کی ناانصافیوں کا شکار پاسبان رہنماؤں سلطان خاصخیلی، سلیم چیمہ، محمد رمضان انصاری، صحافی غلام جیلانی، عبداللہ بھن و دیگر کو نوابشاہ عدالت سے ضمانت پر رہائی مل گئی۔ رہائی کی خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نسلہ ٹاور گرانے کا فیصلہ عدالت کا ہے، ہم اتفاق نہیں کرتے، ایڈمنسٹریٹر کراچی

عدالت نے دوسرے اداروں کی عمارتوں سے متعلق بھی فیصلہ دیا تھا، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ نسلہ ٹاور گرانے کا فیصلہ عدالت کا ہے، سندھ حکومت اس سے اتفاق نہیں کرتی۔ مرتضیٰ وہاب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ تاثر ہے کہ تمام اختیارات سندھ حکومت کے پاس ہیں مگر ایسا نہیں ہے، ماضی میں کے ایم سی کے خلاف غلط کام کرنے والوں کے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

فیصل آباد' واپڈا کے فائر فائٹنگ سٹاف کو ترقی دینے کا فیصلہ

ملک بھر سے فائر فائٹنگ سٹاف کی سنیارٹی لسٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹس طلب کر لئے

فیصل آباد (این این آئی) واپڈا کے فائر فائٹنگ سٹاف کو ترقی دینے کا فیصلہ' ملک بھر سے فائر فائٹنگ سٹاف کی سنیارٹی لسٹ اور فٹنس سرٹیفکیٹس طلب کر لئے' ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ اے صفدر مہدی رضوی کی طرف سے جاری ہونیوالے مراسلہ میں کہا گیا ہے کہ ملک بھر میں واپڈا کے زیر انتظام فرائض سرانجام دینے والے فائر فائٹنگ سٹاف کو اگلے گریڈ میں ترقی دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کے مطابق لیڈنگ فائرمین کو گریڈ 10 سے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

70 سالہ مہنگائی سے متعلق نیوز رپورٹ گمراہ کن ہے، ترجمان مشیر خزانہ

اگر ماضی پر نگاہ ڈالی جائے تو مختلف ادوار میں مہنگائی کی شرح آج سے کئی زیادہ رہی ہے، بیان

آئندہ آنے والے دنوں میں کھانے کا گھی اور تیل کے ٹیکسز کی شرح کو کم کرنے کے لئے بھی اقدامات کئے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں 70 سالہ مہنگائی سے متعلق نیوز رپورٹ گمراہ کن ہے۔ ترجمان مشیر خزانہ نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان میں 70 سالہ مہنگائی سے متعلق نیوز رپورٹ گمراہ کن ہے جس نے یہ رپورٹ بنائی ہے اسے ستر سال کی تاریخ کا نہ اندازہ ہے اور نہ ہی موجودہ زمینی اور عالمی حقائق سے آگاہی ہے۔ رپورٹ کا عنوان اور مضمون میں دیئے گئے ڈیٹا میں کوئی ربط نہیں ہے، مہنگائی پر تمام ڈیٹا پاکستان بیورو آف شماریات دیتی ہے، عنوان میں ذکر ہے کہ پاکستان میں ستر سالہ مہنگائی کا ریکارڈ ٹوٹ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

این سی او سی کی ہدایات پر کوئٹہ بلوچستان میں ویکسی نیشن کا عمل جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر (NCOC) کی ہدایات پر کوئٹہ بلوچستان میں ویکسی نیشن کا عمل جاری رہا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے تشکیل دی جانے والی ٹیموں نے منگل کو کوئٹہ کے مختلف اسکولوں، کالجوں، پارکوں،

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دولت کی ریل پیل کے بغیر کوئی امیدوار الیکشن میں حصہ نہیں لے سکتا' لیاقت بلوچ

وزیراعظم نے الیکشن کمیشن ہی نہیں دیگر آئینی اداروں سے بھی تصادم کی راہموار کی ہے

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے الیکشن کمیشن ہی نہیں دیگر آئینی اداروں سے بھی تصادم کی راہموار کی ہے۔ حکمرانوں کے اقدامات سے ادارے کمزور ہوئے۔ وزیراعظم کی الیکشن کمیشن پر چڑھائی قابل مذمت ہے۔ موجودہ حکومت نے نیب کو نشانہ بنایا، صوبوں کے حقوق کو پامال کیا۔ پی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جعفر آباد میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام سیرت مصطفیٰؐ کانفرنس کا انعقاد

جعفر آباد (نمائندہ امروز) جعفر آباد میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام الہدی پبلک سکول میں سیرت مصطفیٰ ؟ ' کانفرنس منقعد ہوا سیرت مصطفیٰ ' ؟ کانفرنس میں سکول کے طالبعلموں سمیت دیگر عاشقان رسول نے کثیر تعداد میں شرکت کی سیرت

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم عمران خان نے وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) بدھ طلب کر لیا

وزیراعظم کا دورہ سعودی اور کالعدم جماعت کے احتجاج پر بات چیت کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے وفاقی کابینہ کا اجلاس (آج) بدھ کو طلب کر لیا جس میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کا دورہ سعودی اور کالعدم جماعت کے احتجاج پر بات چیت کی جائے گی، وفاقی کابینہ 16 نکاتی ایجنڈے پر غور کرے گی، کابینہ کو زراعت اور میکنزم کی بہتری اور اس سے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، آل پارٹیز تاجر ولغری اتحاد کے رہنماؤں صادق اچکزئی و دیگر کوژک کے مقام پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

چڑیا گھر میں دستیاب سہولتوں کو مزید بہتر کیا جائے، مرتضی وہاب

کراچی (این این آئی) ایڈمنسٹریٹر کراچی اور سندھ حکومت کے ترجمان و مشیر قانون سندھ بیرسٹر مرتضی وہاب نے کہا ہے کہ شہریوں کو اچھی تفریح مہیا کرنا چاہتے ہیں۔ منگل کو بیرسٹر مرتضی وہاب نے چڑیا گھر کا دورہ کیا اور اجلاس میں شرکت کی گئی، اجلاس کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ ماحولیات کی ٹیم نے فضائی آلودگی پھیلانے پر ایک سائزنگ یونٹ سیل کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) محکمہ ماحولیات کی ٹیم نے فضائی آلودگی پھیلانے پر ایک سائزنگ یونٹ سیل، تین بھٹے زگ زیگ ٹیکنالوجی کے بغیر چلنے پر مالکان کے خلاف مقدمات درج اور مجموعی طور پر 61 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

متحدہ عرب امارات میں دنیا کی سب بڑی ثقافتی، صنعتی وتجارتی نمائش جاری ہے' اسلم اقبال

وزیراعلی سردار عثمان بزدار دوبئی ایکسپو کے دوران حکومت کے انقلابی اقدام پنجاب ایز کا باقاعدہ افتتاح کرینگے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت وتجارت میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں دنیا کی سب بڑی ثقافتی، صنعتی وتجارتی نمائش جاری ہے۔ دوبئی ایکسپو میں پاکستان پویلین کا روزانہ سینکڑوں افراد وزٹ کر رہے ہیں۔ پنجاب حکومت نے ماہ نومبر میں دوبئی ایکسپو میں بھرپور شرکت کے لئے اپنی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ صوبہ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن مہنگائی کا ڈھول پیٹ کر عوام کو بے وقوف نہیں بنا سکتی' فرخ حبیب

حکومت عوامی خدمت کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر پایہ تکمیل تک پہنچا رہی ہے' وزیر مملکت اطلاعات ونشریات

مہنگائی عالمی مسئلہ، کنٹرول کرنے کیلئے وزیراعظم عمران خان اور ان کی ٹیم ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے

فیصل آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات میاں فرخ حبیب نے کہا ہے کہ حکومت عوامی خدمت کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر پایہ تکمیل تک پہنچا رہی ہے ماضی میں جن علاقوں کو نظر انداز کیا گیا تھا انہیں بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہے۔ حلقہ این اے 108 کی تعمیر و ترقی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ فراہمی و نکاسی کے منصوبوں' سڑکوں' گلیوں' پارکوں سکولوں و کالجوں کی اپ گریڈیشن کے علاوہ پارکوں کی تعمیر و مرمت و تزئین و آرائش میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے آسا سنگھ پارک ڈاکٹر چوک

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا بورڈ آف ٹرسٹیز یونشل ایمپلائز گروپ انشورنس فنڈ کی 47 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایچ ای سی کی خصوصی کمیٹی کا دورہ یو ای ٹی، تعلیمی معیار کا جائزہ لیا

کمیٹی کا مختلف ڈیپارٹمنٹس کے نصابی اور غیر نصابی معیار کا جائزہ، کارکردگی اطمینان بخش قرار

لاہور (این این آئی) ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے ایکسٹرنل پرفارمنس ایویلیوایشن کے ذریعے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ آئی پی ای یونیورسٹی کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ لینے کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے۔ جس کے ذریعے جامعات کی اکیڈمک اور نان اکیڈمک کارکردگی کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر عامر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلی عثمان بزدار کا فیصل آباد کا طویل دورہ

9 ارب کے 81 پراجیکٹس کا افتتاح اور سنگ بنیاد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے فیصل آباد کا 6 گھنٹے طویل دورہ کیا اور سیرینا ہوٹل فیصل آباد میں تقریباً 9 ارب روپے کے 81 ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے فیصل آباد آمد کے فوراً بعد چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوٹ پہنچے اور اس کا افتتاح کیا۔ یہ منصوبہ 21 کروڑ کی لاگت سے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لیاقت بلوچ کی چیف الیکشن کمشنر کی ملاقات، انتخابی اصلاحات کا مسودہ حوالے کیا

جماعت اسلامی شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد چاہتی ہے، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ نے سربراہی میں وفد نے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ سے ملاقات کی جس میں جماعت اسلامی نے انتخابی اصلاحات کا مسودہ چیف الیکشن کمشنر کے حوالے کیا۔ الیکشن کمیشن کے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت کی معاشی پالیسیاں اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سمجھ سے بالاتر ہے، سنی تحریک

غریب پہلے ہی غربت اور مہنگائی سے تنگ آ کر بچوں سمیت خودکشیاں کر رہے ہیں، ثروت اعجاز قادری

کراچی (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ حکمران بتادیں غربت ختم کرنا چاہتے ہیں یا غریب کو ختم کرینگی پالیسی پر گامزن ہے، بجلی کی قیمتوں میں اضافہ اور یکم نومبر سے ممکنہ طور پر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت متاثرین نسلہ ٹاور کو متبادل اور زر تلافی کی ضمانت دے' حافظ نعیم الرحمٰن

عدالت کے حکم پر متاثرین کو ان کی رقم ادا کی جائے، نسلہ ٹاور کا دورہ و میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ متاثرین نسلہ ٹاور کو ہر صورت میں متبادل جگہ اور زر تلافی کی ضمانت دے، حکومت ضامن بنے، کیوں کہ اگر بلڈرز پیسے نہ دے تو عوام کس کے پاس جائیں گے، عدالتوں میں

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر اسمبلی قاسم سوری اور سردار خادم حسین وردگ غریب افراد میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جس سے قوم کی تقدیر کو بدلا جا سکتا ہے، اسد قیصر

محنت اور عزم وہ صفات ہیں جو کسی بھی انسان کو اپنے مقاصد حاصل کرنے کے قابل بناتے ہیں، طالبات سے گفتگو

ایک تعلیم یافتہ معاشرے کے قیام کے لیے خواتین کا تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے، موجودہ حکومت خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ تعلیم بالخصوص خواتین کی تعلیم ہی قوم کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا واحد ذریعہ ہے، ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی تعلیم یافتہ خواتین سے جڑی ہوئی ہے، ایک تعلیم یافتہ معاشرے کے قیام کے لیے خواتین کا تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے، موجودہ حکومت خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کرنے والی نصرت بھٹو وویمن یونیورسٹی سکھر کے طلباء اور فیکلٹی ممبر سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نو سالہ زینب زیادتی کیس، ملزم بابر مسیح اور محمد عدنان کو دو دو مرتبہ سزائے موت کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) عدالت نے تھانہ سول لائن کی حدود میں 9 سالہ زینب زیادتی اور قتل کیس کا فیصلہ سنا دیا جس کے مطابق جرم ثابت ہونے پر ملزم بابر مسیح اور محمد عدنان کو دو دو مرتبہ سزائے موت کا حکم

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی ٹیم کی کامیابی کا جشن منانے پر کشمیری طلبہ کیخلاف دہشتگردی کا مقدمہ

طلبہ کے خلاف بھارت کے زیر تسلط کشمیر کی انتظامیہ کے رویے پر کشیدگی بڑھ گئی، میڈیا

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے خلاف پاکستان کی کامیابی کا جشن منانے والے میڈیکل کالجز کے دو طلبہ کے خلاف انسداد دہشت گردی کے مقدمات دائر کر دیے گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق طلبہ سری نگر میں گورنمنٹ میڈیکل کالج اور شیر کشمیر انسٹی ٹیوٹ میڈیکل سائنسز میں زیر تعلیم ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

یکم نومبر سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ساڑھے 9 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) یکم نومبر سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ساڑھے 9 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ اوگرا ذرائع کے مطابق یکم نومبر سے پیٹرول کی قیمت میں 8 روپے روپے فی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مالی سال 2022 کی پہلی سہ ماہی میں آئی ٹی برآمدات میں 42 فیصد اضافہ

جولائی سے ستمبر تک پاکستان کی انفارمیشن ٹیکنالوجی اور آئی ٹی سے متعلق سروس کی برآمدات 63 کروڑ 50 لاکھ ڈالرز رہی

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کی انفارمیشن ٹیکنالوجی کی برآمدات میں سالانہ 42 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جولائی سے ستمبر تک پاکستان کی انفارمیشن ٹیکنالوجی اور آئی ٹی سے متعلق سروس کی برآمدات 63 کروڑ 50 لاکھ ڈالرز رہی جو گزشتہ سال اس عرصے میں 44 کروڑ 50 لاکھ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف (آج) یوم سیاہ منایا جائے گا

کراچی (این این آئی) کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی و غیر اخلاقی قبضے کے خلاف ہر سال کی طرح اس سال بھی 27 اکتوبر کو پاکستان بھر میں یوم سیاہ منایا جائے گا۔ وزارت امور کشمیر کی جانب سے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نسلہ ٹاور کے ساتھ پورے کراچی کو بم سے اڑا دیں، خواجہ اظہار

رہائشیوں کو بے گھر کرنے سے پہلے متبادل انتظام کیا جائے، عامر خان کی متاثرین سے گفتگو

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی خواجہ اظہار الحسن نے نسلہ ٹاور منہدم کرنے کے عدالتی فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ نسلہ ٹاور کے ساتھ پورے کراچی کو بم سے اڑا دیں۔ منگل کو ایم کیو ایم رہنماؤں نے نسلہ ٹاور کے رہائشیوں سے ملاقات کی اور اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ن لیگ کی مہنگائی کیخلاف پنجاب اسمبلی کے باہر احتجاجی ریلی، مظاہرہ

احتجاج میں اراکین اسمبلی اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی، شرکاء ہاتھوں میں کتبے اٹھا کر حکومت اور مہنگائی کیخلاف نعرے لگاتے رہے

عوام کے استعمال کی اشیاء پر سبسڈی دینا تو دور کی بات، ہر چیز پر 12 سے 17 فیصد تک ٹیکس بڑھا دیا گیا ہے' عظمیٰ بخاری کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام مہنگائی، پیٹرولیم، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف پنجاب اسمبلی کے باہر احتجاجی ریلی نکالی گئی اور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، احتجاج میں اراکین صوبائی اسمبلی اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی، شرکاء ہاتھوں میں کتبے اٹھا کر حکومت اور مہنگائی کے خلاف نعرے لگاتے رہے، ریلی اور احتجاج کے باعث ڈیوٹی فری شاپ اور ملحقہ شاہراہوں پر ٹریفک کا نظام معطل رہا۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی جانب سے مہنگائی، بیروزگاری، پیٹرولیم، بجلی اور گیس کی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں